تھوڑی دیر کے بعد وہ کمرہ جس میں ٹھنڈک تھی اور بڑا آرام دہ معلوم ہو رہا تھا، آہستہ آہستہ اس کی ٹھنڈک مغلوب ہو جائے گی اور آگ کی گرمی اس پر غالب آجائے گی اور کمرے میں دھواں بھر جائے گا، کمرے کے اندر کی حالت باہر سے زیادہ خراب ہو جائے گی، سانس لینا مشکل ہو جائے گا اور اے سی بھی اپنا کام کرنا چھوڑ دے گا، وہ کمرہ نہایت سخت گرم ہو جائے گا اور نہایت تکلیف دہ ہو جائے گا اور دم گھٹنے لگے گا، وہ شخص اس کمرے سے نکلنے پر مجبور ہو جائے گا اور وہ کہے گا کہ میرے لئے تو باہر کی گرمی اس سے اچھی ہے اور ایک دم اس کمرے سے نکل کر بھاگے گا۔

یہ مثال دے کر فرمایا کہ پہلے جب وہ دھوپ میں کھڑا تھا، وہ اس کے گناہوں کی ابتداء تھی، جب اس نے توبہ کی اور اعمال صالحہ اختیار کئے تو گویا وہ اے سی والے کمرے میں آگیا، ایسے اعمال صالحہ جس کے ساتھ گناہ نہ ہوں، اے سی والا کمرہ اس کا نمونہ ہے، اس میں آرام ہے، راحت ہے، اس میں چین ہے، سکون ہے، گرمی کا بھی پتہ نہیں، گھنٹوں سو جائے تب بھی پرواہ نہیں ہے۔ اور جب اس نے کمرے میں دو انگیٹھیاں رکھ لیں تو یہ بد پرہیزی کی مثال ہے، یعنی اس شخص نے آرام و راحت میں آنے کے بعد دوبارہ گناہ

کرنے شروع کر دیے، اب اس نے اعمال صالحہ کے ساتھ بداعمالیوں کو بھی شامل کرنا شروع کر دیا، گناہوں کا ارتکاب بھی شروع کر دیا، فسق و فجور بھی شروع کر دیا، ایک طرف وہ نماز بھی پڑھتا ہے، روزہ بھی رکھتا ہے، زکوۃ بھی دیتا ہے، حج بھی کر رکھا ہے، ذکر بھی کرتا ہے، قرآن کریم کی تلاوت بھی کرتا ہے، عزیز و اقارب کے ساتھ صلہ رحمی بھی کرتا ہے، صدقہ خیرات بھی کرتا ہے، مگر ان نیک کاموں کے ساتھ ساتھ وہ ٹی وی بھی دیکھتا ہے، فلمیں بھی دیکھتا ہے، گانے بھی سنتا ہے، ڈرامے بھی دیکھتا ہے، بدنگاہی بھی کرتا ہے، جھوٹ بھی بولتا ہے، غیبت بھی کرتا ہے، بدزبانی بھی کرتا ہے، الزام تراشی بھی کرتا ہے، تہمتیں بھی لگاتا ہے، بے جا مذاق بھی کرتا ہے، ماں باپ کو بھی ستاتا ہے، بیوی بچوں پر بھی زیادتی کرتا ہے، اہل حقوق کے حقوق میں کوتاہیاں بھی کرتا ہے، تو یہ شخص ایسا ہی ہے جیسے اے سی والے بند کمرے میں انگیٹھیاں رکھنے والا، جس طرح انگیٹھیاں رکھنے والے نے اے سی والے کمرے کی افادیت کو ختم کر دیا، اسی طرح جو شخص نیک اعمال کے ساتھ گناہوں سے نہ بچے تو وہ بھی اپنے دل کے سکون کو برباد کرنے والا ہے اور راحت کو برباد کرنے والا ہے، لیکن اگر گناہوں سے بچنے کا اہتمام کرے اور توبہ کر لے تو پھر اس کو راحت و سکون حاصل ہو جائے گا۔ اس سے معلوم ہوا کہ راحت حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ بد پرہیزی سے بچے، جسمانی بیماری ہو یا روحانی بیماری ہو، دونوں میں دوا کے ساتھ ساتھ پرہیز

کرنا ضروری ہے۔

اسی لئے لوگوں کو اللہ والوں کی صحبت میں جانے کے بعد فائدہ نہیں ہوتا، کوئی بیس سال سے، کوئی دس سال سے، کوئی پانچ سال سے اللہ والوں کی خدمت میں آرہا ہے، بیان بھی سنتا ہے اور ان کی صحبت بھی اٹھاتا ہے، لیکن ان کی زندگی میں کوئی اثر نظر نہیں آتا، یاد رکھئے! اس کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے اور اس زمانے میں عام لوگوں میں یہ بات دیکھنے میں بھی آرہی ہے کہ اللہ والوں کی صحبت میں آنے جانے سے لوگ چند معمولات کے تو پابند ہو جاتے ہیں، کچھ نیک اعمال کی بھی توفیق ہونے لگتی ہے، لیکن وہ لوگ گناہوں سے بچنے کی کوشش اور اس کا اہتمام نہیں کرتے۔

اگر بدنگاہی کے گناہ میں پہلے مبتلا تھے، تو اب بھی مبتلا ہیں، جب داڑھی کالی تھی تو اس وقت بھی بدنگاہی کے عادی تھے، پھر جب داڑھی آدھی کالی اور آدھی سفید ہوگئی تو پھر بھی بدنگاہی ہو رہی ہے، بوڑھے بھی اس گناہ کے اندر مبتلا ہیں، ادھیڑ عمر والے بھی اس گناہ کے اندر مبتلا ہیں، جوان بھی مبتلا ہیں، نوجوان بھی مبتلا ہیں، اسی طرح دوسرے گناہوں کا معاملہ ہے کہ لین دین کے اندر صفائی نہیں ہے، معاملات کے اندر صفائی نہیں ہے، جھوٹ بولنے کی عادت ہے، غیبت کرنا تو عام بات ہے، ٹی وی دیکھنا تو کوئی گناہ ہی نہیں سمجھا جاتا، لہٰذا یہ بات تو دیکھنے میں آتی ہے کہ کچھ نیک اعمال تو کر لیتے ہیں لیکن گناہ نہیں چھوڑتے۔

بہرحال! ان اعمال صالحہ کو ذکر کرنے کا مقصد یہ ہے کہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ کچھ نیک اعمال کر لینے کے بعد کچھ اور کرنے کی ضرورت نہیں، یادرکھئے ان کے علاوہ بھی بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے ساتھ ساتھ پرہیز اور زیادہ اہم اور ضروری ہے، چنانچہ پہلے زمانے میں جو لوگ اللہ والوں کے پاس جایا کرتے تھے، وہ نفلوں کا تو زیادہ اہتمام نہیں کرتے تھے، مگر سب سے زیادہ گناہوں سے بچنے کا اہتمام کرتے تھے، اس لئے ان کو فائدہ بہت جلد ہوتا تھا اور وہ لوگ بہت جلد اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کر لیتے تھے۔ یادرکھو! گناہ چھوڑے بغیر اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل نہیں ہوسکتا، چاہے آدمی تسبیحات زیادہ نہ پڑھے، تلاوت زیادہ نہ کرے، نفلی عبادت زیادہ نہ کرے، لیکن گناہوں سے زیادہ بچے، جو شخص گناہوں سے بچے گا، اس کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت ہے۔

چنانچہ ایک حدیث میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اتق المحارم تكن اعبد الناس

فرمایا کہ تو حرام اور ناجائز کاموں سے بچ، سب سے زیادہ عبادت گزار بن جائے گا۔ اب اس سے بڑھ کر اور بشارت کیا ہوگی؟ ایک شخص ایک ہزار رکعت نفل پڑھتا ہے اور دوسرا آدمی ایک غیبت سے بچتا ہے تو یہ ایک غیبت سے بچنے والا ایک ہزار رکعت نفل پڑنے والے سے افضل ہے۔ ایک آدمی ایک ہزار روزے رکھتا ہے اور دوسرا آدمی ایک جھوٹ سے بچتا ہے،

یہ ایک جھوٹ سے بچنے والا ایک ہزار روزے رکھنے والے سے افضل ہے۔ وجہ یہ ہے کہ ایک ہزار نفل اور ایک ہزار روزے یہ سب مستحب ہیں اور نفل ہیں اور حرام سے بچنا فرض ہے، ظاہر ہے کہ فرض نفل سے افضل ہے، اب اگر کوئی آدمی فرض کی ادائیگی میں تو کوتاہی کرے اور نفل کا اہتمام کرے تو یہ کوئی عقل مندی نہیں، عقل مندی کا تقاضا یہ ہے کہ فرائض کا پہلے اہتمام کرے اور اس کے ساتھ ساتھ نوافل کا بھی اہتمام رکھے، اس لئے کہ دونوں کا اہتمام کرنا نور علیٰ نور ہے، اس شخص کی کامیابی یقینی ہے۔

صبح و شام سورۂ یٰسین کا معمول بنائیں

یہ سارے فضائل و برکات اس لئے بیان کیے گئے ہیں تا کہ جو لوگ پہلے سے سورۂ یٰسین شریف پڑھتے ہیں، وہ اور زیادہ توجہ اور دھیان سے پڑھیں اور جو لوگ نہیں پڑھتے، وہ پڑھنا شروع کر دیں۔ اس کے معمول کے بارے میں عرض کروں گا کہ اس کو ایک مرتبہ صبح اور ایک مرتبہ شام کو پڑھا کریں، اس لئے کہ احادیث میں صبح اور شام کو پڑھنے کی الگ الگ فضیلت آئی ہے، لہٰذا اگر یہ نفلی عمل صبح شام ہو تو بہتر ہے، تا کہ صبح کی فضیلت بھی حاصل ہو اور شام کی فضیلت بھی حاصل ہو اور اگر کوئی شخص ایک ہی مرتبہ پڑھے تو پھر بہتر یہ ہے کہ صبح کے وقت پڑھ لیا کرے لیکن اگر کسی وجہ سے صبح نہ پڑھ سکے تو پھر شام ہی کو پڑھ لے، شام کو پڑھنے کا موقع نہ ملے تو رات کو پڑھ

لے، لیکن پڑھے ضرور، ناغہ نہ کرے۔

سورۂ یٰسین یاد کرلیں

حافظوں کو اس کا پڑھنا کیا مشکل ہے، وہ تو مسجد میں جاتے ہوئے اور واپس آتے ہوئے پڑھ لیں، اللہ تعالیٰ نے تو ان کو بہت بڑی دولت عطا فرمائی ہے، اس لئے ان کے لئے تو یہ کوئی مشکل کام نہیں، اور جن کو زبانی یاد نہیں، وہ اس کو زبانی یاد کرلیں۔ سورۂ یٰسین تو ایسی سورۃ ہے کہ ہر مؤمن کے دل میں محفوظ ہونی چاہئے، تاکہ جو شخص جہاں کہیں بھی ہو، چاہے گھر پر ہو یا سفر پر ہو، وہ اس کی تلاوت سے محروم نہ رہے۔

سورۂ یٰسین یاد کرنے کا طریقہ

سورۂ یٰسین شریف کو زبانی یاد کرلینا کوئی مشکل کام نہیں ہے، کیونکہ سورۂ یٰسین شریف کو ایک ہی دن میں یاد کرنا ضروری نہیں، بلکہ روزانہ ایک ایک آیت یاد کرلے، ایک دن ایک آیت یاد کرے، دوسرے دن دوسری آیت، تیسرے دن تیسری آیت، سورۂ یٰسین کی جتنی آیتیں ہیں، اتنے دن میں سورۂ یٰسین یاد ہو جائے گی انشاء اللہ۔ بالفرض اگر کسی کو سورۂ یٰسین یاد نہیں ہوتی تو نہ سہی، اس لئے کہ زبانی یاد کر کے سورۂ یٰسین پڑھنا کوئی ضروری نہیں، بلکہ وہ تو آسانی اور سہولت کے لئے ہے، وہ بھی ایک نعمت ہے، ایسی

صورت میں چھوٹے سائز میں جو سورہ یٰسین ملتی ہے، وہ ہر وقت اپنے ساتھ رکھے، اس میں دیکھ کر پڑھ لیا کرے یا قرآن شریف میں دیکھ کر پڑھ لیا کرے، ہر جگہ قرآن شریف موجود ہیں، گھروں میں بھی قرآن شریف موجود ہیں۔ البتہ اگر سورہ یٰسین شریف کو اپنی جیب میں رکھیں تو پھر بیت الخلاء میں جاتے وقت اسکو نکال کر جائیں، بیت الخلاء میں ساتھ لے کر جانا بے ادبی کی بات ہے۔

اللہ تعالیٰ اس سورۃ کو یاد کرنے اور پھر اس کو ہمیشہ پڑھتے رہنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

سورۂ ملک کے فضائل

عذاب قبر کو دور کرنے والی سورۃ

سورۂ تبارک الذی کی یہ فضیلت بتائی گئی ہے کہ یہ قبر کے عذاب کو روکنے والی ہے اور قبر کے عذاب کو دور کرنے والی ہے، چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ سرکار دو عالم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی شخص قبر کے اندر رکھا جاتا ہے تو اس کے سر کی جانب سے عذاب آتا ہے، میت کا سر اس عذاب سے کہتا ہے کہ خبردار جو تو یہاں سے آگے بڑھا، خبردار جو تو نے اس کو عذاب دینے کی کوشش کی، اس لئے کہ یہ میت "تبارک الذی" پڑھنے والے کی ہے، یہاں سے تم کو عذاب دینے کا موقع نہیں مل سکتا، اس لئے پیچھے ہٹ جاؤ۔ وہ عذاب یہ سن کر پیچھے ہٹ جاتا ہے اور گھوم کر میّت کے سینے کی جانب سے آنے کی کوشش کرتا ہے تو اس کا سینہ اس عذاب سے کہتا ہے کہ خبردار جو تو یہاں سے آگے بڑھا اور اس کو عذاب دینے کی کوشش کی، تجھے معلوم ہے کہ یہ "تبارک الذی" پڑھنے والے کی میت ہے، یہاں سے تجھ کو عذاب دینے کا موقع نہیں مل سکتا، دور ہٹ جا۔ چنانچہ وہ عذاب دور ہٹ جاتا ہے، پھر وہ عذاب میت کے پیروں

کی جانب سے آتا ہے، تاکہ وہاں سے اس کو عذاب دے، تو اس کے پیر کہتے ہیں کہ ادھر مت آنا، خبردار جو تو یہاں سے آگے بڑھا، یہ میت ''تبارک الذی'' پڑھنے والے کی ہے، اس کو عذاب دینے کی کوئی صورت نہیں ہے، دور ہٹ جا، چنانچہ وہ عذاب دور ہٹ جاتا ہے۔

اب بتایئے! اس سے بڑھ کر کیا وضاحت ہو سکتی ہے کہ یہ ''سورۂ تبارک الذی'' کس طرح قبر کے عذاب کو دور کرنے والی ہے اور میت کو قبر کے عذاب سے بچانے والی ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک آدمی سے فرمایا: کیا میں تجھے ایسی حدیث تحفہ میں نہ دوں جس سے تو خوش ہو جائے؟ اس نے عرض کیا کیوں نہیں، تو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: آپ سورۂ **تَبَارَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ** پڑھیں اور یہ (سورۃ) آپ اپنے گھر والوں، اپنے تمام بچوں اور ہمسایوں کو سکھائیں، اس لئے کہ یہ (سورۂ ملک) عذابِ قبر سے بچانے والی ہے اور اپنے پڑھنے والے کے لئے قیامت کے دن اپنے رب کے ہاں جھگڑا کرنے والی ہے اور اپنے پڑھنے والے کے لئے جہنم کے عذاب سے نجات کا مطالبہ کرے گی اور اس کا پڑھنے والا قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا۔ پھر فرمایا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ یہ (سورۃ) میری امت کے ہر آدمی کے دل میں ہو۔ (رواہ الطبرانی و الحاکم)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ اصحابِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم میں سے کسی صحابی نے ایک قبر کے اوپر خیمہ لگا لیا اور انہیں معلوم نہ تھا کہ یہ قبر ہے، چنانچہ وہ کسی ایسے شخص کی قبر تھی جو سورہ تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ کی تلاوت کر رہے تھے، یہاں تک کہ انہوں نے سورۃ پوری ختم کر لی (اور یہ صحابی سنتے رہے، جب یہ ختم ہوگئی تو) وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے اپنا خیمہ قبر کے اوپر لگایا تھا، مجھے علم نہیں تھا کہ یہ کوئی قبر ہے، چنانچہ وہ ایسے شخص کی قبر تھی جو سُوْرَةُ الْمُلْكِ کی تلاوت کر رہے تھے، یہاں تک کہ انہوں نے پوری سورۃ پڑھ کر ختم کر دی۔ (یہ سن کر) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ سورۃ (عذاب) کو روکنے والی ہے اور یہ مُنْجِیَةٌ ہے یعنی عذابِ قبر سے نجات دلاتی ہے۔ (رواہ الترمذی)

عذابِ قبر دور ہونے کا ایک واقعہ

اسی طرح کا ایک واقعہ ”نزھۃ البساتین“ میں لکھا ہے کہ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ میں ایک میت کے ساتھ قبرستان گیا، جب میت کو دفنا کر فارغ ہوئے اور واپس ہونے لگے تو اچانک ایک قبر سے دھماکہ کی آواز سنائی دی، سب لوگ ڈر گئے اور خوف کی وجہ سے سب کے چہرے کا رنگ فق ہوگیا، ابھی سب لوگ خوف کی وجہ سے ایک دوسرے کو دیکھ ہی رہے تھے کہ اچانک

وہ قبر پھٹ گئی اور قبر میں سے ایک کالا کتا باہر نکلا، ان بزرگ نے اس کتے سے پوچھا کہ کمبخت تو کون ہے اور یہاں کیا کرنے آیا تھا اور کہاں سے آیا؟ اور یہ دھماکے کی آواز کس کی تھی؟ اس کتے نے جواب دیا کہ میں اس میت کی بداعمالیاں اور گناہ ہوں، مرتے ہی اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ شکل دیدی جو تم دیکھ رہے ہو اور میں اس کو قبر میں عذاب دینے آیا تھا، جیسے ہی میں عذاب دینے کے لیے اندر داخل ہوا تو اتنے میں سورۂ یٰسین شریف اور سورۂ تبارک الذی قبر کے اندر آگئیں اور انہوں نے کہا کہ خبردار! جو تو نے اس کو ہاتھ لگایا، ہم تجھے اس کو عذاب دینے نہیں دیں گے، کیونکہ یہ زندگی میں ہماری تلاوت کرتا تھا، ان کے ہاتھ میں لوہے کا ایک گُرز تھا، چنانچہ جب میں نے عذاب دینے کی کوشش کی تو انہوں نے وہ گُرز مجھے زور سے مارا، وہ آواز اسی گُرز کی تھی، اور اتنے زور سے وہ گُرز مارا کہ میرے لئے قبر سے نکل کر بھاگنے کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا اور مجھے اپنی جان بچانے کی فکر ہوگئی۔

عذاب قبر برحق ہے

بہر حال! اس سورۂ ملک (تبارک الذی) کے بارے میں احادیث میں ایک خاص بات یہ بیان کی گئی ہے کہ یہ سورۃ عذاب قبر سے بچانے والی ہے۔ یہ اس سورۃ کی بہت بڑی فضیلت ہے، اس لئے کہ قبر کا عذاب برحق ہے اور قبر کا ثواب برحق ہے اور قبر کے عذاب اور ثواب کے اتنے بے شمار

واقعات پیش آچکے ہیں کہ اس کے بعد عذاب قبر کا انکار خلاف عقل ہے، جیسے یہ بات خلاف عقل ہے کہ دن میں سورج نہیں نکلتا یا چودھویں رات کو چاند نہیں ہوتا، کوئی آدمی اس کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہے، اسی طرح قبر کا عذاب بھی برحق ہے اور قبر کا ثواب بھی برحق ہے، اگر کوئی شخص قبر کے عذاب یا ثواب کو نہیں مانتا تو ایسا شخص گمراہ ہے اور جب قبر کا عذاب اور ثواب برحق ہے تو جو چیز بھی عذاب قبر سے بچنے کا ذریعہ بنے، وہ ہمارے لئے نہایت مفید ہے۔

عذاب قبر کا ایک واقعہ

عذاب قبر کا ایک واقعہ اس وقت میرے ذہن میں آرہا ہے، وہ سنا دیتا ہوں، یہ بغداد کا واقعہ ہے، بغداد میں ایک لوہار تھا، اس کا یہ کام تھا کہ وہ پرانا لوہا خریدتا اور اس کو بھٹی میں ڈال کر نرم کرتا، پھر اس کے ذریعہ کیل، کانٹے، چھری، چاقو، درانتیاں اور مختلف اوزار بنا کر بیچتا تھا، اس نے یہ واقعہ سنایا جو کتابوں میں درج ہے کہ ایک مرتبہ میرے پاس ایک شخص لوہے کی بڑی بڑی کیلیں لے کر آیا اور اس کو لا کر مجھے فروخت کر دیں، میں نے خرید لیں اور اس کو پیسے دیدیے، وہ شخص چلا گیا، اس کے بعد میں نے ان کیلوں کو بھٹی کے اندر گرم کیا، تا کہ اس کو نرم کر کے اس کے ذریعہ ضرورت کے مطابق اوزار بناؤں، لیکن میں، نے دیکھا کہ آگ کا ان کیلوں پر ذرہ برابر اثر نہیں ہو رہا

ہے، کیونکہ وہ کیلیں آگ پر گرم کرنے کی وجہ سے آگ کا انگارہ بن گئیں، لیکن جب میں نے اس پر ہتوڑے سے چوٹ ماری تو اس پر ذرّہ برابر اثر نہیں ہوا، میں یہ دیکھ کر حیران رہ گیا، اس لئے کہ زندگی میں میں نے کبھی ایسا سخت لوہا نہیں دیکھا، چنانچہ میں ان کیلوں کے ذریعہ دوسرے اوزار بنانے سے عاجز آ گیا اور میرے پیسے ضائع ہو گئے۔

میں نے دو چار آدمیوں سے اس کا تذکرہ کیا تو انہوں نے کہا کہ جس نے یہ کیلیں تمہیں فروخت کی ہیں، اس کو واپس کر دو، میں نے کہا کہ وہ تو بیچ کر چلا گیا، اب میں اس کو کیسے واپس کروں؟ لوگوں نے کہا کہ ارے وہ شخص بغداد ہی کا رہنے والا ہوگا، تلاش کرو، میں نے اس شخص کو تلاش کرنا شروع کیا، کبھی اس بازار میں تلاش کرتا، کبھی دوسرے بازار میں تلاش کرتا کہ شاید وہ شخص مجھے مل جائے تو میں اس سے کہوں کہ یہ کیلیں واپس لے جاؤ، یہ میرے کام کی نہیں ہیں اور اس سے پوچھوں کہ تم یہ کیلیں کہاں سے لائے تھے؟ چنانچہ ایک دن وہ شخص مجھے ایک دکان پر بیٹھا مل گیا، میں فوراً اس کے پاس گیا اور اس سے کہا کہ تم جو کیلیں مجھے فروخت کر کے چلے گئے، اللہ کے بندے! وہ معلوم نہیں کس دنیا کا لوہا ہے، وہ پگھل کر نہیں دیتا، تم کہاں سے لائے تھے؟ تم وہ کیلیں واپس لیلو اور میرے پیسے واپس دو اور سچ بتاؤ کہ تم وہ کیلیں کہاں سے لائے ہو؟ اس نے کہا کہ تم نے حقیقت پوچھ لی ہے تو میں تم کو بتا دیتا ہوں، ورنہ یہ بتانے کی بات نہیں ہے۔

پھر اس نے تفصیل بتائی کہ میں دراصل چور ہوں اور قبرستان میں مُردوں کی چوری کرتا ہوں جو مجھے کچھ نہیں کہتے ، میں زندوں کی چوری نہیں کرتا، اس لئے کہ وہ پکڑ لیتے ہیں، چنانچہ میں قبر کھولتا ہوں اور جو کچھ اس کے اندر ملتا ہے، لے لیتا ہوں اور اپنا کام چلالیتا ہوں۔ ایک دن میں نے اپنی عادت کے مطابق ایک پرانی قبر کو کھولا تو میں یہ دیکھ کر حیران رہ گیا. کہ اس مُردے کے سر سے لیکر پاؤں تک اس کی ہڈیوں میں لوہے کی یہ بڑی بڑی کیلیں گڑی ہوئی تھیں۔ العیاذ باللہ۔ پہلے پہل تو میں بھی ڈر گیا اور پھر میں نے ان کیلوں کو نکالنے کی کوشش کی، اس خیال سے کہ ان کو فروخت کر کے اپنا گزارا کروں گا، چنانچہ میں نے زنبور اور پلاس سے ان کیلوں کو نکالنے کی بہت کوشش کی لیکن یہ اپنی جگہ سے نہ ہلیں، بالآخر میں نے ایک بڑے پتھر سے اس مُردے کی ایک ایک ہڈی کو چکنا چور کیا، تب یہ نکلیں، اس طرح میں نے یہ کیلیں حاصل کی ہیں۔

یہ درحقیقت اس میّت کا عذاب تھا اور یہ عذاب اتنا خوف ناک تھا کہ اس کی ہڈیوں کے اندر لوہے کی کیلیں گاڑی گئی تھیں، قبر کا عذاب اصل تو روح کو ہوتا ہے لیکن ساتھ ساتھ جسم کو بھی ہوتا ہے۔ اور یہ کیلیں دنیا کے لوہے کی نہیں تھیں بلکہ آخرت کے لوہے کی تھیں، اسی وجہ سے دنیا کی آگ نے اس پر کوئی اثر نہیں کیا۔ یہ ہے قبر کا عذاب جو برحق ہے، اس سے ہم سب کو ڈرنا چاہیے۔

عذاب قبر نظر آنا ضروری نہیں

بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہم جب قبر کھولتے ہیں تو ہمیں وہاں کوئی عذاب نظر نہیں آتا۔ بات دراصل یہ ہے کہ ہمیں قبر کا عذاب نظر آنا ضروری نہیں، اس لئے کہ ہماری نظروں کے سامنے پردہ ہے، لہٰذا قبر میں جو عذاب اور ثواب ہوتا ہے، وہ ہمیں نظر نہیں آتا، اس میں اللہ تعالیٰ کی کوئی حکمت اور مصلحت ہے، بلکہ اگر کسی شخص کو قبر کے اندر دفن ہی نہ کیا جائے، مثلاً کوئی شخص آگ میں جل کر کوئلہ ہو جائے اور راکھ بن جائے، یا مثلاً ایکسیڈنٹ کے نتیجے میں وہ بالکل قیمہ بن جائے یا سمندر میں ڈوب جائے، پھر بھی اس کو عذابِ قبر ہوگا۔

عذاب روح کو ہوتا ہے

وجہ اس کی یہ ہے کہ اصل عذاب روح کو ہوتا ہے اور روح کبھی مُردہ نہیں ہوتی اور فنا نہیں ہوتی بلکہ وہ بدستور باقی رہتی ہے اور اسی کو عذاب ہوتا ہے، البتہ اس عذاب کا تعلق اس کے جسم کے ساتھ بھی قائم کر دیا جاتا ہے، چاہے وہ جسم جہاں کہیں ہو اور جس حالت میں ہو، چاہے اس کے جسم کو جانوروں نے کھالیا ہو یا مچھلیوں نے نگل لیا ہو، وہیں پر اس کو عذاب کا احساس ہوگا، کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر صورت میں عذاب دینے پر قادر ہیں، اس

لئے قبر کے عذاب سے ڈرنے کی ضرورت ہے۔

عذاب قبر کا ایک اور واقعہ

ایک بزرگ کہتے ہیں کہ میرے پاس میرے ایک دوست ملنے کے لئے آئے، میں نے ان سے کہا کہ ہمارے پڑوس میں ایک شخص کے بھائی کا انتقال ہوگیا ہے، آؤ اس کی تعزیت کرنے چلیں، اس لئے کہ تعزیت کرنا مسلمان کا حق ہے۔ چنانچہ ہم دونوں اس پڑوسی کے گھر گئے، ہم نے جا کر اس کی تعزیت کی اور اس کو تسلی دی کہ اللہ تعالیٰ تم کو صبر کی توفیق دے اور اللہ تعالیٰ تمہارے بھائی کی مغفرت فرمائے، آمین۔ اور یہ صبر کرنے کا موقع ہے، صبر کرنے کی بڑی فضیلت ہے۔ ہم اس کو تسلی دیتے رہے مگر وہ مسلسل روتا رہا اور اس کو صبر ہی نہیں آرہا تھا بلکہ ہم اس کو جتنی تسلی دیں، وہ اور زیادہ رونا شروع کر دیتا، ہم اس کے اس انداز پر بہت حیران ہوئے اور ہم نے اس سے کہا کہ سب کے بھائی مرا کرتے ہیں، کسی کے ماں باپ مر جاتے ہیں، کسی کی اولاد کا انتقال ہو جاتا ہے، کون سا گھر ہے جس میں کسی کا انتقال نہ ہوا ہو؟ لیکن تمہیں اتنا رونا کیوں آرہا ہے؟

اس پر اس نے کہا کہ بات دراصل یہ ہے کہ میرے ساتھ واقعہ ہی ایسا پیش آیا ہے کہ اس کے نتیجے میں مجھے کسی طرح صبر نہیں آرہا ہے۔ ہم نے اس سے پوچھا کہ بتاؤ تمہارے ساتھ کیا معاملہ پیش آیا؟ اس پر اس نے

بتایا کہ قصہ یہ پیش آیا کہ جس وقت ہم اپنے بھائی کو دفنا کر فارغ ہوئے اور قبرستان سے واپس ہوئے تو ابھی ہم چند قدم ہی چلے تھے کہ قبر کے اندر سے میرے بھائی کے چلانے کی آواز آئی اور چیخنے اور ہائے ہائے کرنے کی آواز آئی، میں اس کی آواز سن کر کانپ گیا اور میں نے کہا کہ یہ میرے بھائی کی آواز ہے، میرے بھائی کو کیا ہوگیا؟ اس وقت سب لوگوں پر خوف طاری ہوگیا اور ایک دوسرے کو خوف سے دیکھنے لگے کہ کیا ماجرا ہے؟ میں نے کہا کہ میں تو اپنے بھائی کی قبر کھولوں گا، لوگوں نے کہا کہ ایسا نہ کرو، جو ہونا تھا وہ ہوگیا، اب واپس چلو، اتنی دیر میں دوبارہ مجھے اپنے بھائی کی چیخ سنائی دی، اس آواز سے یہ اندازہ ہوا کہ اس کو بہت زیادہ تکلیف ہورہی ہے، میں نے لوگوں سے کہا کہ میں تو قبر کھول کر دیکھوں گا کہ کیا بات ہے؟ ابھی تو میں نے اس کو صحیح سالم قبر میں رکھا ہے، اسکو کیا ہوگیا، لوگوں نے پھر مجھے منع کیا کہ قبر کھولنا ٹھیک نہیں ہے، جو ہونا تھا وہ ہوگیا، اب وہ جانے اور اللہ تعالیٰ جانے، تم گھر واپس چلو۔ میں نے کہا کہ میں کیسے جاسکتا ہوں؟ اتنی دیر میں مجھے تیسری مرتبہ اپنے بھائی کی آواز سنائی دی، بس اس وقت میں دیوانہ وار اپنے بھائی کی قبر کی طرف لپکا اور جلدی جلدی اس کی قبر کی مٹی ہٹائی اور قبر کھولی اور اندر کود گیا، اندر جا کر یہ دیکھا کہ میرے بھائی کے گلے میں انگاروں کا ہار پڑا ہوا ہے اور اس کی وجہ سے میرا بھائی چیخ رہا ہے اور اس کی تپش اور جلن کی وجہ سے میرا بھائی بے چین اور بے قرار ہے،

چنانچہ یہ دیکھ کر بے ساختہ میرا ہاتھ آگے بڑھا کہ اس ہار کو دور کردوں تاکہ میرے بھائی کی تکلیف دور ہو جائے، اب جونہی میرا ہاتھ ان انگاروں کے قریب ہوا تو میرے ہاتھ کی پانچوں انگلیاں جل کر کوئلہ ہو گئیں۔ پھر اس نے اپنا ہاتھ جیب سے نکال کر دکھایا تو واقعۃً صرف اس کی ہتھیلی باقی تھی اور انگلیاں غائب تھیں۔ اور اس کی وجہ سے میری چیخیں نکل گئیں، پھر میں نے اپنے بھائی کو اسی حالت میں چھوڑا اور قبر سے نکل کر بھاگا، پھر لوگوں نے اس قبر کو دوبارہ بند کر دیا۔

اب ایک طرف تو مجھے اپنے ہاتھ کی سخت تکلیف کا احساس ہو رہا ہے اور اس سے بڑھ کر مجھے بھائی کے عذاب کا خیال آرہا ہے کہ جسکے گلے میں ان انگاروں کا ہار ہے، اسکا کیا حال ہوگا اور اس پر کیا بیت رہی ہوگی؟ اب مجھے کسی طرح کا سکون اور قرار نہیں آرہا ہے۔ بہر حال! قبر کا عذاب برحق ہے، اسلئے اس عذاب سے بچنے کا انتظام سوچنا چاہئے اور یہ انتظام ہمارے دین میں سو فیصد موجود ہے، اس پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خواہش

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں ارشاد فرمایا کہ میری یہ خواہش ہے کہ یہ سورۃ ہر مؤمن کے دل میں محفوظ ہو۔ جب ہمارے آقا اس بات کے خواہش مند ہیں تو ہم ان کی اس خواہش پر لبیک کہیں اور اس سورۃ کو

زبانی یاد کرلیں اور اس کو روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کا معمول

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تک نہیں سوتے تھے جب تک (سورۂ) الٓمّٓ تَنْزِيْلُ السَّجْدَة اور (سورۂ) تبارک الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ نہ پڑھ لیتے۔ (رواہ الترمذی)

بخشش کا ذریعہ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جنابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی کتاب (یعنی قرآن مجید) کی ایک سورۃ ہے جس کی تیس آیات ہیں، وہ (اپنے پڑھنے والے) آدمی کے لئے (ایسی) سفارش کرے گی کہ اس کی بخشش کردی جائے گی (وہ سورۂ) تَبَارَكَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ (ہے) (رواہ ابو داؤد و الترمذی)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جنابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی تم سے پہلے لوگوں میں سے تھا، وہ فوت ہوا، اس کے پاس (سورۂ) تبارَكَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ کے سوا اللہ تعالیٰ کی کتاب میں سے کچھ نہ تھا، اسے جب قبر میں دفن کیا گیا تو اس کے پاس فرشتہ آیا، تو سورۂ (مُلک) اس (میت) کے چہرے پر پھیل گئی، اس

(فرشتے) نے اس (سورۃ) سے کہا کہ تو اللہ تعالیٰ کی کتاب میں سے ہے اور میں تجھے ہٹانا نہیں چاہتا اور نہ ہی میں تیرے اور نہ اس (میت) کے اور نہ ہی اپنے نفس کے نفع ونقصان کا مالک ہوں، تو اگر اس (میت) کے ساتھ اس (خیر) کا ارادہ کر چکی ہے تو تُو پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہو اور اس کیلئے سفارش کر۔ وہ سورۃ پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: اے میرے پروردگار! **بیشک فلاں آدمی (میت مذکورہ)** نے تیری کتاب میں سے میرا انتخاب کیا، چنانچہ اس نے مجھے سیکھا اور میری تلاوت کی، کیا آپ اسے آگ سے جلانے والے ہیں اور اسے عذاب دینے والے ہیں، حالانکہ میں اسکے اندر ہوں؟ اگر آپ ایسا کرنے والے ہیں (یعنی اسے جلانے اور عذاب دینے والے ہیں) تو مجھے اپنی کتاب سے مٹا دیجئے۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: میں تجھے دیکھ رہا ہوں کہ تو ناراض ہوگئی ہے، اس سورۃ نے عرض کیا کہ مجھے حق پہنچتا ہے کہ میں ناراض ہوں، اس پر اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: تو جا! وہ آدمی میں نے تجھے دیا اور میں نے اس کے حق میں تیری سفارش قبول کرلی (اور اسکی بخشش کردی)

پھر اس سورۃ نے کہا کہ خوش آمدید اس منہ کو جس نے میری تلاوت کی اور کہا کہ خوش آمدید اس سینے کو جس نے مجھے محفوظ کیا اور خوش آمدید ان دونوں قدموں کو جنہوں نے میرے ساتھ قیام کیا۔ اور یہ سورۃ اس کو اس

کی قبر میں مانوس کرتی ہے تا کہ اس کو وحشت نہ ہو۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث بیان فرمائی تو ہر چھوٹے بڑے، آزاد اور غلام نے یہ سورۃ سیکھ لی اور جنابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا نام مُنجِيَةُ (نجات دینے والی) رکھا۔

(رواه ابن عساکر بسند ضعیف)

سورۂ ملک کی ایک خاص فضیلت

حضرت ابو قرصافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو شخص اپنے بستر پر پہنچ کر سورۂ تَبَارَكَ الَّذِىْ پڑھے پھر کہے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَمِ وَرَبَّ الْبَلَدِ
الْحَرَامِ وَ رَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ وَرَبَّ
الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَبِحَقِّ كُلِّ اٰيَةٍ اَنْزَلْتَهَا
فِىْ شَهْرِ رَمَضَانَ بَلِّغْ رُوْحَ مُحَمَّدٍ ﷺ
مِنِّىْ تَحِيَّةً وَ سَلَامًا

چار مرتبہ (پڑھے) تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے دو فرشتے مقرر فرماتے ہیں، وہ دونوں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں اور اس کا یہ (سلام) آپکی خدمت میں پیش کرتے ہیں، اس کے جواب میں حضور اکرم

صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میری طرف سے فلاں بن فلاں (یعنی سلام بھیجنے والے پر) سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔

(طبقاتالمحدثین باصبهان)

سورۂ ملک کا ثواب

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرماتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو شخص عشاء (کی نماز) کے بعد چار رکعات پڑھے، پہلی دو رکعتوں میں (سورۂ) قُلْ يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے اور دوسری دو رکعتوں میں (سورۂ) الٓمّٓ تَنْزِيْلُ السَّجْدَة اور (سورۂ) تَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ پڑھے تو اس کیلئے لیلۃ القدر میں چار رکعات (پڑھنے) کی طرح (ثواب کے اعتبار سے) لکھی جائیں گی (یعنی جتنا ثواب لیلۃ القدر میں چار رکعات پڑھنے پر ملتا ہے، اتنا ہی ثواب اس طرح چار رکعات پڑھنے سے حاصل ہوگا۔

(ذکر الهيثمی فی المجمع)

سورۂ ملک کو معمول بنالیں

اس سورۃ کو زندگی کے معمولات میں شامل کرلیں اور سونے سے پہلے ایک مرتبہ اس سورۃ کو پڑھ لیا کریں، سونے سے پہلے پڑھنا بہتر ہے، البتہ

مغرب کے بعد اور عشاء کے بعد بھی پڑھ سکتے ہیں، اگر سوتے وقت پڑھنے میں نیند آنے کا خطرہ ہو تو اس خطرہ سے بچنا ضروری ہے، تا کہ معمول کا ناغہ نہ ہو اور اس ناغہ سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ اگر لیٹ کر پڑھنے میں نیند آجاتی ہو تو بیٹھ کر پڑھ لیں اور اگر بیٹھ کر پڑھنے میں نیند آتی ہو تو کھڑے ہو کر پڑھ لیں اور اگر کھڑے ہو کر پڑھنے میں نیند آتی ہو تو ٹہل ٹہل کر پڑھ لیں لیکن ناغہ نہ کریں۔

سورۂ ملک زبانی یاد کرلیں

اس لئے ہمیں یہ سورۃ زبانی یاد کرلینی چاہئے اور اگر زبانی یاد نہ ہو تو قرآن شریف میں دیکھ کر پڑھ لینا چاہیے۔ البتہ زبانی یاد ہونے میں یہ فائدہ ہے کہ انسان آسانی کے ساتھ جب چاہے پڑھ سکتا ہے، کیونکہ ہر جگہ اور ہر وقت قرآن شریف پاس نہیں ہوتا اور اگر قرآن شریف موجود بھی ہو تو وضوء کرنے کا موقع ہو یا نہ ہو، اس لئے زبانی یاد نہ ہونے کی صورت میں کسی روز آدمی اس کو پڑھ لے گا اور کسی دن چھوڑ دے گا، حالانکہ اعمالِ صالحہ جو نفل کے درجے میں ہوں، ان پر مداومت پسندیدہ ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کو وہ عمل پسند ہے جس پر مداومت کی جائے اگرچہ وہ تھوڑا ہو۔ لہٰذا زبانی یاد ہونے کی صورت میں پابندی سے پڑھنا آسان ہوگا، اس لئے کوشش کریں کہ یہ سورۃ زبانی یاد ہو جائے۔ اس کو یاد کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ روزانہ ایک آیت یاد

کرلیں، کل تیس آیتیں ہیں، ایک مہینے میں انشاء اللہ یہ سورۃ یاد ہو جائے گی۔ بہر حال! جب تک یاد نہ ہو، آپ ناظرہ ہی روزانہ پڑھتے رہیں، لیکن ناغہ نہ کریں۔

سورۂ اخلاص کے فضائل

قرآن کریم کی سورتوں میں ایک سورۂ اخلاص بھی ہے جو بظاہر تو بہت چھوٹی اور مختصر ہے، لیکن اپنے مضمون کے اعتبار سے اور اجر و ثواب کے اعتبار سے بہت عظیم الشان ہے۔ اور یہ ایسی آسان سورت ہے کہ مسلمانوں کے بچے بچے کو یاد ہوتی ہے، نوجوان اور بوڑھوں کو بھی یہ سورت یاد ہوتی ہے، شاید ہی کسی مسلمان کی کوئی نماز اس سورت سے خالی ہوتی ہو، کیونکہ یہ بہت چھوٹی اور آسان ترین سورت ہے، ہر شخص آسانی سے اس کو نماز میں پڑھ لیتا ہے، لیکن اس کی فضیلت اور اس کی عظمت اور اس کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ اس لئے جی چاہا کہ اس سورت کی بھی کچھ اہمیت اور فضیلت بیان کر دی جائے، تا کہ ہمارے دلوں میں اس کی قدر پیدا ہو اور اس سورۃ کو بھی ہم اپنے معمولات میں شامل کرلیں۔ کیونکہ آسان عمل کی پابندی کرنا آسان ہوتا ہے، اس پر مداومت کرنا بھی آسان ہوتا ہے، پھر جبکہ اس کے فضائل بھی بہت زیادہ ہوں تو اس کو عمل میں لانے کی طرف توجہ دینی چاہئے۔

ایک تہائی قرآن کے برابر ثواب

ایک روایت حضرت ابو سعید خدریؓ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے

دوسرے شخص کو بار بار سورۂ اخلاص پڑھتے ہوئے دیکھا تو اس شخص کو بہت تعجب ہوا کہ یہ کیوں بار بار سورۂ اخلاص پڑھ رہا ہے اور سننے والے نے اس کے اس عمل کو معمولی سمجھا کہ بار بار سورۂ اخلاص پڑھنا کون سا عظیم الشان کام ہے، پھر جب اس کے عمل کی اطلاع جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ اس کے بار بار سورۂ اخلاص پڑھنے کو معمولی مت سمجھو، اس لئے کہ سورۂ اخلاص تہائی قرآن شریف کے برابر ہے، یعنی سورۂ اخلاص پڑھنا ایسا ہے جیسے کوئی شخص ایک تہائی قرآن شریف پڑھے، تو یہ معمولی عمل نہیں ہے۔ تہائی قرآن شریف کا مطلب ہے دس پارے تلاوت کرنا، اب دس پارے تلاوت کرنا کوئی معمولی بات ہے؟ ہماری کمزوری کا یہ حال ہے کہ ہم سے ایک پارے کی تلاوت بھی نہیں ہوتی، چہ جائیکہ ہم دس پارے پڑھیں اور سورۂ اخلاص کو ایک مرتبہ پڑھنا، دس پارے پڑھنے کے برابر ہے، اس لئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے بار بار سورۂ اخلاص پڑھنے کو معمولی مت سمجھو اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنا پورے قرآن کریم پڑھنے کے برابر ہے، لہٰذا یہ شخص غیر معمولی کام کر رہا ہے۔

ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے ایک عجیب انداز سے سوال کیا کہ بتاؤ! کیا تم لوگ روزانہ رات کو سوتے وقت ایک تہائی قرآن شریف پڑھ سکتے ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کیا کہ روزانہ رات کو ایک تہائی قرآن شریف یعنی دس پارے تلاوت کرنا بڑا مشکل کام

ہے، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنا ایک تہائی قرآن شریف پڑھنے کے برابر ہے۔ پہلے صحابہ کرام کو ایک تہائی قرآن شریف پڑھنا بہت مشکل معلوم ہورہا تھا، اب اتنا آسان معلوم ہوا کہ تین مرتبہ کیا بلکہ تیس مرتبہ پڑھنا بھی مشکل نہیں اور پڑھنے والے تین تین سو مرتبہ سورۂ اخلاص روزانہ پڑھ لیتے ہیں۔

ایک اور مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سورۃ کی اہمیت بتانے کیلئے اس طرح ارشاد فرمایا کہ جتنے بھی ساتھی یعنی صحابہ کرام جمع ہو سکتے ہیں، جمع ہو جائیں، میں انکے سامنے ایک تہائی قرآن شریف تلاوت کروں گا، چنانچہ بہت سے صحابہ کرام حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاوت سننے کیلئے جمع ہو گئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نبوی میں تشریف لائے اور ایک مرتبہ سورۂ اخلاص کی تلاوت کی اور واپس گھر تشریف لے گئے۔ صحابہ کرام نے آپس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شاید آپ اس لئے واپس گھر تشریف لے گئے ہیں کہ آپ پر وحی اترنے والی ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی پیغام آنے والا ہے۔ چنانچہ صحابہ کرام مسجد نبوی میں اس خیال سے بیٹھے رہے کہ ابھی ایک تہائی قرآن شریف پڑھنا باقی ہے، تھوڑی دیر بعد آپ واپس مسجد میں تشریف لے آئے اور فرمایا کہ میں نے تمہارے سامنے ایک تہائی قرآن شریف کی تلاوت کر دی تھی، اس لئے کہ سورۂ اخلاص ایک تہائی قرآن شریف کے برابر ہے۔

چار قرآن کے برابر ثواب

ایک روایت میں ہے کہ جو آدمی فجر کی نماز کے بعد بارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے تو اس کو چار مرتبہ مکمل قرآن شریف پڑھنے کے برابر ثواب ملتا ہے۔ اب دیکھئے! آدمی روزانہ ایک قرآن شریف بھی ختم نہیں کر سکتا، آج کل تو ایک پارہ پڑھنا بھی مشکل ہوتا ہے، جو بیچارے حافظ ہیں، وہ بھی کسی دن ایک پارہ پڑھتے ہیں اور کسی دن نہیں پڑھتے، اللہ بچائے، پابندی سے تلاوت کرنے کا تو ماحول ہی ختم ہو گیا۔ لیکن تین مرتبہ سورۂ اخلاص تو ہر شخص روزانہ پڑھ سکتا ہے اور بارہ مرتبہ پڑھنا بھی مشکل نہیں، اس لئے ہر شخص یہ معمول بنا لے کہ فجر کی نماز سے فارغ ہو کر روزانہ بارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ لیا کرے، اس طرح روزانہ چار مرتبہ قرآن شریف ختم کرنے کا ثواب حاصل ہو جائے گا، پھر یہ ثواب اپنے والدین کو اور اپنے اہل و عیال کو بخش دیا کرے، اس میں اپنا بھی فائدہ ہے اور مرحومین کا بھی فائدہ ہے، خود کو بھی چار مرتبہ قرآن شریف ختم کرنے کا ثواب ملے گا اور مرحومین کو بھی چار مرتبہ قرآن شریف ختم کرنے کا ثواب مل جائے گا۔

اللہ کا محبوب بنانے والا عمل

ایک روایت میں ہے کہ مسجد قبا میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے

زمانے میں ایک انصاری صحابی امام تھے، ان کی عجیب شان تھی کہ جب نماز میں سورۂ فاتحہ پڑھنے کے بعد کوئی دوسری سورۃ پڑھتے تو اس کے بعد پھر سورۂ اخلاص بھی پڑھتے، ان کے مقتدیوں نے ان سے کہا کہ یہ عجیب بات ہے کہ آپ ہر رکعت کا آغاز سورۂ فاتحہ کے بعد دوسری سورۃ سے کرتے ہیں اور صرف اس پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ اس کے بعد سورۂ اخلاص بھی ملا دیتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ صاف بات یہ ہے کہ اگر تم کو میرے پیچھے نمازیں پڑھنی ہیں تو میں اس طریقہ کو نہیں چھوڑوں گا، ورنہ کسی اور کو امام بنالو۔ اب وہ مقتدی ان کے علاوہ کسی اور کو امام بنانا نہیں چاہتے تھے، اسلئے کہ وہ لوگ ان کو امامت کیلئے سب سے اچھا سمجھتے تھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ امام حاضرین میں سے علم و فضل اور تقویٰ و طہارت کے اعتبار سے سب سے اچھا آدمی ہونا چاہئے۔

یہ اطلاع جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچ گئی، مقتدیوں نے جا کر کہہ دیا کہ حضور! ہم ان کے علاوہ کسی اور کو امام بنانا نہیں چاہتے، لیکن وہ سورۂ اخلاص کے ایسے عاشق ہیں کہ وہ تمام نمازوں میں سورۂ اخلاص پڑھتے ہیں۔ آپ نے ان مقتدیوں سے فرمایا کہ امام صاحب سے وجہ پوچھو کہ وہ ہر رکعت میں سورۂ اخلاص کیوں پڑھتے ہیں؟ چنانچہ مقتدیوں نے ان سے وجہ پوچھی تو امام صاحب نے فرمایا کہ مجھے سورۂ اخلاص سے محبت ہے، یہ سورۃ مجھے بہت پسند ہے، اس وجہ سے میں ہر

رکعت میں اس سورۃ کو پڑھتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کے اس سورۃ سے محبت کرنے کی وجہ سے اس سورۃ نے ان کو اللہ تعالیٰ کا محبوب بنا دیا ہے۔ یعنی ان کو سورۂ اخلاص سے محبت ہے اور اللہ تعالیٰ کو ان سے محبت ہے۔

جنت کا مستحق

ایک شخص کے بارے میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اطلاع ملی کہ یہ شخص سورۂ اخلاص کثرت سے پڑھتے ہیں، آپ نے فرمایا "وجبت" واجب ہوگئی، صحابہ کرام نے یہ سن کر سوال کیا کہ حضور! کیا چیز واجب ہوگئی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت واجب ہوگئی۔ واقعی یہ سورۃ ایسی ہے کہ اس میں خالص توحید کا اور اللہ تعالیٰ کی شان استغناء کا ذکر ہے، اگر کوئی شخص اعتقاد کے ساتھ دل کی گہرائی سے اس سورۃ کو بار بار پڑھے گا، انشاء اللہ وہ شخص جنت کا مستحق ہوگا۔ جس طرح کوئی شخص کلمہ طیبہ "لا الہ الا اللہ" صدق دل کے ساتھ پڑھنے سے جنت کا مستحق ہو جاتا ہے، اسی طرح سورۂ اخلاص توحیدِ خالص پر مشتمل ہے، اسکا پڑھنے والا بھی جنت کا مستحق بن جاتا ہے۔

پچاس سال کے صغیرہ گناہ معاف

ایک روایت میں ہے کہ اگر کوئی شخص ہر روز دو سو مرتبہ سورۂ اخلاص

پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے پچاس سال کے صغیرہ گناہ معاف فرما دیتے ہیں مگر یہ کہ اس پر قرض ہو۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی بڑی رحمت ہے کہ گناہ کبیرہ گنے چنے اور تھوڑے سے ہیں اور صغیرہ گناہ لاتعداد ہیں۔ کبیرہ گناہ توبہ کرنے سے معاف ہو جاتے ہیں اور توبہ کرنا بھی آسان ہے، کوئی مشکل نہیں اور صغیرہ گناہ توبہ سے بھی معاف ہو جاتے ہیں، استغفار سے بھی معاف ہو جاتے ہیں اور اسکے علاوہ بہت سے نیک کاموں کے ذریعہ بھی معاف ہوتے رہتے ہیں، ان نیک کاموں میں ایک کام سورۂ اخلاص کا پڑھنا بھی ہے، لہٰذا اگر کوئی شخص دوسو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ لے تو پچاس سال کے صغیرہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

جنت کے ہر دروازے سے داخلہ

ایک روایت میں آیا ہے کہ جو شخص ایمان کی حالت میں تین کام کرے تو اس کو (قیامت کے دن) اختیار ہو گا کہ جنت کے جس دروازے سے چاہے اندر چلا جائے اور جنت کی جس حور سے چاہے نکاح کر لے۔ یہ دو اختیار اس کے لئے بہت بڑا اعزاز ہو گا، اس لئے کہ جتنے جنتی ہوں گے، ہر ایک کے لئے ایک مخصوص دروازہ مقرر ہو گا جس سے وہ جنت میں جائے گا، ہر شخص اپنی مرضی سے ہر دروازے سے جنت میں نہیں جا سکے گا۔ البتہ بعض خاص اعمال ایسے ہیں کہ ان اعمال کے کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جنت کے ہر دروازے سے جنت میں جانے کی اجازت ہو گی، بلکہ بعض

لوگوں کو جنت کا ہر دروازہ خود اندر آنے کی دعوت دے گا کہ حضرت! آپ یہاں سے اندر تشریف لے جائیں۔ان اعمال میں سے مندرجہ ذیل تین اعمال بھی ہیں۔

ا: پہلا عمل یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے قاتل کو معاف کردے، یعنی کسی شخص نے دوسرے شخص کو اتنا زخمی کر دیا کہ اس کے بچنے کی امید نہیں تھی، اس شخص نے مرنے سے پہلے اپنے قاتل کو اللہ تعالیٰ کے لئے معاف کردیا اور اپنے وارثوں سے کہہ دیا کہ اس سے انتقام مت لینا، میں نے اللہ کے لئے اس کو معاف کر دیا ہے۔یہ پہلا عمل ہے۔

۲: دوسرا عمل یہ ہے کہ کوئی شخص اپنا پوشیدہ قرض ادا کردے، یعنی ایسا قرض ہے کہ اگر مقروض ادا نہ کرنا چاہے تو قرض خواہ اس سے زبردستی نہیں لے سکتا، اس لئے کہ اس کے پاس قرض دینے کا کوئی ثبوت نہیں ہے، اس قرض پر نہ کوئی گواہ موجود ہے اور نہ تحریر موجود ہے، یہ پوشیدہ قرض ہے، اب یہ قرض مقروض کے دینے پر موقوف ہے، اگر اللہ کے خوف سے وہ مقروض قرض ادا کردے تب تو وہ قرض ادا ہو جائے گا، ورنہ وہ قرض ضائع ہو جائے گا۔یہ پوشیدہ قرض ادا کر دینا دوسرا عمل ہے۔

۳: تیسرا عمل یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد کوئی شخص دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔یہ تیسرا عمل ہے۔جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم یہ تین عمل بتا چکے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ!

اگر کوئی شخص یہ تینوں عمل نہ کر سکے بلکہ ایک عمل کر لے تو اس کا کیا حکم ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی بھی یہی فضیلت ہے۔ اب ہمارا کام بن گیا، ہم کہاں سے قاتل کو معاف کریں اور کہاں سے پوشیدہ قرض ادا کریں، اس لئے کہ یہ دونوں عمل اپنے اختیار میں نہیں ہیں، لیکن سورۂ اخلاص پڑھنا سب کے اختیار میں ہے، ہر شخص ہر نماز کے بعد آسانی کے ساتھ دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ سکتا ہے۔ اس کے نتیجے میں دو انعام ملیں گے، ایک یہ کہ جنت کے کسی بھی دروازے سے جنت میں داخل ہونے کی سعادت نصیب ہوگی اور دوسرا یہ کہ کسی بھی حور سے نکاح کرنے کا اختیار حاصل ہو جائے گا۔ اس لئے اس کا معمول بنانا اچھا ہے۔

جنت میں محل

سورۂ اخلاص کی یہ فضیلت بڑی معروف و مشہور ہے جو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دوسرے صحابہ کرام سے مروی ہے کہ سرکارِ دو عالم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں ایک محل بنا دیتے ہیں اور جو شخص بیس مرتبہ پڑھے تو اس کے لئے دو محل بنا دیتے ہیں اور جو شخص تیس مرتبہ پڑھے تو اس کے لئے تین محل بنا دیتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! پھر تو ہم جنت میں بہت سارے محل بنوالیں گے، اس لئے کہ یہ

نہایت آسان عمل ہے، کوئی مشکل نہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ دینے پر بھی قادر ہیں، تم سورۂ اخلاص پڑھتے پڑھتے اور جنت میں محل بنواتے بنواتے تھک جاؤ گے لیکن اللہ تعالیٰ دینے سے نہیں تھکیں گے، کیونکہ ان کی عطا کی شان وہ ہے جو قرآن کریم نے بیان فرمائی کہ:

عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ (ھود: ۱۰۸)

یعنی ان کی شانِ عطا ختم ہونے والی نہیں ہے۔ جس طرح ان کی ذات ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی، اسی طرح ان کی عطا بھی ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی، وہ ہمیشہ سے رزّاق ہیں، ہمیشہ رزّاق رہیں گے، اسی طرح جنت کی نعمتیں وہ ہمیشہ دینے والے ہیں اور ہمیشہ دیتے رہیں گے، بندے اپنے اعمال کر کے تھک سکتے ہیں مگر وہ دیتے دیتے نہیں تھک سکتے، بندوں کے اعمال آخر کار محدود ہیں لیکن ان کی عطا لامحدود ہے، لہٰذا جتنی مرتبہ چاہو، پڑھ لو، وہ اس بھی زیادہ دینے والے ہیں۔

جب دس مرتبہ پڑھنے سے ایک محل بن جاتا ہے تو اگر روزانہ ہر نماز کے بعد دس مرتبہ پڑھیں گے تو ایک دن میں پانچ محل بن جائیں گے۔ بتائیے! کیا دنیا میں کسی شخص کی ایک دن میں پانچ کوٹھیاں بن سکتی ہیں؟ پانچ تو کیا ایک بھی نہیں بن سکتی، بڑی مشکل سے پوری زندگی میں ایک کوٹھی بنتی ہے، اور اگر ایک کوٹھی بن جائے تو اس میں رہنے والے سے پوچھو کہ تم اس

کوٹھی کے اندر آرام سے ہو یا تکلیف میں؟ یاد رکھیے! کوٹھی جتنی خوبصورت ہوتی ہے، اکثر اس میں رہنے والا اتنی ہی تکلیف میں ہوتا ہے، لیکن دس دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر سینکڑوں محل جنت میں بنوا سکتے ہیں، اور پھر ان محلات میں سکون ہی سکون، راحت ہی راحت ہوگی، تکلیف کا نام ونشان تک نہ ہوگا۔

جنت کی خوشخبری

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک شخص کی طرف متوجہ ہوا، آپ نے ایک آدمی کو (سورۂ) قل ھو اللہ احد پڑھتے ہوئے سنا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واجب ہوگئی، میں نے عرض کیا یارسول اللہ! کیا واجب ہوگئی؟ آپ نے فرمایا: جنت۔ (ترمذی)

ایسے شخص سے روایت ہے جنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت پائی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں گیا، آپ ایک شخص کے پاس سے گزرے جو (سورۂ) قل یاایھا الکفرون پڑھ رہا تھا تو آپ نے فرمایا: یہ (شخص) شرک سے بری ہے، راوی فرماتے ہیں کہ اس وقت ایک دوسرا شخص قل ھو اللہ احد پڑھ رہا تھا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس (سورۂ اخلاص) کی وجہ سے اس

شخص کے لئے جنت واجب ہوگئی۔ (مسند احمد)

جنت میں داہنی طرف سے داخلہ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے بستر پر سونے کا ارادہ کرے اور وہ اپنی داہنی کروٹ پر لیٹ جائے پھر سو مرتبہ قل ھو اللّٰہ احد (سورۃ اخلاص) پڑھے، تو جب قیامت کا دن ہوگا، رب تبارک و تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: اے میرے بندے! اپنی داہنی جانب سے جنت میں داخل ہو جا۔ (ترمذی)

جہنم سے برأت

حضرت ابن الدیلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (جو نجاشی کے بھانجے ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم رہے ہیں) سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سو مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھے، خواہ نماز میں یا نماز کے باہر، تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے آگ (یعنی جہنم) سے برأت لکھ دیتے ہیں۔

بچھو کے زہر کا عمل

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا کہ نبی

کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بچھو نے ڈس لیا، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے، جب آپ (نماز سے) فارغ ہوئے تو فرمایا: اللہ بچھو پر لعنت کرے، یہ نہ نمازی کو چھوڑتا ہے اور نہ غیر نمازی کو، پھر آپ نے نمک اور پانی منگوایا اور اس (جگہ) پر ملنے لگے اور قل ھو اللّٰہ احد، قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھنے لگے۔ (رواہ الخلال مسند حسن)

ڈیڑھ ہزار نیکیاں

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص دن میں دوسو مرتبہ قل ھو اللّٰہ احد پڑھ لے تو اس کیلئے ڈیڑھ ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں بشرطیکہ اس پر دَین (قرض) نہ ہو۔

(رواہ مسند أبی یعلی بسند ضعیف)

(ف) اس لئے قرض اور دیگر حقوق العباد کی ادائیگی کا بہت خیال رکھنا چاہئے اور ان کی پامالی سے بچنا چاہئے۔

مرتے ہی جنت میں داخلہ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے، اس کے جنت میں داخل ہونے کے لئے سوائے موت کے کوئی چیز رکاوٹ نہیں

ہوگی، اور ایک روایت میں (آیۃ الکرسی کے ساتھ) قل ھو اللہ احد (کا بھی ذکر) ہے (یعنی مذکورہ فضیلت ایۃ الکرسی اور قل ھو اللہ احد دونوں کے پڑھنے میں ہے۔ (مجمع الزوائد)

ہر چیز سے کفایت

حضرت عبداللہ بن خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ بارش والی اور سخت تاریک رات میں ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کرتے ہوئے نکلے، تاکہ آپ ہمیں نماز پڑھائیں، تو ہم نے آپ کو پالیا، آپ نے دریافت فرمایا: کیا تم نے نماز پڑھ لی؟ میں بالکل خاموش رہا، پھر آپ نے فرمایا کہو، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں کیا کہوں؟ آپ نے فرمایا: قل ھو اللہ احد اور معوذتین پڑھو (جب تم سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس) صبح کے وقت اور شام کے وقت تین (تین) مرتبہ (پڑھو گے تو یہ) ہر چیز سے کافی ہو جائیں گی۔ (ترمذی)

(ف) یعنی تمہاری ہر ضرورت ان کی برکت سے بآسانی پوری ہوگی، انشاء اللہ تعالیٰ۔

عظیم دولت

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے اپنے ایک صحابی سے فرمایا: اے فلاں! کیا آپ نے شادی کی ہے؟ عرض کیا نہیں (اور کہا) اللہ کی قسم یا رسول اللہ! میرے پاس ایسی کوئی چیز نہیں جس کے ذریعے میں شادی کروں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تیرے پاس قل ھو اللّٰہ احد بھی نہیں؟ عرض کیا: ہاں ہے، فرمایا: (یہ) تہائی قرآن کریم ہے، فرمایا: کیا تیرے پاس اذا جاء نصر اللّٰہ والفتح نہیں ہے؟ عرض کیا: ہاں ہے، فرمایا: (یہ) چوتھائی قرآن کریم ہے، فرمایا: کیا تیرے پاس قل یاَ یُّھا الکفرون ہے؟ عرض کیا: ہاں ہے، فرمایا یہ چوتھائی قرآن کریم ہے، فرمایا: کیا تیرے پاس اذا زلزلت نہیں ہے؟ عرض کیا: ہاں ہے، فرمایا: یہ چوتھائی قرآن کریم ہے (بعض روایات میں اس کو نصف قرآن بھی فرمایا ہے) فرمایا: (تیرے پاس اتنی عظیم دولتیں ہیں) شادی کر، شادی کر۔ (ترمذی)

سب سے عظیم سورت

حضرت اَیْفَعُ بن عبد اللہ رحمہ اللہ سے (مرسلاً) روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! قرآن مجید میں کون سی سورۃ سب سے زیادہ عظمت والی ہے؟ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا: قل ھو اللہ احد، عرض کیا گیا: کون سی آیت قرآن مجید میں سب سے زیادہ عظمت والی ہے؟ فرمایا: آیۃ الکرسی لاالٰہ الا ھو الحی القیوم. عرض کیا گیا: آپ کون

سی آیت اپنے اور اپنی امت کے لئے پسند فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: سورۂ بقرہ کی آخری آیات، اس لئے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے عرش کے نیچے اس کی رحمت کے بہترین خزانوں میں سے ہیں، اللہ تعالیٰ نے یہ (خاص) اس امت کو عطا فرمائی ہیں، یہ دنیا کی ہر بھلائی پر مشتمل ہیں۔ (رواه الخلال)

ہر شر سے حفاظت

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد سات مرتبہ قل ھو اللہ احد، قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھے تو اللہ تعالیٰ عز و جل اس کی وجہ سے اس پڑھنے والے کو دوسرے جمعہ تک ہر شر سے محفوظ فرمائیں گے۔ (رواه الخلال بسند ضعيف جداً)

بہترین دم

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری عیادت فرمائی (اور) پڑھا: اعيذك بالاحد الصمد الذى لم يلد و لم يولد و لم يكن له كفواً احد من شر ما تجد: آپ نے اس کو سات مرتبہ دھرایا، پھر جب آپ نے کھڑے ہونے کا ارادہ کیا تو فرمایا: اے عثمان! ان (کلمات) کے

ذریعہ پناہ مانگا کرو (یعنی دم کیا کرو) تم اس سے بہتر کلمات سے پناہ نہیں مانگ سکتے۔ (رواہ الخلال)

فقر وفاقہ سے حفاظت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے گھر میں داخل ہونے کے وقت قل ھو اللہ احد پڑھا کرے تو اس کے گھر والوں اور (ان کے) پڑوسیوں سے فقر مٹ جاتا ہے (یعنی دور ہو جاتا ہے)

(رواہ ابن کثیر بسند ضعیف)

سوتے وقت کا دم

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر رات بستر پر جب تشریف فرما ہوتے تو اپنی ہتھیلیوں کو جمع فرما لیتے، پھر ان میں دم فرماتے اور ان میں قل ھو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھتے پھر ان (ہتھیلیوں) کو اپنے جسم پر پھیرتے جہاں تک ممکن ہوتا، آغاز سر مبارک اور چہرہ مبارک اور جسم کے اگلے حصے سے فرماتے اور ایسا تین مرتبہ فرماتے۔ (بخاری)

فراخیِ رزق کا مجرب عمل

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے

ہیں کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اپنی غربت اور تنگدستی کی شکایت کی، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: جب تم اپنے گھر میں داخل ہو تو پہلے سلام کرو، خواہ گھر میں کوئی موجود ہو یا نہ ہو، پھر مجھ پر سلام بھیجو اور ایک دفعہ "قل ھو اللّٰہ احد" پڑھو، چنانچہ اس شخص نے اس پر عمل کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس پر روزی کشادہ فرمادی (جس سے اس کا فقر وفاقہ دور ہوگیا) بلکہ (اس کی برکت سے) اس کے پڑوسی اور رشتہ دار بھی فیضیاب ہوئے۔ (القول البدیع بسند ضعیف)

(ف) اس حدیث کے مطابق گھر میں اس طرح داخل ہوں:

۱) گھر میں داخل ہوتے وقت اگر کوئی شخص موجود ہو تو یہ کہیں!

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔ اگر گھر خالی ہو تو یہ کہیں!

اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ ط

۲) اس کے بعد یہ کہیں!

اَلصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

۳) اس کے بعد یہ کہیں

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ○ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ○

لَمْ یَلِدْ ط وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○

فتنۂ قبر سے حفاظت اور پُل صراط پر سہولت

حضرت عبداللہ بن شخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے مرض الموت میں قل ھو اللہ احد پڑھے، وہ اپنی قبر میں فتنہ میں نہیں ڈالا جائے گا، بلکہ قبر کے فتنہ سے محفوظ رہے گا اور قیامت کے دن اس کو فرشتے اپنے ہاتھوں پر اٹھالیں گے، حتی کہ اس کو پل صراط سے گزار کر جنت تک پہنچا دیں گے۔

(رواہ الطبرانی بسند ضعیف)

بے مثال سورتیں

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے فرمایا: اے عقبہ بن عامر! کیا میں تجھے ایسی سورتیں نہ سکھاؤں کہ ان جیسی نہ تورات میں نازل ہوئیں، نہ زبور میں، نہ انجیل میں اور نہ ہی قرآن مجید میں (نازل ہوئیں) میں ہر رات ان کو پڑھتا ہوں (اور وہ یہ ہیں) قل ھو اللہ احد، قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس.

(مجمع الزوائد)

مغفرت کا ذریعہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابیؓ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو قل یٰایُّھَا الْکٰفِرُوْن پڑھتے ہوئے سنا تو

آپ نے فرمایا: یہ شخص شرک سے بری ہے اور دوسرے کو قل ھو اللّٰہ احد پڑھتے ہوئے سنا تو فرمایا: اس شخص کی مغفرت کر دی گئی۔ (مسند احمد)

سفر میں فراخی

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ جب سفر میں جاؤ تو وہاں تم اپنے سب رفقاء سے زیادہ خوشحال اور بامراد ہو اور تمہارا سامان زیادہ ہو جائے؟ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! بیشک میں ایسا چاہتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (آخر قرآن کی) پانچ سورتیں سورۂ کافرون، سورۂ نصر، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھا کرو اور ہر سورۃ کو بسم اللہ سے شروع کرو اور بسم اللہ ہی پر ختم کرو۔ حضرت جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ویسے مالدار تھا (لیکن) جب میں سفر کرتا جن کے ساتھ میرا سفر اللہ تعالیٰ چاہتے تو میں اپنے دوسرے ساتھیوں کے بالمقابل کم توشہ والا ہوتا تھا، جب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس تعلیم پر عمل کیا اور ان سورتوں کو پڑھنا شروع کیا تو میں ان سب سے اچھی حالت میں ہوتا اور زیادہ مال والا ہوتا، یہاں تک کہ میں اپنے سفر سے واپس لوٹتا۔

(مسند أبی یعلی موصلی)

جہنم کا حرام ہونا

حضرت کعب احبار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جو شخص قل ھو اللّٰہ احد

پڑھے، اس کے گوشت کو آگ پر (یعنی جہنم پر) حرام کر دیا جاتا ہے۔

(رواه الخلال و فی سنده ضعف)

گناہوں سے حفاظت

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں: جو شخص فجر کی نماز کے بعد قل هو الله احد یعنی سورۂ اخلاص دس مرتبہ پڑھ لے تو وہ کسی گناہ میں مبتلا نہیں ہوگا، اگرچہ شیاطین اس پر اپنا زور لگائیں۔ (رواه ابن أبی شیبة بسند ضعیف)

عظیم فضیلتیں

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سو مرتبہ (سورۂ) قل هو الله احد ایسی پاکی کے ساتھ پڑھے جیسی پاکی نماز کیلئے ہوتی ہے (یعنی باوضو ہوکر، جبکہ) آغاز سورۂ فاتحہ سے کرے پھر سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسکے ہر حرف کے بدلے دس نیکیاں لکھیں گے، دس گناہ معاف فرمائیں گے اور اس دن اسکے دس درجے بلند فرمائیں گے اور اس کے لئے جنت میں سو محل بنائیں گے اور اس دن اسکے عمل کو تمام لوگوں کے عمل کے برابر درجہ ملے گا اور گویا اس نے ۳۳ مرتبہ قرآن شریف پڑھا اور اس کے لئے شرک سے برأت ہوگی۔ اس (سورۂ اخلاص) کی ایک آواز عرش کے ارد گرد ہے اور

اپنے پڑھنے والے کا تذکرہ کرتی ہے، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ اس (سورۂ اخلاص کے پڑھنے والے) کی طرف نظر فرماتے ہیں اور جس پر اللہ تعالیٰ نظر (رحمت) فرماتے ہیں پھر اس کو کبھی عذاب نہیں دیں گے۔ (شعب الایمان)

شفاعت قبول ہونا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان عرفہ کے دن زوال کے بعد میدانِ عرفات میں قبلہ رخ ہو کر سو مرتبہ لاالٰہ الا اللّٰہ وحدہ لا شریك له له الملك وله الحمد وهو علی کلّ شئی قدیر اور سو مرتبہ (سورۂ اخلاص یعنی قل هو الله احد پڑھے پھر سو مرتبہ (درود ابراہیمی) اللهم صلّ علیٰ محمد وعلی ال محمد کما صلّیت علیٰ ابراهیم و علیٰ ال ابراهیم انك حمید مجید و علینا معهم پڑھے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتے ہیں کہ اے میرے فرشتو! میرے اس بندے کی کیا جزاء ہے جس نے میری تسبیح و تهلیل، تکبیر و تعظیم، تعریف و ثنا کی اور میرے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیجا؟ اے میرے فرشتو! تم گواہ رہو، میں نے اس کو بخش دیا ہے اور اس نے جس کی شفاعت کی اس کے حق میں شفاعت قبول کر لی اور اگر وہ اہل عرفات کے لئے شفاعت کرتا تو بھی میں قبول کر لیتا۔

(شعب الایمان)

عظیم مرتبہ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) معاویہ بن معاویہ لیثی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال ہو گیا ہے، کیا آپ ان پر نماز (جنازہ) پڑھنا پسند کریں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں، تو جبرئیل علیہ السلام نے اپنا پیر زمین پر مارا جس سے نہ تو کوئی درخت باقی رہا اور نہ کوئی پردہ حائل رہا، درمیان کی ہر چیز پامال ہو کر رہ گئی اور ان کا جنازہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کر دیا گیا، یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا اور اس پر نماز جنازہ پڑھی، اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے فرشتوں کی دو صفیں تھیں، ہر ایک صف میں ستر ہزار فرشتے تھے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے جبرئیل! انہیں من جانب اللہ یہ عظیم مرتبہ کیسے ملا؟ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے جواب دیا: قل ھو اللہ احد سے محبت کرنے اور اس کو آتے جاتے، اٹھتے بیٹھتے، ہر حال میں پڑھنے کی وجہ سے (انکو یہ مرتبہ ملا)

(مسند أبی یعلی موصلی)

مُردوں کی تعداد کے برابر ثواب

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت

فرماتے ہیں کہ جو شخص قبرستان سے گزرے اور گیارہ مرتبہ **قل ھو اللہ احد** پڑھے، پھر اس کا ثواب مُردوں کو بخش دے تو مُردوں کی تعداد کے برابر اسے اجر دیا جائے گا۔ (شرح الصدور)

اللہ تعالیٰ کے ہاں سفارش

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص قبرستان میں داخل ہو، پھر فاتحۃ الکتاب (سورۂ فاتحہ) اور قل ھو اللہ احد اور الھاکم التکاثر پڑھے پھر کہے کہ اے اللہ! میں نے آپ کے کلام سے جو کچھ پڑھا، اس کا ثواب قبرستان کے ایماندار مردوں اور عورتوں کو بخش دیا، تو وہ سارے قبرستان والے اللہ تعالیٰ کے ہاں اس (پڑھنے والے) کیلئے سفارشی ہوں گے۔ (شرح الصدور)

دعا کی قبولیت

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو پڑھتے ہوئے سنا (وہ پڑھ رہا تھا)

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ
الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ وَ لَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ.

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے اللہ تعالیٰ سے اس اسم اعظم کے ذریعے سوال کیا ہے کہ جب اس کے ذریعے سوال کیا جاتا ہے تو پورا کیا جاتا ہے اور جب اس کے ذریعے دعا کی جاتی ہے تو قبول ہوتی ہے۔

(سنن ابن ماجه)

تمت بحمد اللّٰه والمنة وصلى اللّٰه على

حبيبه و آله وسلم دائمًا ابدًا

آیت الکرسی کے فضائل

دعا ضرور قبول ہوگی

حدیث شریف میں آتا ہے کہ دو آیتوں کے اندر ''اسم اعظم'' ہے، ایک آیت الکرسی کے اللّٰہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم والے حصے میں ہے اور دوسرے الم اللّٰہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم میں ہے، ان دونوں آیتوں میں اسم اعظم ہے اور اسم اعظم پڑھنے کے بعد جب کوئی شخص دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس دعا کو ضرور قبول فرماتے ہیں۔

چوتھائی قرآن کے برابر ثواب

ایک حدیث میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آیت الکرسی چوتھائی قرآن کریم کے برابر ہے۔ اس حدیث کے دو مطلب ہیں، ایک مطلب یہ ہے کہ جو مضامین قرآن کریم کے اندر بیان ہوئے ہیں، ان تمام مضامین کا ایک چوتھائی حصہ ''آیت الکرسی'' کے اندر موجود ہے، اس لحاظ سے یہ چوتھائی قرآن کریم کے برابر ہے۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ یہ ''آیت الکرسی'' اجر و ثواب کے اعتبار سے چوتھائی قرآن کریم کے برابر ہے، لہٰذا جو شخص ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھے گا، اس کو ایک چوتھائی قرآن

کریم پڑھنے کے برابر ثواب ملے گا اور جو شخص اس آیت کو چار مرتبہ پڑھے گا، اس کو ایک قرآن کریم ختم کرنے کا ثواب ملے گا۔ اور یہ ثواب ہر مسلمان روزانہ حاصل کر سکتا ہے اور ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھ کر بھی یہ ثواب حاصل کر سکتا ہے۔

فرشتوں کا نیکیاں لکھنا اور گناہ مٹانا

نسائی شریف کی ایک روایت میں ہے کہ جو شخص جس وقت آیت الکرسی پڑھتا ہے، اس وقت سے لے کر اگلے دن وہی وقت آنے تک اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایک فرشتہ مقرر فرما دیتے ہیں جو اس کے نامہ اعمال میں نیکیاں لکھتا رہتا ہے اور گناہ مٹاتا رہتا ہے۔ اب اگر کوئی شخص روزانہ ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ لیا کرے تو روزانہ کم از کم پانچ فرشتے اس کے نامہ اعمال کا آپریشن کرنے کے لئے مقرر ہو جائیں گے، وہ فرشتے اس کے گناہوں کو مٹاتے رہیں گے اور نیکیاں لکھتے رہیں گے۔

ایک ضروری وضاحت

لیکن یہاں ایک بات سمجھ لیں، وہ یہ کہ گناہوں سے مراد گناہ صغیرہ ہیں، اللہ تعالیٰ بہانے بہانے سے گناہ صغیرہ معاف فرماتے رہتے ہیں اور بے شمار گناہ صغیرہ اعمال صالحہ کے ذریعہ بھی اللہ تعالیٰ درگزر فرماتے رہتے

ہیں، جیسے وضو کے ذریعہ اعضاء وضو کے گناہ دُھل جاتے ہیں، ایک نماز کے بعد جب بندہ دوسری نماز پڑھتا ہے تو دونوں نمازوں کے درمیان جو صغیرہ گناہ کئے تھے، وہ سب معاف ہوجاتے ہیں، اس طرح روزانہ پانچ وقتوں کی نماز پڑھنے سے چوبیس گھنٹے کے صغیرہ گناہوں کی مغفرت ہوتی رہتی ہے، اور جمعہ کی نماز پڑھنے سے ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ کے درمیان کے صغیرہ گناہ معاف ہوجاتے ہیں، رمضان کے روزے رکھنے سے ایک رمضان سے دوسرے رمضان کے درمیان کئے ہوئے صغیرہ گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔

کبیرہ گناہوں کے بارے میں ضابطہ یہ ہے کہ جس گناہ کبیرہ کا تعلق اللہ تعالیٰ کی ذات سے ہے، مثلاً شراب پینا، یا جھوٹ بولنا، یا بدکاری کرنا وغیرہ، اس قسم کے گناہوں میں اللہ تعالیٰ سے سچی توبہ کرلینا کافی ہے، البتہ توبہ کے لئے تین شرائط کا ہونا ضروری ہے، پہلی شرط یہ ہے کہ آدمی اس گناہ پر نادم اور شرمندہ ہو، دوسری شرط یہ ہے کہ اس گناہ کو فوراً چھوڑ دے، تیسری شرط یہ ہے کہ آئندہ گناہ نہ کرنے کا پختہ عزم کرے اور پھر توبہ واستغفار کرے تو وہ سب گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔

اور اگر وہ گناہ ایسے ہیں کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے ساتھ ساتھ کسی بندے کی حق تلفی یا اس کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے، مثلاً کسی کو ناحق مارا، یا کسی کو طعنہ دیا، یا کسی کا دل دکھایا، یا کسی پر بہتان لگایا، یا کسی کو مالی نقصان پہنچایا، یا کسی کی اجازت کے بغیر اس کا مال کھالیا، یا کسی کی امانت

میں خیانت کرلی، یہ سب ایسے کام ہیں کہ ان میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی بھی ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان باتوں کوحرام قرار دیا ہے اور بندوں کے ساتھ بھی زیادتی پائی گئی ہے، ایسے گناہوں سے توبہ کے مکمل ہونے کیلئے پہلی تین شرطوں کے ساتھ ایک چوتھی شرط یہ بھی ہے کہ جن بندوں کا حق پامال کیا ہے، یا توان کا حق ادا کرے یا ان سے معاف کرائے، اسکے بعد توبہ مکمل ہوگی۔

بہرحال! کبیرہ گناہ توبہ کے بغیر معاف نہیں ہوتے اور صغیرہ گناہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے نیک اعمال کے ذریعہ بھی معاف فرمادیتے ہیں، لہٰذا ’’آیت الکرسی‘‘ کی یہ جو فضیلت آئی ہے کہ اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ مقرر فرمادیتے ہیں جو اس کے گناہوں کو اس کے نامہ اعمال سے مٹاتا رہتا ہے، اس سے مراد صغیرہ گناہ ہیں، کبیرہ گناہ مراد نہیں، اس لئے ہمیں ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھنے کا معمول بنالینا چاہئے تا کہ روزانہ پانچ فرشتے ہمارے نامہ اعمال میں نیکیاں لکھنے اور گناہ صغیرہ مٹانے پر مقرر ہو جائیں۔

جنت میں لے جانے والا عمل

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے منبر پر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھتا ہے، اس کے اور جنت کے درمیان صرف موت حائل

ہوتی ہے، یعنی آیت الکرسی پڑھنے کی وجہ سے وہ شخص جنتی ہوگیا، بس صرف مرنا باقی ہے، اگر ابھی مرگیا تو ابھی جنت میں چلا جائے گا۔ اس فضیلت کا مطلب یہ ہے کہ آیت الکرسی پڑھنے کی بذات خود یہ فضیلت ہے کہ اگر اس شخص کے جنت میں جانے کے لئے اور کوئی چیز رکاوٹ نہ ہو تو تنہا اس کا یہ عمل بھی اس کو سیدھا جنت میں لے جانے والا ہے، لیکن اگر جنت میں جانے کے لئے دوسری رکاوٹیں واقع ہوئیں، مثلاً اس کی گردن پر کبیرہ گناہوں کا بوجھ ہو، یا حقوق العباد میں اس نے کوتاہیاں کی ہوں، تو یہ گناہ کبیرہ اور دوسروں کے حقوق پامال کرنا اس کے جنت میں جانے سے رکاوٹ بن جائیں گے، لیکن اگر اس کے ذمے بندوں کے حقوق بھی نہیں ہیں اور کبیرہ گناہوں سے بھی اس نے سچی توبہ کی ہوئی ہے اور پھر اس نے یہ عمل کیا تو پھر انشاء اللہ وہ سیدھا جنت میں جائے گا۔

صدیق اور عابد بنانے والا عمل

دوسری بات اس حدیث میں یہ ہے کہ آیت الکرسی پڑھنے کا دائمی معمول نہیں بناتا ہے مگر وہ شخص جو صدیق ہو یا عابد ہو۔ یعنی ہر شخص اس کا معمول نہیں بناتا، بلکہ عام طور پر اس کے پڑھنے کی توفیق ان لوگوں کو ہوتی ہے جو عبادت گزار ہوتے ہیں اور اطاعت شعار اور فرمانبردار ہوتے ہیں، آخرت کی فکر رکھنے والے ہوتے ہیں، ان کو اللہ تعالیٰ یہ توفیق عطا فرماتے

ہیں۔ اس میں ایک بڑی بشارت کی طرف اشارہ ہے کہ جس شخص کو ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنے کی توفیق ہو جائے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرمالیا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے عابد ہو گا یا انشاء اللہ تعالیٰ صدیق کے مرتبہ تک پہنچ جائے گا۔

اپنی اور پڑوسی کی حفاظت کا ذریعہ

جو شخص آیت الکرسی پڑھ لیتا ہے، وہ خود بھی محفوظ ہو جاتا ہے اور اس کے گھر کے دائیں بائیں کے دونوں پڑوسی بھی اور ان کے پڑوسی بھی اور قرب و جوار کے چند اور گھر بھی اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں آجاتے ہیں۔ ذرا غور کریں کہ اگر سارے مسلمان اس آیت کے پڑھنے کا معمول بنالیں تو سارا شہر محفوظ ہو جائے بلکہ پورا ملک شیطانوں کے شر سے محفوظ ہو سکتا ہے۔

چالیس روز تک کے لئے حفاظت

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک روایت مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص رات کو ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ لیتا ہے تو اس گھر سے شیطان چالیس دن اور چالیس رات کے لئے دور ہو جاتا ہے، یعنی چالیس دن تک وہ گھر شیطان سے محفوظ ہو جاتا ہے اور چالیس رات تک اس گھر میں کوئی جادوگرنی یا جادوگر داخل نہیں ہو سکتا اور وہ

گھر جادو کے اثر سے محفوظ رہتا ہے۔ اے علی! تم خود بھی آیت الکرسی کو سیکھ لو اور اپنے اہل و عیال کو بھی سکھاؤ اور اپنے پڑوسیوں کو بھی سکھاؤ، اللہ تعالیٰ نے اس سے بڑی کوئی آیت نازل نہیں فرمائی۔

مال کی حفاظت کا واقعہ

مدینہ کے باہر سرکاری غلہ رکھا گیا تھا، رات کے وقت اس غلہ کی حفاظت اور چوکیداری کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مقرر فرمایا۔ صحابہ کرام میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہت سادہ اور مسکین طبیعت کے انسان تھے، چنانچہ وہ رات کے وقت اس غلہ کی چوکیداری کے لئے وہاں بیٹھ گئے، وہ خود فرماتے ہیں کہ جب رات کا کافی حصہ گزر گیا تو میں نے دیکھا کہ غلہ کے ایک طرف ایک شخص بیٹھا ہوا اپنے کپڑے میں غلہ بھر رہا ہے، میں جلدی سے اس کے پاس پہنچا اور میں نے اس سے کہا کہ یہ کیا کر رہے ہو؟ بغیر پوچھے یہ غلہ کیسے اٹھا رہے ہو؟ پھر میں نے اس کو پکڑ لیا اور اس سے کہا کہ میں صبح تمہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے جاؤں گا، اس شخص نے بڑی عاجزی سے کہا کہ اے ابو ہریرہؓ! میں بہت غریب آدمی ہوں، مسکین ہوں، بچے بھوکے ہیں، مجبور ہو کر میں یہاں آیا ہوں، مجھ سے غلطی ہو گئی، آج تم مجھے معاف کر دو، میں آئندہ نہیں آؤں گا، مجھے اس کی باتیں سن کر رحم آ گیا اور میں نے اس کو چھوڑ دیا۔

جب صبح ہوئی تو میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے پوچھا اے ابو ہریرہؓ! رات کو جو شخص تمہارے پاس آیا تھا، تم نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جب وہ غلہ لینے لگا تو میں نے اس کو پکڑ لیا، جب وہ بہت رویا اور معافی مانگی تو مجھے اس پر رحم آ گیا اور میں نے اس کو چھوڑ دیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ وہ شخص جھوٹا ہے اور وہ آج رات دوبارہ آئے گا۔

جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمادیا کہ وہ آج رات دوبارہ آئے گا تو مجھے یقین ہو گیا کہ وہ دوبارہ ضرور آئے گا، چنانچہ اگلی رات کو میں پھر غلہ کے پاس چوکیداری کے لئے بیٹھ گیا، رات کا ایک حصہ گزرنے کے بعد دیکھا تو وہ شخص دوبارہ بیٹھا ہوا اپنے کپڑے میں غلہ بھر رہا ہے، میں نے پھر اس کو پکڑ لیا اور اس سے کہا کہ تم کل یہ کہہ کر گئے تھے کہ آئندہ کبھی نہیں آؤں گا، اب تم پھر آ گئے؟ اس نے پھر معافی مانگنی شروع کر دی کہ اے ابو ہریرہؓ! میں مجبوراً آ گیا، میرے گھر والے بھوکے ہیں، خدا کیلئے مجھے ایک دفعہ اور معاف کر دو، میں دوبارہ نہیں آؤں گا، مجھے رحم آ گیا اور میں نے اس کو چھوڑ دیا۔

جب صبح ہوئی تو میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے پوچھا کہ اے ابو ہریرہؓ! رات تمہارے پاس آنے والے شخص کا کیا ہوا؟ میں نے کہا کہ حضور وہ آیا تھا اور غلہ چوری کرنے لگا تھا، میں نے اس کو پکڑ لیا، لیکن جب وہ بہت رویا اور معافی مانگی تو مجھے اس پر رحم آ گیا اور

میں نے اس کو چھوڑ دیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جھوٹا ہے اور دوبارہ آئے گا۔ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمادیا کہ وہ دوبارہ آئے گا تو مجھے یقین ہو گیا کہ وہ دوبارہ ضرور آئے گا، چنانچہ اگلی رات میں پھر غلہ کے پاس چوکیداری کے لئے بیٹھ گیا، رات کا ایک حصہ گزرنے کے بعد دیکھا تو وہ شخص پھر بیٹھا ہوا غلہ چوری کر رہا ہے، میں نے جلدی سے جا کر اس کو پکڑا اور اس سے کہا کہ تم نے کل یہ کہا تھا کہ میں نہیں آؤں گا، تم پھر آ گئے، اس شخص نے پھر معافی مانگی اور رونے لگا کہ اے ابو ہریرہؓ! بس کیا بتاؤں، مجبوراً مجھے آنا پڑا، میرے گھر والے بھوکے ہیں، خدا کے لئے تم مجھے ایک دفعہ اور معاف کر دو، میں نے کہا کہ میں اب تمہیں نہیں چھوڑوں گا، تم جھوٹا وعدہ کرتے ہو کہ اب نہیں آؤ گے، پھر آجاتے ہو، اب میں تمہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کروں گا، جب اس نے دیکھا کہ میرا چھوٹنا مشکل ہے تو اس نے کہا کہ اے ابو ہریرہؓ! میں ایک ترکیب بتاتا ہوں، تم اس ترکیب پر عمل کرو گے تو پھر میں کبھی نہیں آؤں گا۔

لیکن میں یہ ترکیب جب بتاؤں گا جب تم یہ وعدہ کرو کہ تم مجھے چھوڑ دو گے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سے وعدہ کر لیا اور پوچھا کہ وہ کیا ترکیب ہے؟ اس شخص نے کہا کہ "آیت الکرسی" پڑھ کر دم کر لیا کرو اور پھر آرام سے سو جایا کرو، پھر تمہیں چوکیداری کرنے کی بھی کوئی ضرورت نہیں، پھر میری مجال نہیں کہ میں وہاں آجاؤں۔ جب اس

نے یہ کام کی بات بتائی تو میں نے اس کو چھوڑ دیا۔ صبح میں پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے پوچھا اے ابو ہریرہؓ! رات کو آنے والے شخص کا کیا قصہ ہے؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ حضور! جیسا آپ نے فرمایا تھا کہ وہ آئے گا، وہ آیا تھا، میں نے اس کو پکڑ بھی لیا تھا، لیکن آج رات وہ ایک ترکیب بتا گیا جس کی وجہ سے میں نے اس کو چھوڑ دیا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ اس نے کیا ترکیب بتائی ہے؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ اس نے یہ ترکیب بتائی ہے کہ تم آیت الکرسی پڑھ کر دم کر لیا کرو، پھر میں کبھی نہیں آؤں گا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ شیطان تھا اور حقیقت میں تو وہ جھوٹا ہے، لیکن سچی بات کہہ گیا، یعنی اپنا راستہ بند کرنے کا صحیح طریقہ وہ خود بتا گیا۔ واقعی یہی بات ہے کہ جس چیز پر آیت الکرسی پڑھ دی جائے وہ چیز محفوظ ہو جاتی ہے اور شیطان کا عمل دخل اس پر نہیں رہتا۔

حفاظت کا ایک دلچسپ واقعہ

ہندوستان میں دو ہی مدرسے مشہور تھے، ایک دارالعلوم دیوبند اور دوسرا مظاہر العلوم سہارنپور، یہ دونوں مدرسے تمام مدارس کی اصل اور بنیاد ہیں، باقی تمام مدرسے ان دونوں کی شاخیں ہیں۔ یہ اس زمانے کا واقعہ ہے

جب وہاں پر حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ جلوہ افروز تھے، یہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے استاذ تھے، اس زمانے میں مدرسے کے ایک خزانچی تھے، ان کا تکیہ کلام تھا ''اللہ کے فضل سے ایسا ہوا'' یعنی جب بھی کوئی بات کہتے تو یہ ضرور کہتے کہ ''اللہ کے فضل سے ایسا ہوا'' ایک روز خزانچی صاحب حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ حضرت! آج تو اللہ کے فضل سے اللہ کا غضب ہو گیا، حضرت والا ہنس پڑے اور کہا کہ اے بھائی! اللہ کے فضل سے اللہ کا غضب کس طرح ہو گیا؟ وہ خزانچی کہنے لگے کہ جس کمرے میں مدرسہ کا سرمایہ اور دوسری قیمتی اشیاء محفوظ ہوتی ہیں، میں نے آج رات اس کمرے میں تالہ لگایا اور آیت الکرسی پڑھ کر دم کر دیا اور پھر میں سو گیا، رات کو جب میری آنکھ کھلی تو دیکھا کہ چور آئے ہوئے ہیں اور اس کمرے کا تالہ توڑنے کے لئے زور لگا رہے ہیں، میں نے ان چوروں سے کہا کہ میں نے اللہ کے فضل سے آیت الکرسی پڑھ کر اس پر دم کیا ہوا ہے، میں جب جانوں جب تم اس کو توڑ کر دکھا دو، اللہ کے فضل سے صبح صادق ہو گئی، ساری رات وہ تالہ توڑنے کی کوشش کرتے رہے، مگر اللہ کے فضل سے تالہ نہیں ٹوٹا۔ حضرت نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص اس یقین کے ساتھ آیت الکرسی پڑھے تو اس کی حفاظت میں ذرہ برابر شبہ نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ ایسی عظیم آیت عطا فرمائی ہے جو حفاظت کے لئے تیر

بےہدف ہے۔

حفاظت کی دو شرطیں

بہر حال! اس آیت الکرسی کا یہ فائدہ بہت ہی اہم ہے جس کی ہم سب کو سخت ضرورت ہے، کتنے مسلمان آئے دن اپنی پریشانی ظاہر کرتے رہتے ہیں کہ صاحب! گھر میں ہم پیسے کیسے رکھیں؟ گھر سے پیسے چوری ہو جاتے ہیں اور غائب ہو جاتے ہیں، ان لوگوں کے لئے یہ بہترین نسخہ ہے، مگر اس کی حفاظت کی دو شرطیں ہیں، ایک یہ کہ وہ پیسہ حلال کا ہو، دوسرے یہ کہ اگر وہ بقدر نصاب ہے تو اس کی زکوۃ نکلی ہوئی ہو، پھر انشاء اللہ تعالیٰ آیت الکرسی کا یہ اثر ظاہر ہوگا اور اگر خدانخواستہ وہ پیسہ حرام کا ہے تو وہ خود ہی جانے والا ہے، اسی طرح اگر اس مال کی زکوۃ نکلی ہوئی نہیں ہے تو وہ بھی جانے والا ہے اور ہلاک ہونے والا ہے، لہٰذا وہ مال حلال ہو اور اس کی زکوۃ نکلی ہوئی ہو پھر اس پر آیت الکرسی کا دم کر دیا جائے تو وہ مال انشاء اللہ تعالیٰ کہیں جانے والا نہیں۔

جنّات اور آسیب وغیرہ سے حفاظت

تین چیزیں ایسی ہیں کہ اگر انسان ان کو اپنی زندگی کا معمول بنالے تو انشاء اللہ اس کو کبھی کوئی نقصان نہیں پہنچے گا، ایک آیت الکرسی اور ایک قل اعوذ برب الفلق اور ایک قل اعوذ برب الناس، یہ تینوں چیزیں حفاظت کے لئے

اکسیر ہیں، اگر کوئی شخص اپنا یہ معمول بنالے کہ سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے پورے جسم پر ہاتھ پھیر لے اور پھر ''قل اعوذ برب الفلق'' سات مرتبہ پڑھ کر اسی طرح دم کرلے، پھر ''قل اعوذ برب الناس'' سات مرتبہ پڑھ کر اسی طرح دم کرلے تو انشاءاللہ تعالیٰ جنات سے، آسیب سے، جادو سے، نظر بد سے اور تمام موذی چیزوں سے اس کی حفاظت ہو جائے گی، اگر کسی کو نظر لگ گئی ہو یا جادو یا جنات کا اس پر اثر ہو تو اس کا بھی یہی علاج ہے کہ روزانہ صبح وشام ۷، ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کرلیا کرے اور کم از کم ۲۱ روز تک یہ عمل کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کا اثر دور ہو جائے گا، اور زندگی بھر کا معمول بنالے تو بہت اچھا ہے ورنہ کم از کم ہر نماز کے بعد ایک ایک مرتبہ آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھنے کا معمول رکھے اور سوتے وقت چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے، یہ چیزیں ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری حفاظت کے لئے بتائی ہیں اور یہ احادیث طیبہ ثابت ہیں۔

دکان کی حفاظت کا عمل

اگر کسی دکان پر ''آیت الکرسی'' پڑھنے کا معمول بنالیا جائے تو وہاں پر کسی مسلح گارڈ کو رکھنے کی انشاءاللہ تعالیٰ ضرورت پیش نہیں آئے گی، وہاں پر ''آیت الکرسی'' حفاظت کا ذریعہ موجود ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آیت الکرسی

میں یہ تاثیر رکھی ہے کہ جس دکان پر آیت الکرسی پڑھ کر دم کر دیا جائے، اس میں چور اور ڈاکو داخل نہیں ہو سکتے، لیکن اوپر جو دو شرطیں بتائی ہیں، ان کا پایا جانا ضروری ہے، لہٰذا اگر آیت الکرسی کا دم کرنے کے باوجود چوری ہو جائے تو پھر آیت الکرسی کا قصور نہیں، ہمارا قصور ہے، یا تو ہم نے اس مال کی زکوۃ نہیں دی یا اس مال میں خدانخواستہ حرام مال شامل ہے، لہٰذا شریعت کے مطابق وہ مال حلال ہو اور اس کی زکوۃ نکالی ہوئی ہو تو پھر آیت الکرسی پڑھنے کے بعد آرام سے بیٹھیں۔

حفاظت خداوندی کا ایک عجیب واقعہ

چند سال پہلے گھوٹکی کے قریب ریل گاڑی کا بہت ہولناک حادثہ پیش آیا، آج تک اس جیسا ہولناک واقعہ کبھی پاکستان کی تاریخ میں پیش نہیں آیا، اس ریل گاڑی کا ایک ڈبہ جو سواروں سے بھرا ہوا تھا، اس حادثہ میں اس ڈبے کے تمام سواروں میں سوائے ایک آدمی کے کوئی نہیں بچا، سب کا قیمہ بن گیا، البتہ وہ بچ جانے والا شخص بیہوش ہو گیا تھا، جب اس شخص کو ہسپتال میں ہوش آیا تو وہ حیران ہوا کہ میں یہاں کہاں آ گیا؟ اس لئے کہ وہ یہ سمجھ رہا تھا کہ میں ریل کی برتھ پر سو رہا ہوں، اب آنکھ کھلی تو وہ ہسپتال کے بستر پر پڑا ہوا تھا، لوگوں نے اس کو بتایا کہ تمہیں کچھ پتہ نہیں، تمہاری ریل پر کیا قیامت گزر گئی، اور کیا حادثہ پیش آ گیا، لوگوں نے اس کو بتایا کہ جب ہم

زخمیوں کو جمع کر رہے تھے تو تم اپنی برتھ کے ساتھ ایک درخت کے اوپر تھے اور وہاں پر بیہوش تھے، ہم نے وہاں سے تم کو اتارا، اور ہسپتال میں لا کر داخل کر دیا، اب تمہیں ہوش آیا ہے، لہٰذا یہ بتاؤ کہ تم نے کون سا ایسا عمل کیا تھا جس کی وجہ سے تم بحفاظت درخت پر پہنچ گئے اور وہاں سے ہسپتال پہنچا دیئے گئے؟ اس نے بتایا کہ مجھے تو کچھ پتہ نہیں، البتہ میرا روزانہ کا معمول ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد جب میں سوتا ہوں تو آیت الکرسی پڑھ کے دم کر کے سوتا ہوں، گاڑی میں میرے پاس برتھ موجود تھی، میں نے معمول کے مطابق جب سونے کا ارادہ کیا تو آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا اور سو گیا، لوگوں نے بتایا کہ بس یہ آیت الکرسی کی برکت ہے کہ پورے ڈبے میں تمہارے علاوہ کوئی شخص نہیں بچا اور اس طرح بچے کہ حادثہ کی وجہ سے گاڑی کی چھت پھٹ گئی اور جھٹکے کی وجہ سے برتھ اپنی جگہ سے اکھڑ گئی اور اڑ کر درخت پر جا کر اٹک گئی اور اس جھٹکے میں تم بے ہوش ہو گئے۔ بہر حال! دیکھئے آیت الکرسی کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اس کی کیسی حفاظت فرمائی؟ لہٰذا جب بھی گاڑی میں بیٹھو، چاہے اسکوٹر ہو، چاہے سائیکل ہو، چاہے ہوائی جہاز ہو، بس آیت الکرسی پڑھنا مت بھولو، انشاء اللہ تعالیٰ حفاظت رہے گی۔

حفاظت اور خیر و برکت کا ذریعہ

بارہا کے تجربہ سے ایک بات بہت ہی مفید اور حفاظت کا باعث اور

بے حد خیر و برکت کا ذریعہ ثابت ہوئی ہے اور اس کا مأخذ قرآن کریم اور احادیث ہیں، وہ یہ کہ ہم دکان کھولتے وقت یا کارخانہ کھولتے وقت اور گھر میں داخل ہوتے وقت تین کام اہتمام سے کرلیا کریں، ایک یہ کہ داخل ہوتے وقت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ لیا کریں یا گھر میں داخل ہونے کی دعا پڑھ لیا کریں۔ وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَ خَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَ بِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا.

دوسرا کام یہ کریں کہ داخل ہونے کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دکان اور کارخانے کے مال پر اور پیسے رکھنے کے گلے پر دم کر دیں، تیسرا کام یہ کریں کہ دکان اور کارخانے کے اندر داخل ہونے کے بعد کچھ نفلی صدقہ اپنی حیثیت اور اپنی استطاعت کے مطابق نکال کر الگ رکھ دیں، چار آنے، آٹھ آنے، ایک روپیہ نکالنا تو ہر آدمی کی استطاعت میں ہوتا ہے، جس کو زیادہ کی استطاعت ہو، وہ زیادہ نکال دے، لیکن یہ نکالنا صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ہو، پھر ان پیسوں کو نکال کر الگ رکھ دیں، چاہے اس کے لئے الگ لفافہ بنالیں، چاہے اس کے لئے الگ دراز بنالیں، اس کے بعد شام تک دکان یا کارخانے میں کام کریں، جب شام کو دکان یا کارخانہ بند کرنے کا ارادہ کریں یا سوتے وقت گھر کا دروازہ بند کرنے کا ارادہ کریں تو اس وقت پھر یہ عمل دوبارہ کریں کہ دروازہ بسم اللہ پڑھ کر بند کریں اور آیت

الکرسی پڑھ کر دم کر دیں اور پھر ایک روپیہ، دو روپیہ، پانچ روپے، یا جتنی حیثیت ہو، نفلی صدقہ نکال کر الگ رکھ دیں، روزانہ کا یہ معمول بنائیں، دو تین چلے گزرنے کے بعد آپ کو اپنی آنکھوں سے یہ نظر آئے گا کہ آپ واقعۃً اللہ تعالیٰ کی خاص حفاظت میں ہیں۔

نفلی صدقہ کی اہمیت

نفلی صدقہ کے اندر اللہ تعالیٰ نے یہ خاصیت رکھی ہے کہ اسکے نتیجے میں پریشانیاں، بیماریاں اور تکالیف دور ہوتی ہیں، قرآن کریم اور احادیث مبارکہ میں بیشمار مقامات پر صدقہ نافلہ کے فوائد کا ذکر موجود ہے، صدقہ نافلہ کی مثال ایسی ہے جیسے بارش میں چھتری، جس طرح موسلا دھار بارش میں آدمی چھتری کی وجہ سے بارش کے پانی سے محفوظ ہو جاتا ہے، اسی طرح صدقہ کی وجہ سے انسان بہت ساری بیماریوں اور پریشانیوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

صدقہ میں کالے بکرے کا ذبح کرنا جائز نہیں

لیکن ہمارے یہاں یہ رواج ہے کہ جب کسی کی جان پر بن جاتی ہے تو جان بچانے کے لئے خاص کالے بکرے کا صدقہ لازم اور معین سمجھا جاتا ہے، مثلاً اگر کسی کا باپ مر رہا ہے یا ماں مر رہی ہے یا بیٹا ہسپتال میں داخل ہے اور اس کا آپریشن ہونے والا ہے تو اس وقت صدقہ کا خیال آتا ہے کہ

جلدی سے کالا بکرا لاؤ اور اس کو ذبح کر کے صدقہ دیدو، تاکہ جان بچ جائے۔
یاد رکھئے! جان کے بدلے جان کا صدقہ دینا یہ لوگوں کا غلط عقیدہ ہے اور اپنی طرف سے کالا بکرا صدقہ کے لئے متعین کرنا جائز نہیں، اس غلط عقیدے سے اور کالے بکرے کو لازم سمجھنے سے بچنا چاہئے، از روئے شرع صدقہ میں کوئی بھی چیز دی جاسکتی ہے، کوئی خاص چیز مقرر اور لازم نہیں ہے، بلکہ بہتر یہ ہے کہ جس چیز کے ذریعہ فقیر کی ضرورت زیادہ آسانی سے پوری ہو، ایسی چیز صدقہ میں دیں، اور یہ بات ہم جانتے ہیں کہ فقیر کی ضرورت زیادہ آسانی کے ساتھ اکثر پیسوں سے پوری ہوتی ہے، اس لئے جب استطاعت ہو تو پیسے صدقہ کرنے چاہئیں اور بغیر متعین کئے کوئی بھی چیز صدقہ کی جاسکتی ہے۔
بہر حال! کسی مصیبت و پریشانی میں بکرا اور وہ بھی کالا خیرات کرنے سے بچنا چاہئے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بکرا صدقہ کرنے میں ایک غلط عقیدہ پوشیدہ ہے، وہ یہ کہ جان کے بدلے جان دینا ضروری ہے، تب مرنے والے کی جان بچ سکتی ہے، ورنہ نہیں بچ سکتی، یہ عقیدہ غلط ہے، کیونکہ شریعت میں سوائے دو جگہوں کے کسی اور جگہ پر جان دینا ثابت نہیں، ایک قربانی میں اور ایک عقیقے میں، قربانی میں بھی جان دی جاتی ہے اور عقیقے میں بھی بکرا ذبح کیا جاتا ہے، لیکن مصیبت اور تکلیف کے وقت کالا بکرا ذبح کرنا شریعت میں نہیں ہے، اس لئے ایسے موقع پر بکرا ذبح کرنے سے پرہیز کرنا چاہئے۔
لہٰذا نفلی صدقہ میں سب سے بہتر یہ ہے کہ نقد رقم دیدیں اور وہ رقم بھی

بکرے کی قیمت کے برابر ہونا ضروری نہیں، جب کسی شخص کو منع کیا جاتا ہے کہ صدقہ میں کالا بکرا مت دو تو فوراً وہ شخص سوال کرتا ہے کہ اچھا کیا بکرے کی قیمت دیدیں؟ حالانکہ اگر بکرے کی قیمت صدقہ میں دیدی تب بھی تصور میں تو بکرے کا صدقہ ہی ہوگا اگرچہ ظاہراً نہ ہو، اور جب اصل غلط ہے تو اس کا تصور بھی غلط ہے، لہٰذا نہ بکرا دیں اور نہ بکرے کی قیمت دیں، بلکہ حسب استطاعت صدقہ دیدیں، چاہے وہ بکرے کی قیمت سے دس گنا زیادہ ہو یا دس گنا کم ہو، بس اللہ کی رضا کے لئے حسب استطاعت صدقہ دیدو۔

دواؤں کا آنا بند

آج کل کوئی گھر بیماری سے خالی نہیں، اس لئے سب سے زیادہ کامیاب کاروبار ڈاکٹروں کا ہے، میرے ایک دوست ڈاکٹر ہیں، وہ کہتے ہیں کہ کراچی میں کلینک اتنا چلتا ہے کہ اتنا کسی اور شہر میں نہیں چلتا، اس لئے کہ یہاں مریضوں کی کوئی کمی نہیں، جہاں بیٹھ جاؤ، مریضوں کی لائن لگی ہوئی ہے، کوئی گھر مریضوں سے خالی نہیں، گویا ہر گھر ایک لحاظ سے ہسپتال ہے، جہاں مریض ہی مریض ہیں، اگر محلے میں ایک ڈاکٹر ہو تو وہ پورے محلے کا ڈاکٹر ہے، اس ڈاکٹر کو پھر کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں، پہلے تو صرف بوڑھوں کو بیماریاں ہوتی تھیں، اب ہم دیکھتے ہیں کہ بچہ، بوڑھا، جوان تینوں بیماری میں برابر ہیں، تینوں گولیاں کھا رہے ہیں، الا ماشاء اللہ۔

صدقہ میں اللہ تعالیٰ نے یہ برکت بھی رکھی ہے کہ جس گھر سے مسلسل صدقہ نکلتا رہے گا، اس گھر میں دواؤں کا آنا بند ہوجائے گا اور اس گھر کو دواخانے سے نجات مل جائے گی، انشاء اللہ۔ یہ سب بزرگوں کے تجربات عرض کررہاہوں، چنانچہ بعض بزرگوں نے بتایا کہ ہمارے ہاں کوئی بیماری نہیں اور کوئی تکلیف نہیں، اس کی وجہ انہوں نے یہ بتائی کہ جب سے ہم نے نفلی صدقہ نکالنے کا اہتمام کیا ہے، اس وقت سے ہمارے گھر میں دوا کی شیشی آنا بند ہوگئی اور ڈاکٹروں سے دوستی ختم ہوگئی۔ اور صدقہ سے صرف جسمانی بیماریاں ہی دور نہیں ہوتیں بلکہ دوسری آفات اور بلیات بھی اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے دور فرمادیتے ہیں۔

بسم اللہ کی برکت

اور جو تاثیر ''آیت الکرسی'' کی ہے، وہی تاثیر بسم اللہ کی ہے کہ بسم اللہ پڑھ کر جس چیز پر دم کردیا جائے، وہ محفوظ ہوجاتی ہے اور جس دروازے پر دم کرکے بند کردیا جائے، شیطان اس کے اندر داخل نہیں ہوتا، چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ جب کوئی شخص عشاء کی نماز کے بعد اپنے گھر کی طرف جاتا ہے تو شیطان بھی اس کے ساتھ چلتا ہے، اگر وہ شخص گھر میں داخل ہوتے وقت بسم اللہ پڑھ لیتا ہے تو شیطان باہر کھڑا رہ جاتا ہے اور اندر داخل نہیں ہوتا، اور جب وہ شخص کھانا شروع کرتے وقت بسم اللہ پڑھ لیتا ہے تو

شیطان اس کے ساتھ کھانے میں بھی شریک نہیں ہوتا، پھر شیطان اپنے ساتھیوں سے کہتا ہے کہ میں تو یہ آس لے کر آیا تھا کہ آج میں اس گھر میں رات گزاروں گا اور اس کے ساتھ کھانا بھی کھاؤں گا، لیکن اس شخص نے میرا دروازہ بند کر دیا، اس شخص نے بسم اللہ پڑھ کر مجھے گھر میں داخلے سے بھی محروم کر دیا اور کھانے سے بھی محروم کر دیا، اب یہاں پر نہ میرے داخلے کی گنجائش ہے اور نہ ہی کھانے کی گنجائش ہے، اب میں کوئی اور گھر تلاش کروں گا۔

بسم اللہ نہ پڑھنے کی نحوست

اور اگر وہ شخص "بسم اللہ" پڑھے بغیر داخل ہوتا ہے تو شیطان بھی اس کے ساتھ اندر داخل ہو جاتا ہے، پھر جب وہ شخص "بسم اللہ" پڑھے بغیر کھانا کھاتا ہے تو شیطان بھی اس کے ساتھ کھانے میں شریک ہو جاتا ہے، پھر وہ اپنے ساتھیوں سے کہتا ہے کہ میری طرف سے بے فکر ہو جاؤ، مجھے تو رات گزارنے کی جگہ بھی مل گئی ہے اور کھانا بھی مل گیا ہے، اب تم اپنی فکر کرو کہ تمہیں بھی رات گزارنے کی کوئی جگہ ملتی ہے یا نہیں؟ اب وہ شیطان اس گھر کے اندر رات گزارتا ہے جس کے نتیجے میں اس گھر سے سکون اٹھ جاتا ہے اور ان کے ساتھ کھانا کھانے کے نتیجے میں کھانے سے برکت بھی اٹھ جاتی ہے اور وہ شیطان اس گھر کے اندر پوری کارروائی کرتا ہے، سب گھر والوں کو

گناہوں پر ابھارتا ہے اور آپس میں لڑائی جھگڑے کراتا ہے اور سب گھر والوں کو بے سکونی اور بے اطمینانی کے اندر مبتلا کر دیتا ہے۔

کسی عامل کے پاس جانے کی ضرورت نہیں

بہر حال! اگر ہم ہر اہم کام کے شروع میں بسم اللہ پڑھنے کی عادت ڈال لیں اور نفلی صدقہ کا معمول بنالیں اور آیت الکرسی، سورۂ فلق اور سورۂ ناس کے پڑھنے کا دائمی معمول بنالیں، مرد حضرات بھی، خواتین بھی، بچے اور بوڑھے بھی، تو نہ جانے کتنی تکلیفوں سے، کتنی بیماریوں سے، کتنی ایذاء دینے والی چیزوں سے اور سحر و آسیب سے محفوظ ہو جائیں، پھر انشاء اللہ تعالیٰ کسی عامل کے پاس جانے کی بھی ضرورت نہیں پڑے گی۔

بہر حال! اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے یہ آیت اور حفاظت کی دیگر چیزیں ملی ہوئی ہیں، اب اگر ہم ان پر عمل نہ کریں تو یہ ہمارا ہی قصور ہے اور ہماری کوتاہی ہے، ورنہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے تو ہماری جان اور ہمارے مال کی حفاظت کیلئے اور آخرت کے اجر و ثواب کے لئے یہ ایسی ایسی نادر چیزیں عطا فرما رکھی ہیں، اللہ جل شانہ اپنے فضل سے ہمیں ان کی قدر کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین

درود وسلام اور اُنکے فضائل

اللہ تعالیٰ کا ارشاد

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ اور اسکے فرشتے نبی (اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) پر رحمت بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو (تا کہ ان کا حق عظمت ادا ہو)

درود وسلام پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔

سب سے افضل درود شریف "درود ابراہیمی"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. (صحاح ستہ)

یہ درود شریف سب سے زیادہ صحیح اور سب سے زیادہ افضل ہے۔ (ص۱۹)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

جو شخص یہ درود شریف پڑھے گا، اس کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت واجب ہوگی۔ (ص۳۹)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰى قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ

جو شخص یہ درود شریف پڑھے گا اسکو خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوگی۔ (ص۴۷)

روزی میں برکت

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ، وَ صَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ اسکا مال بڑھ جائے، وہ مذکورہ درود شریف پڑھا کرے۔ (زادالسعید ۱۱)

مسجد میں آنے اور جانے پر درود

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں جاتے یا مسجد سے نکلتے تو یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔ (ص ۵۵)

مکمل درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ سے ایک مرتبہ فرمایا کہ تم نامکمل درود شریف نہ پڑھا کرو، پھر صحابہ کرامؓ کے دریافت کرنے پر آپ نے مذکورہ درود شریف تعلیم فرمایا۔ (ص ۴۴)

دوزخ سے نجات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ۨ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

حضرت خلاد رحمۃ اللہ علیہ جمعہ کے دن یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھا کرتے تھے، ان کے انتقال کے بعد انکے تکیے کے نیچے سے ایک کاغذ ملا جس پر لکھا ہوا تھا کہ یہ خلاد بن کثیرؒ کیلئے دوزخ سے آزادی کا پروانہ ہے۔

(ص ۱۸۲)

جنت میں ٹھکانہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ عَلَیْهِ السَّلَامُ

جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ مذکورہ درود شریف پڑھنے والے کو مرنے سے پہلے جنت میں اس کا ٹھکانہ دکھادیا جائے گا۔ (ص ۸۲)

اسّی سال کی عبادت کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا

جمعہ کے دن جہاں نماز عصر پڑھی ہو، اسی جگہ پر اٹھنے سے پہلے اسی (۸۰) مرتبہ یہ درود شریف پڑھنے سے اسی (۸۰) سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور اسّی سال کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔ (فضائل درود ۷۰)

پریشانیاں دور ہوں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاهِرِ الزَّکِیِّ صَلَاةً تُحَلُّ بِهَا الْعُقَدُ وَتُفَكُّ بِهَا الْکُرَبُ

یہ درود شریف بار بار پڑھنے سے اللہ تعالیٰ پریشانی دور فرمادیتے ہیں۔

(ص ۱۱۴)

بخشش کا ذریعہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ

امام اسماعیل بن ابراہیم مزنی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ پاک نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ تو آپ نے جواب دیا کہ اس درود شریف کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے بخش دیا اور عزت واحترام سے جنت میں لے جانے کا حکم دیا۔

(زادالسعید)

ایمان کی حفاظت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ صَلَاۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِکَ

جو شخص پچاس مرتبہ دن میں اور پچاس مرتبہ رات میں اس درود شریف کا ورد رکھے تو اس کا ایمان جانے سے محفوظ ہوگا، انشاءاللہ تعالیٰ۔

(ص۱۵۲)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ مبارک کی زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا وَّ لِحَقِّہٖ اَدَاءً ط

جو شخص نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد ۳۳۔۳۳ بار یہ درود شریف پڑھے گا تو اس شخص کی قبر کے اور روضۂ اقدس کے درمیان ایک کھڑکی کھول دی جائے گی، اور روضۂ اقدس کی زیارت اس کو نصیب ہوگی۔ (ص ۱۵۳)

ثواب میں سب سے زیادہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَسَلَّمْ

یہ درود شریف پڑھنے میں چھوٹا اور ثواب میں سب سے زیادہ ہے، جو شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ اس کو پڑھے تو کبھی محتاج نہ ہو۔ (ص ۱۵۳)

ہر درد کی دوا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَاءٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

ہر درد اور بیماری دور ہونے کے لئے اول و آخر مذکورہ درود شریف تین تین بار پڑھیں اور درمیان میں مع بسم اللہ سورۂ فاتحہ اور اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کریں۔ (ص ۱۶۰)

قرض کی ادائیگی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ

ظہر کی نماز کے بعد یہ درود شریف سو مرتبہ پڑھنے والے کو تین باتیں حاصل ہوں گی۔

۱۔ کبھی مقروض نہ ہوگا۔

۲۔ اگر قرض ہوگا تو وہ ادا ہو جائے گا خواہ جتنا بھی قرض ہو۔

۳۔ قیامت کے دن اس کا کوئی حساب نہ ہوگا۔

درود باعثِ زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ٭النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ آلِہٖ وَ سَلِّمْ

جو شخص جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے، اس کو خواب میں رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوگی۔ پانچ یا سات جمعہ تک پابندی سے اس کو پڑھیں۔ (ص ۱۶۲)

جنت کے پھل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّ

بَارِكْ وَ سَلِّمْ

جو شخص روزانہ اس درود شریف کی پابندی کرے، وہ جنت کے خاص پھل اور میوے کھائے گا۔ (ص ۱۷۳)

ہزار دن تک ثواب ملنا

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ جَزَاہُ عَنَّا مَاھُوَ اَھْلُہٗ

جو شخص یہ درود شریف پڑھے تو ثواب لکھنے والے ستر فرشتے ایک ہزار

دن تک اس کا ثواب لکھیں گے۔ (ص ۱۷۷)

تمام درودوں کے برابر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذِکْرِہٖ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّۃٍ

یہ درود شریف پڑھنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سارے درود بھیجنے کے برابر ہے۔ (ص ۱۹۰)

عرشِ عظیم کے برابر ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِلْأَ السَّمٰوٰتِ وَ مِلْأَ الْاَرْضِ وَ مِلْأَ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

اس درود شریف کے پڑھنے والے کو آسمان و زمین بھر کر اور عرش عظیم کے برابر ثواب ملتا ہے۔ (ص ۱۸۲)

دنیا و آخرت کی برکات کا حصول

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَافِیْ جَمِیْعِ الْقُرْآنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّ بِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

دنیا و آخرت کی برکتیں حاصل کرنے کے لئے اپنے وظائف و معمولات کے ختم پر یہ درود شریف پڑھ لیا کریں۔ (ص ۱۹۲)

چاند سے زیادہ چمکدار چہرہ ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ صَلَوَاتِکَ شَیْئٌ وَّ بَارِکْ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ بَرَکَاتِکَ شَیْئٌ وَّ ارْحَمِ النَّبِیَّ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ رَّحْمَتِکَ شَیْئٌ وَّ سَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ سَلَامِکَ شَیْئٌ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اس درود شریف کے پڑھنے والے کا چہرہ پل صراط سے گزرتے وقت چاند سے زیادہ چمکدار ہوگا۔

(ص ۱۷۵)

کامل درود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلَیْہِ کَمَا یَنْبَغِیْ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا درود شریف دریافت کیا جس کو کامل درود شریف کہا جاسکے تو آپ نے درود بالا تلقین فرمایا۔ (ص ۴۴)

قرب خاص کا ذریعہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز ایک شخص کو اپنے اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان بٹھایا، صحابہ کرام کو اس پر تعجب ہوا تو آپ نے فرمایا کہ یہ شخص مجھ پر مذکورہ درود شریف پڑھتا ہے۔ (ص ۵۰)

دعا قبول ہونا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ ارْضَ عَنْہُ رِضًی لَا سَخَطَ بَعْدَہٗ

جو شخص اذان کے وقت یہ درود شریف پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکی دعا قبول فرمائیں گے۔ (ص ۵۳)

دعاء قنوت کے بعد درود شریف

وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمَ

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْ مَنْ ھَدَیْتَ۔ الخ والی دعاء قنوت کے بعد مذکورہ الفاظ سے درود شریف پڑھا کرتے تھے۔

(ص ۵۵)

مغفرت کا ذریعہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ وَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ ..

جو شخص چھینک آنے پر یہ درود شریف پڑھے گا تو منجانب اللہ ایک پرندہ پیدا ہوگا جو عرش کے نیچے پھڑ پھڑائے گا اور عرض کرے گا کہ اس درود شریف کے پڑھنے والے کو بخش دیجئے۔ (ص ۵۸)

تابعینؒ کا درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اَبِیْنَا اِبْرَاھِیْمَ

حضرت سفیان بن عیینہؒ نے فرمایا: میں نے ستر سال سے زیادہ حضرات تابعین رحمہم اللہ تعالیٰ کو دوران طواف یہ درود شریف پڑھتے ہوئے سنا۔ (ص ۱۰۰)

دشواری دور ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَ مُسْتَحِقُّہٗ

جس شخص کو کوئی دشواری لاحق ہو اور وہ تنہائی میں باوضو یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر دل سے دعا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ دشواری دور ہوگی۔ (ص ۱۴۹)

دس ہزار مرتبہ کے برابر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ

اس درود شریف کے بارے میں منقول ہے کہ یہ دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔ (ص ۱۵۰)

اسّی سال کے گناہ معاف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق جو شخص اسّی مرتبہ یہ درود شریف پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے اسّی سال کے گناہ معاف فرما دیں گے۔ (ص۱۶۶)

اولاد کو عزت ملنا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ صَلٰوةً اَنْتَ لَهَا اَهْلٌ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ كَذٰلِكَ

جو شخص صبح و شام سات سات مرتبہ اس درود شریف کو پابندی سے پڑھے تو اسکی برکت سے اللہ تعالیٰ اسکی اولاد کو باعزت رکھے گا۔ (ص۱۶۴)

جنت میں اپنا مقام دیکھنا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةً

جو شخص جمعہ کے دن ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو وہ اس وقت تک نہ مرے گا جب تک وہ مرنے سے پہلے جنت میں اپنا ٹھکانہ نہ دیکھ لے۔ (ص۶۰)

بڑے پیمانہ سے ثواب ملنا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ وَ اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ

الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق جو شخص چاہے کہ بڑے پیمانے کے ساتھ اس کو ثواب دیا جائے تو اس کو چاہئے کہ یہ درود شریف پڑھے۔ (ص ۳۲)

صدقہ کے قائم مقام

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ صَلِّ عَلَى

الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق جس شخص کے پاس صدقہ دینے کیلئے کوئی چیز نہ ہو، وہ یہ درود شریف پڑھا کرے، یہ اس کیلئے صدقہ کے قائم مقام ہے۔ (ص ۵۲)

بڑا جام کوثر عطا ہونا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَ اَوْلَادِهٖ

وَ اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ اَصْهَارِهٖ وَ اَنْصَارِهٖ وَ

اَشْيَاعِهٖ وَمُحِبِّيْهِ وَ اُمَّتِهٖ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ اَجْمَعِيْنَ يَا اَرْحَمَ

الرَّاحِمِيْنَ

جو شخص رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض کوثر سے بڑے پیمانے کیساتھ پانی نوش کرنا چاہے، اسکو چاہئے کہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔ (ص ۹۷)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا ذریعہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَہٗ

جو شخص خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنا چاہتا ہو، وہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔ (ص۱۰۶)

افضل درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مَلَأْتَ قَلْبَہٗ مِنْ جَلَالِکَ وَ عَیْنَیْہِ مِنْ جَمَالِکَ فَأَصْبَحَ فَرِحًا مَّسْرُوْرًا مُّؤَیَّدًا مَّنْصُوْرًا

شیخ ابو عبد اللہ بن نعمان رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں سو مرتبہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی، آخری مرتبہ میں انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل درود شریف کے بارے میں دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ درود شریف تعلیم فرمایا۔ (ص۶۹)

تمام اوقات میں درود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اَوَّلِ کَلَامِنَا، اَللّٰھُمَّ صَلِّ

عَلٰى مُحَمَّدٍ فِىْ اَوْسَطِ كَلَامِنَا، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
فِىْ آخِرِ كَلَامِنَا

شیخ الاسلام ابو العباسؒ نے فرمایا: جو شخص دن اور رات میں تین تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے وہ گویا رات و دن کے تمام اوقات میں درود بھیجتا رہا۔ (ص ۱۹۱)

ستر ہزار فرشتوں کا استغفار

جَزَى اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هُوَ اَهْلُهٗ

جو شخص یہ کہے اس کے لئے ستر ہزار فرشتے ایک ہزار دن تک استغفار کرتے رہیں گے۔ (ص ۲۰)

حسن خاتمہ کی بشارت

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ
يَوْمَ الْقِيَامَةِ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اس درود شریف کے پڑھنے والے کے لئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت واجب ہوگی، جس میں اس کے حسن خاتمہ کی بشارت ہے۔ (ص ۳۹)

چند نیکیاں اور ایصال ثواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم ؑ اما بعد

احادیث طیبہ میں چند اعمال ایسے ملے جو بظاہر بہت مختصر اور ہلکے پھلکے معلوم ہوئے، اور ان پر اجر و ثواب بہت زیادہ بیان ہوا جو اس کریم ذات کا محض فضل و کرم ہے اور اس کی بے انتہا بخشش ہے جو ہم فقیروں کے لئے اس کی رحمت بیکراں ہے، یہاں ان اعمال کو جمع کیا گیا ہے تا کہ ہر شخص وہ ثواب عظیم حاصل کر سکے، لیکن یاد رہے کہ دین صرف ان اعمال میں منحصر نہیں ہے، ہر مسلمان پر فرض ہے کہ وہ تمام حقوق و فرائض ادا کرے، اور تمام گناہوں سے توبہ کرے اور بچنے کی بھرپور کوشش بھی کرے۔

آنے والے بعض اعمال پر گناہوں کی بخشش کا وعدہ ہے، ان کے متعلق ذہن نشین رہے کہ ان میں معافی سے گناہ صغیرہ کی معافی مراد ہے، کیونکہ گناہ کبیرہ توبہ کے بغیر معاف نہیں ہوتے، لہٰذا کسی کو یہ غلط فہمی نہ ہو کہ خواہ وہ کسی قسم کے کتنے ہی گناہ کرتا رہے، توبہ کے بغیر ان آسان اعمال کے ذریعہ معافی ہوتی رہے گی۔

نیز کوئی صاحب یہ دھوکہ بھی نہ کھائیں کہ جب ہم بڑے نیک کاموں

سے محروم ہیں تو ان آسان اور مختصر اعمال کو کرنے سے کیا فائدہ؟ یا جب ہم بڑے بڑے نیک اعمال کررہے ہیں تو ان اعمال کی کیا ضرورت ہے؟ یہ دونوں خیال شیطانی دھوکہ ہیں، کیونکہ سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا جن پر ہمارے ماں باپ قربان ہوں، ارشاد ہے:

''نیکی کی کسی بات کو ہرگز حقیر مت سمجھو!''

اس لئے کہ کیا بعید ہے کہ یہی نیکی قبول ہو جائے اور اسی کی برکت سے ہماری باقی زندگی بھی درست ہو جائے۔ لہٰذا اس جذبہ اعتدال سے ان اعمال کا مطالعہ فرمائیں اور عمل فرمائیں۔

وما توفیقی الا باللّٰہ ولا حول و لا قوۃ الا باللہ

شیطان سے حفاظت

شیطان انسان کا دشمن ہے جو ہر طرح سے انسان کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہے، اسکے شر سے بچنے کیلئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جو شخص بوقت صبح (ایک مرتبہ) اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھے تو شام تک شیطان (کے شر) سے اس کی حفاظت کی جائے گی۔ (کنز العمال)

چار بیماریوں سے تحفظ

آج کل بے شمار بیماریاں پھیلی ہوئی ہیں، جس قدر دواخانے، شفا

خانے اور ہسپتال بن رہے ہیں، بیماریاں ان سے زیادہ بڑھ رہی ہیں، چنانچہ جن بیماریوں کا کبھی نام تک نہ سنا تھا، آج وہ عام پائی جاتی ہیں، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار خطرناک بیماریوں سے تحفظ کا بہت آسان طریقہ بیان فرمایا ہے، ملاحظہ کیجئے اور عمل کیجئے!

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

(اے قبیصہ!) جب تم فجر کی نماز پڑھ لو تو نماز فجر کے بعد تین مرتبہ (یہ کلمات) کہہ لیا کرو، **سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔** اللہ تعالیٰ تمہیں چار بلاؤں سے محفوظ رکھیں گے، جذام، جنون، اندھاپن اور فالج سے۔ (عمل الیوم و اللیلۃ)

دوزخ سے نجات

دنیا کی ساری تکالیف مل کر جہنم کے کسی ادنیٰ عذاب کے برابر نہیں ہوسکتیں، دوزخ کا عذاب بہت ہی ہولناک ہے، اللہ پاک محفوظ رکھیں، آمین۔ ذیل میں اس سے بچنے کا ایک آسان طریقہ بیان کیا گیا ہے، دل کی گہرائی سے صبح و شام اس پر عمل کرنا چاہئے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

جب تم مغرب کی نماز سے فارغ ہو جاؤ تو **اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ** سات مرتبہ کہو، کیونکہ اگر تم نے (مغرب کی نماز کے بعد) یہ کلمات کہے اور

اسی رات تمہارا انتقال ہو گیا تو تمہارے واسطے جہنم سے آزادی کا ایک پروانہ لکھ دیا جائے گا، اسی طرح فجر کی نماز سے فارغ ہو کر یہ کلمات سات مرتبہ کہو، پھر اگر اس روز تمہارا انتقال ہو گیا تو تمہارے لئے دوزخ سے آزادی کا ایک پروانہ لکھ دیا جائے گا۔ (کنز العمال)

لاکھوں نیکیاں

بازار غفلتوں اور گناہوں کی جگہ بھی ہے اور بازار جانا ایک ضرورت بھی ہے، لہٰذا اگر وہاں خریداری کے دوران اللہ تعالیٰ کا ذکر ہوتا رہے تو خیر ہی خیر ہے۔ حدیث میں درج ذیل ذکر کی بڑی فضیلت آئی ہے:

لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْـدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص بازار میں داخل ہو کر یہ کلمات کہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے دس لاکھ نیکیاں لکھتے ہیں اور دس لاکھ (صغیرہ) گناہ معاف فرماتے ہیں اور دس لاکھ درجے بڑھاتے ہیں (ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ) اور اس کے لئے جنت میں ایک محل بناتے ہیں۔

(ترمذی)

ان کلمات کو زبانی یاد کر لیں اور بازار میں بار بار پڑھتے رہیں۔

شب قدر کے برابر ثواب

قرآن کریم کی رو سے شب قدر میں عبادت کرنے کا ثواب ایک ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے اور ایک ہزار مہینوں میں تیس ہزار راتیں ہوتی ہیں اور سالوں کی تعداد تراسی (۸۳) سال چار ماہ بنتی ہے جو محض حق تعالیٰ کا انعام ہی انعام ہے اور چونکہ ان کی رحمت کی کوئی انتہا نہیں ہے، اس لئے اگر وہ کسی اور عمل پر بھی شب قدر کا ثواب دیدیں تو ان کے خزانہ رحمت میں کچھ کمی نہیں آتی، چنانچہ درج ذیل کلمات تین مرتبہ کہنے سے شب قدر کے برابر ثواب ملتا ہے، آپ بھی یاد کرلیں اور یہ ثواب حاصل کریں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

(کنز العمال، ص ۲۲۶، ج ۲)

بیشمار گناہوں کی معافی

درج ذیل استغفار کے بارے میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص (رات کو سونے کیلئے) اپنے بستر پر آئے اور تین مرتبہ یہ کلمات کہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

اللہ تعالیٰ اسکے (سارے صغیرہ) گناہ معاف فرمادینگے اگر چہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں یا مقام عالج کی ریت کے ذرّات کے مساوی ہوں یا درخت کے پتوں کے برابر ہوں یا دنیا کے دن ورات کے برابر ہوں۔ (ترمذی)

ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ (ایک بار) کہے تو اس کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ (کنز العمال، ص ۲۲۶، ج ۲)

ہر نماز کے بعد دس مرتبہ یا ۳۳ مرتبہ پڑھ لیا کریں اور کیا ہی اچھا ہو کہ سو مرتبہ صبح اور ۱۰۰ ار مرتبہ شام کو پڑھ لیا کریں اور اسکے ساتھ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ بھی ملا لیا کریں۔

جنت میں درخت

سُبْحَانَ اللّٰہِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ (ایسے پیارے کلمات ہیں کہ) انمیں سے ہر کلمہ (کہنے کے عوض) جنت میں ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔ (ماخذہ کنز العمال، ص ۴۶۱، ج ۱)

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنے پر بخشش

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ کے عرش کے

سامنے نور کا ایک ستون ہے، جب بندہ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کہتا ہے تو یہ ستون ہلنے لگتا ہے، حق تعالیٰ شانہ فرماتے ہیں: ٹھہر جا، وہ ستون عرض کرتا ہے کہ میں کیسے ٹھہر جاؤں؟ حالانکہ ابھی اس کلمے کے پڑھنے والے کی مغفرت نہیں ہوئی، اس پر حق تعالیٰ فرماتے ہیں: اچھا میں نے اس کی مغفرت کر دی، چنانچہ وہ ستون ٹھہر جاتا ہے۔

ف: چلتے پھرتے اگر اس کلمے کو پڑھنے کا معمول بنالیں تو یہ آسان بھی ہے اور ثواب عظیم کا ذریعہ اور مغفرت کا سامان بھی ہے۔

جمعہ کے دن درود و سلام کی کثرت

درود و سلام بڑی محبوب اور بڑی مقبول عبادت ہے اور آخرت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک ہونے کا اہم ذریعہ ہے، احادیث طیبہ میں اس کے بڑے فضائل آئے ہیں، ان میں جمعہ کے دن درود و سلام کی کثرت کرنے کی خاص تاکید و ترغیب ہے، سب سے افضل درود ابراہیمی ہے اور سب سے چھوٹا درود صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ یا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْـہِ وَسَلَّمَ ہے، ان سے بھی درود شریف کی فضیلت حاصل ہو جاتی ہے، اس سلسلے میں چند احادیث ملاحظہ ہوں:

شفاعت کرنا اور گواہ بننا

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کے دن اور شب جمعہ میں

مجھ پر درود کثرت سے بھیجا کرو، کیونکہ جو شخص ایسا کرے گا، میں قیامت کے دن اس کے لئے گواہ اور سفارشی ہوں گا۔ (کنز العمال، ص ۴۸۹، ج ۱)

نور عظیم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر سو مرتبہ درود شریف پڑھتا ہے، وہ قیامت کے دن اس حالت میں آئے گا کہ اس کے ساتھ (ایک ایسا) نور ہوگا کہ اگر وہ نور ساری مخلوق پر تقسیم کر دیا جائے تو ان سب کے لئے کافی ہو۔ (کنز العمال، ص ۵۰۷، ج ۲)

دو سو سال کے گناہ معاف

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن دو سو مرتبہ مجھ پر درود شریف پڑھے۔ اس کے دو سو سال کے گناہ (صغیرہ) معاف کر دیے جائیں گے۔ (کنز العمال، ص ۵۰۷، ج ۲)

سو حاجتیں پوری

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن یا شب جمعہ میں مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجے، اللہ تعالیٰ اس کی سو حاجتیں پوری فرماتے ہیں، ستر آخرت کی اور تیس دنیا کی، اور اللہ تعالیٰ اس کے اس درود کو مجھ تک پہنچانے کے لئے ایک فرشتہ مقرر فرماتے ہیں جو اس کو میری قبر میں (اس

طرح) پیش کرتا ہے جس طرح تمہاری خدمت میں تحفے پیش کیے جاتے ہیں اور بلا شبہ میری وفات کے بعد میرا علم ایسا ہی ہے جیسا میری زندگی میں ہے۔ (کنز العمال، ص ۵۰۷، ج ۲)

سورۂ فاتحہ کا ثواب

حدیث شریف میں سورۂ فاتحہ کو دو تہائی قرآن کریم کے برابر فرمایا ہے۔ (کنز العمال، ص ۵۵۶)

اس لحاظ سے اس کو تین مرتبہ پڑھنے کا ثواب دو قرآن کریم پڑھنے کے برابر ہے۔

سورۃ القدر کا ثواب

حدیث پاک میں اس کو چوتھائی قرآن کریم کے برابر فرمایا ہے (کنز) اس لحاظ سے چار مرتبہ اس سورۃ کو پڑھنے کا ثواب ایک قرآن کریم پڑھنے کے برابر ہے۔

سورۃ الزلزال کا ثواب

حدیث شریف میں اس کو آدھے قرآن پاک کے برابر فرمایا ہے (ترمذی) اس طرح دو مرتبہ اس کو پڑھنے کا ثواب ایک قرآن کریم پڑھنے کے برابر ہے۔

سورۃ العادیات کا ثواب

ازروئے حدیث یہ سورت آدھے قرآن کریم کے برابر ہے (ابوعبید، تفسیر مواہب الرحمٰن ص ۲۶۷، ج ۷) اس طرح دو مرتبہ اس سورۃ کو پڑھنے کا ثواب ایک قرآن کریم کے برابر ہے۔

سورۃ التکاثر کا ثواب

اس سورۃ کو ایک مرتبہ پڑھنے کا ثواب ازروئے حدیث ایک ہزار آیات پڑھنے کے برابر ہے۔

سورۃ الکافرون کا ثواب

حدیث شریف میں اس سورۃ کو چوتھائی قرآن کریم کے برابر قرار دیا ہے (ترمذی) اس طرح چار مرتبہ اس کو پڑھنے کا ثواب ایک قرآن کریم پڑھنے کے برابر ہے۔

سورۃ النصر کا ثواب

حدیث شریف میں اس کو بھی چوتھائی قرآن کریم کے برابر فرمایا ہے (ترمذی) اس طرح چار مرتبہ اس کو پڑھنے کا ثواب ایک قرآن کریم پڑھنے کے برابر ہے۔

آسان ایصال ثواب

ایصال ثواب برحق ہے اور یہ زندہ اور مُردہ دونوں کو ہوسکتا ہے (شامیۃ) اس لئے اپنی اولاد اور ماں باپ کو ان کی زندگی میں اور ان کے انتقال کے بعد دونوں صورتوں میں یہ ایصالِ ثواب ہوسکتا ہے اور ایصال ثواب کے لئے کوئی خاص دن، تاریخ، مہینہ اور کوئی خاص نیک عمل شرعاً مقرر نہیں ہے، چنانچہ قرآن کریم پڑھ کر یا صدقہ کر کے یا نفل نماز پڑھ کر یا جس وقت جو نیک کام ہوجائے، اسکا ثواب پہنچانا جائز ہے۔ اسی طرح ذکر کر کے، تسبیحات پڑھ کر، حج کر کے یا عمرہ کر کے یا کوئی دینی کتاب خود لکھ کر یا چھپوا کر مسلمانوں میں تقسیم کر کے یا وعظ و نصیحت کر کے اس کا ثواب بھی پہنچانا درست ہے، لہٰذا اپنی جانب سے کسی خاص دن یا تاریخ کو یا کسی خاص طریقہ کو یا کسی خاص عمل کو ایصال ثواب کیلئے زیادہ باعث فضیلت سمجھنا یا سنت سمجھنا یا لوگوں کی لعنت وملامت سے بچنے کی غرض سے کرنا درست نہیں، ایسی باتوں سے بچنا چاہئے اور ایصال ثواب میں شریعت کی دی ہوئی آسانی اور آزادی کو برقرار رکھنا چاہئے اور جہاں تک ہوسکے، ایصال ثواب نہایت اخلاص کیساتھ کرنا چاہئے، نام ونمود سے اور رواجی طریقوں سے بچنا چاہئے۔

ایصالِ ثواب کا طریقہ

ایصال ثواب کا طریقہ یہ ہے کہ اگر اپنے والدین اور اہل عیال کو

ثواب پہنچانا ہو تو یوں کہیں:

''اے اللہ! جو کچھ میں نے پڑھا ہے، اسکا ثواب میرے والدین اور میرے اہل و عیال کو پہنچا دیجئے، آمین''

اگر سب کو ثواب پہنچانا ہو تو اس طرح کہیں:

''اے اللہ! جو کچھ میں نے پڑھا ہے، اس کا ثواب تمام مسلمان مردوں اور عورتوں کو پہنچا دیجئے، خواہ ان کا انتقال ہو چکا ہو یا فی الحال زندہ ہوں یا آئندہ قیامت تک پیدا ہوں گے، انسان جنات سب کو پہنچا دیجئے، آمین''

جب قبرستان جائیں تو جس کی قبر پر جائیں اس کو کچھ پڑھ کر ثواب پہنچا دیں اور اس کے لئے مغفرت کی دعا کریں اور نیز بارہ مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھ کر اس قبرستان میں جتنے مسلمان مرد و عورت مدفون ہیں، سب کو ثواب پہنچا دیں، مثلاً یوں کہیدیں:

''اے اللہ بارہ مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھنے کا ثواب
اس قبرستان کے سارے مسلمانوں کو پہنچا دیجئے اور ان
سب کی مغفرت فرما دیجئے اور ان پر رحم فرمایئے''
آمین۔

مسئلہ: فرائض و واجبات کا ثواب پہنچانا منع ہے، البتہ نفل کاموں، نفل نمازوں، تلاوت، تسبیحات اور دوسرے غیر واجب اعمال کا ثواب پہنچانا جائز ہے۔ (شامیۃ)

چھ نعمتیں

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ (یا رسول اللہ) قرآن کریم کی آیت "لَہٗ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ" (کہ آسمان اور زمین کی کنجیاں اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہیں) سے کیا مراد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا (آسمان اور زمین کی کنجیوں سے) یہ کلمات مراد ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ اَلْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اے عثمان! جو شخص یہ کلمات صبح و شام دس دفعہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کو چھ نعمتوں سے نوازیں گے۔

(۱) شیطان اور اس کے لشکر سے اس کی حفاظت کی جائے گی۔

(۲) اس کو اجر و ثواب کا بڑا ڈھیر دیا جائے گا۔

(۳) حورِ عین سے اس کا نکاح کیا جائے گا۔

(۴) اس کے گناہ معاف کردیے جائیں گے۔

(۵) وہ (جنت میں) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ ہوگا۔

(۶) بارہ فرشتے اس کی موت کے وقت حاضر ہوں گے اور اس کو جنت کی بشارت سنائیں گے اور اس کو قبر سے عزت واحترام کے ساتھ لے جائیں گے، اگر وہ قیامت کے ہولناک حالات سے گھبرائے گا تو فرشتے اس کو تسلی دیں گے اور کہیں گے کہ گھبراؤ نہیں، تم قیامت کی ہولنا کیوں سے امن میں رہنے والے ہو، پھر اللہ تعالیٰ اس سے آسان ترین حساب لیں گے اور جنت میں لے جانے کا حکم دیں گے، چنانچہ فرشتے اس کو میدان حشر سے جنت کی طرف اس طرح عزت واحترام سے پہنچائیں گے جیسے دلہن کو لے جایا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے فرشتے اس کو جنت میں داخل کر دیں گے جبکہ دوسرے لوگ حساب و کتاب کی شدت میں مبتلا ہوں گے۔

(روح المعانی، ص۲۲ ج۲۴)

چار عظیم فائدے

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص سو (۱۰۰) مرتبہ:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ط

پڑھے (تو یہ کلمات) اس کیلئے فقر وفاقہ سے حفاظت کا ذریعہ اور قبر کی وحشت وتنہائی میں اُنسیت کا باعث ہونگے اور ان کلمات (کی برکت) سے پڑھنے والا اغناء (ظاہری اور باطنی) حاصل کر لے گا اور (قیامت کے دن)

ان کلمات کی برکت وہ جنت کے دروازے پر دستک دے گا۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ روزانہ سو بار پڑھنے والے کو چار بڑے بڑے فائدے حاصل ہوں گے، ان میں سے ہر فائدہ ایسا ہے جس کا ہر شخص محتاج ہے، لہٰذا ہر شخص کو ہر روز اس کی ایک تسبیح پڑھ لینی چاہئے، وہ فوائد یہ ہیں:

(۱) فقر و فاقہ اور معاشی تنگی دور ہونا۔

(۲) قبر کی وحشت دور ہو کر راحت و اُنسیت حاصل ہونا۔

(۳) غناء ظاہری و باطنی نصیب ہونا۔

(۴) جنت کے دروازے پر دستک دینے اور جنت میں داخل ہونے کی سعادت ملنا۔

بیس لاکھ نیکیاں

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص (ایک مرتبہ درج ذیل کلمات) کہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کیلئے بیس لاکھ نیکیاں لکھیں گے۔

(الترغیب والترہیب)

ف: مذکورہ کلمہ ایک بار کہنے پر بیس لاکھ نیکیاں ملتی ہیں، اگر ہر فرض نماز کے بعد یا اس سے پہلے یہ کلمہ پانچ بار کہہ لیا کریں تو روزانہ با آسانی ایک کروڑ نیکیاں حاصل ہو سکتی ہیں، آپ بھی حاصل کر لیجئے، کل یہ نیکیاں کام آئیں گی۔ انشاء اللہ

حادثات سے بچنے کا عمل

حضرت طلق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ کا مکان جل گیا، فرمایا نہیں جلا، پھر دوسرے شخص نے یہی اطلاع دی، فرمایا نہیں جلا، پھر تیسرے آدمی نے یہی خبر دی، آپ نے فرمایا نہیں جلا، پھر ایک اور شخص نے آکر کہا کہ اے ابو الدرداءؓ! آگ کے شعلے بہت بلند ہوئے مگر جب آپ کے مکان تک آگ پہنچی تو بجھ گئی، فرمایا مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا (کہ میرا مکان جل جائے) کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے تو شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی (میں نے صبح یہ کلمات پڑھے تھے، اسلئے مجھے یقین تھا کہ میرا مکان نہیں جل سکتا) وہ کلمات یہ ہیں:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ

يَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ. اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰـهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَىْءٍ عِلْمًا ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِىْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ۔ اِنَّ رَبِّىْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۔

ترجمہ: اے اللہ! آپ میرے رب ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں نے آپ پر بھروسہ کیا اور آپ رب ہیں عرش عظیم کے، جو اللہ پاک نے چاہا وہ ہوا اور جو نہ چاہا نہ ہوا، گناہوں سے پھرنے اور عبادت کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بلند اور عظیم ہے، میں جانتا ہوں بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے، بیشک اللہ تعالیٰ نے گھیر لیا ہے ہر چیز کو اپنے علم کے ذریعہ، اے اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور ہر جاندار کے شر سے، آپ ہی اس کی پیشانی سے پکڑنے والے ہیں، بیشک میرا رب ہی سیدھی راہ پر ہے۔ (ابن السنی)

دوزخ سے بری

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص (ایک مرتبہ) لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس (کے جسم) کا ایک چوتھائی

(حصہ) دوزخ سے بری کر دیتے ہیں، اگر دو مرتبہ کہے تو اس (کے جسم) کا آدھا حصہ جہنم سے آزاد کر دیتے ہیں اور اگر چار مرتبہ یہ کلمہ کہے تو اللہ تعالیٰ اس کو (مکمل طور پر) دوزخ سے بری کر دیتے ہیں۔ (مجمع الزوائد)

ف: روزانہ صبح وشام لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ چار چار مرتبہ کہنا کچھ بھی مشکل نہیں۔

تمام گناہوں کی بخشش

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روئے زمین پر جو شخص بھی:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

(ایک مرتبہ) کہے تو اس کے سارے گناہ مٹا دیے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ (الترغیب)

ف: ہر نماز کے بعد ایک ایک مرتبہ مذکورہ کلمات کہہ کر تمام گناہوں کی معافی کا سامان کرنا کتنا آسان ہے؟ کیا ہم سے یہ بھی نہ ہوگا؟

ستر مرتبہ نظر رحمت ہونا

جو شخص ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ، ایک مرتبہ آیت الکرسی اور ایک مرتبہ مندرجہ ذیل آیتیں پانچوں نماز کے بعد پڑھے گا تو جنت اسکا ٹھکانہ ہوگا اور

حظیرۃ القدس میں رہیگا اور اللہ تعالیٰ روزانہ اسکو ستر مرتبہ نظر رحمت سے دیکھیں گے اور ستر حاجتیں اسکی پوری کرینگے اور اسکی مغفرت کرینگے۔

(ابن السنی)

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ اُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۞ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۞ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۞ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۞

ستر ہزار فرشتوں کی دعا

جو شخص تین مرتبہ:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

پڑھ کر سورۂ حشر کی درج ذیل آخری آیات صبح و شام ایک ایک مرتبہ

پڑھے تو صبح سے شام تک اور شام سے صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کیلئے دعاء مغفرت کرتے رہتے ہیں اور مرجائے تو شہادت کی طرح موت لکھی جائے۔

(ترمذی، دارمی، ابن السنی)

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۞ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ۞ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۞

بڑے بڑے کاموں میں آسانی

جو شخص ذیل کی آیت صبح و شام سات سات مرتبہ پڑھ لے تو اس کے بہت بڑے بڑے کام اللہ تعالیٰ اپنے ذمہ لے لیتے ہیں اور وہ آسانی سے پورے ہو جاتے ہیں، خواہ بلا ارادہ ہی پڑھ لے۔ (مسلم)

حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۞

دارین کی نعمتیں ملنا

ذیل کی آیت پڑھتے رہنے پر اللہ تعالیٰ دارین کی نعمتیں عطا فرماتے

ہیں، جب صحابہ کرامؓ نے اس کو پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو دونوں جہاں کی نعمتوں سے نوازا۔ (ترمذی)

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ

بے انتہا انعام واکرام

جو شخص صبح وشام تین مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھے، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو اتنا انعام دیں گے کہ وہ راضی ہو جائے گا۔ (ترمذی)

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) نَبِیًّا رَّسُوْلًا

دن رات کی نعمتوں کا شکریہ

جس نے درج ذیل کلمات صبح کہے، اس نے دن کی نعمتوں کا شکریہ ادا کر دیا اور جس نے شام کو کہے، اس نے رات کی نعمتوں کا شکریہ ادا کر دیا۔

(ابوداؤد)

اَللّٰھُمَّ مَا اَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِّعْمَۃٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ فَمِنْکَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ فَلَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ الشُّکْرُ

ف: شام کو جب مذکورہ دعا پڑھیں تو مَا اَصْبَحَ کی جگہ مَا اَمْسٰی پڑھیں، باقی دعا اسی طرح رہے گی۔

بے شمار اجر و ثواب

سُبْحَانَ اللّٰهِ: جو شخص صبح و شام سو مرتبہ یہ کلمہ کہے تو وہ ایسا ہے جیسے اس نے سو حج کئے ہوں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ: جو شخص صبح و شام سو مرتبہ یہ کلمہ کہے تو ایسا ہے جیسے اس نے سو مرتبہ گھوڑوں پر اللہ کی راہ میں مجاہدین کو سوار کیا، یعنی جہاد کے لئے سو گھوڑے دیئے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ: جو شخص صبح و شام سو مرتبہ یہ کلمہ پڑھے تو وہ ایسا ہے جیسے اس نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے سو غلام آزاد کئے۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ: جو شخص سو مرتبہ یہ کلمہ کہے، اس سے اس روز کوئی شخص افضل نہ ہوگا سوائے اس شخص کے جس نے یہ کلمات اتنی ہی بار یا اس سے زیادہ کہے ہوں۔ (ترمذی)

ف: لہٰذا مذکورہ کلمات کی صبح و شام ایک تسبیح (سو دانے والی) پڑھ لیا کریں۔

جنت نصیب ہونا

جو شخص صبح ایک مرتبہ مندرجہ ذیل ''سید الاستغفار'' پڑھے اور شام سے پہلے اس کی موت آجائے تو جنتی ہوگا، اسی طرح شام کو پڑھے اور صبح سے

پہلے اس کی موت آجائے تو جنتی ہوگا مگر یقین کے ساتھ پڑھے۔ (بخاری)

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

جہنم سے نجات

جو شخص صبح و شام سات سات مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو جہنم سے بری کر دیتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ

حفاظت کا خاص عمل

صبح و شام ایک مرتبہ ذیل کے کلمات پڑھے تو جن و انسان سے حفاظت ہوتی ہے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَ عِقَابِہٖ وَ شَرِّ عِبَادِہٖ وَ مِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ

اور ہر فرض نماز کے بعد قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ، قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ، قُلْ

اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھے، حدیث شریف میں ہے کہ سورۃ الکافرون چوتھائی قرآن مجید کے برابر ہے (ترمذی) اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (ثواب میں) تہائی قرآن کے برابر ہے (بخاری و مسلم) اسی طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: کیا میں تمہیں سب سے بہتر دو سورتیں (سورۂ فلق اور سورۂ ناس) نہ بتاؤں، جو پڑھی جاتی ہیں (ابوداؤد) اور ایک روایت میں ہے کہ ان سورتوں کو پڑھا کرو، ان جیسی کوئی سورت (پناہ مانگنے کے بارے میں) تم ہرگز نہیں پڑھو گے۔ اور وہ چار سورتیں یہ ہیں:

چاروں قل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱﴾ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲﴾ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ﴿۳﴾ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ﴿۴﴾ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ﴿۵﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ﴿۶﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِکِ النَّاسِ ﴿۲﴾ اِلٰہِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾

نقصانات سے بچاؤ

جو شخص تین مرتبہ ذیل کی دعا پڑھے تو کوئی چیز اس کو ضرر نہ پہنچائے گی، لہٰذا صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ

آفات و بلّیات سے حفاظت

جو شخص صبح و شام درج ذیل کلمات دس دس مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ

اس کے لئے سونیکیاں لکھ دیں گے اور سو گناہ نامہ اعمال سے مٹادیں گے اورا سے ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور اس دن اور اس رات میں آفات ومکروہات سے محفوظ رہے گا۔ (ابن السنی)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

معمولات کی تلافی

مندرجہ ذیل دعا ایک مرتبہ رات کو پڑھے تو دن کے تمام اذکار واوراد کی کمی پوری کردیجاتی ہے، صبح پڑھے تو رات کے تمام اذکار واوراد کی کمی پوری کردی جاتی ہے۔ (صحاح ستہ)

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ۝ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝

ف: صبح وشام اس کو پڑھ لیا کریں، تاکہ معمولات کی کمی پوری ہوجایا کرے، وہی توفیق دینے والے ہیں۔ (ماخوذ از علیکم بسنتی)

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

جمعہ کی فضیلت اور اسکے معمولات

قرآن وسنت کی روشنی میں جمعہ کا دن مبارک دن ہے جس کی بڑی فضیلت ہے اوراس میں نیک اعمال کا خصوصی اجر وثواب ہے، اس لئے اس دن کی قدر کرنی چاہئے اور زیادہ سے زیادہ اس کو نیک کاموں میں گزارنا چاہئے اور گناہوں سے بچنا چاہئے۔ احادیث کی روشنی میں جمعہ کے فضائل و اعمال کا مختصر خلاصہ درج ذیل ہے:

۱) از روئے حدیث جمعہ کی رات اور دن میں ہر عبادت اور ہر نیک کام کا ثواب ستر گنا بڑھ جاتا ہے، مثلاً عام دنوں میں ایک بار یٰسین شریف پڑھنے کا ثواب عام طور پر ایک مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے، لیکن اگر کوئی شخص اس کو شب جمعہ یا جمعہ کے دن پڑھے گا تو اس کو ستر مرتبہ یٰسین شریف پڑھنے کا ثواب ملے گا، یا مثلاً صلوٰۃ التسبیح ایک مرتبہ پڑھنے سے دس قسم کے گناہ معاف ہوتے ہیں، صغیرہ بھی، کبیرہ بھی، اگلے بھی، پچھلے بھی، چھپ کر کیے ہوئے بھی، علانیہ کیے ہوئے بھی، بھول کر کیے ہوئے بھی، جان بوجھ کر کیے ہوئے بھی، نئے بھی پرانے بھی، ہر قسم کے گناہ معاف ہوتے ہیں، جمعہ کے دن اس کا ثواب ستر صلوٰۃ التسبیح پڑھنے کے برابر ہو جاتا ہے، اس لئے اس دن کی قدر کرنی چاہئے اور جمعہ کے دن کسی وقت صلوٰۃ التسبیح اور یٰسین شریف

پڑھنا بڑے اجر و ثواب کا باعث ہے۔

۲) از روئے حدیث جمعہ کے چوبیس گھنٹوں میں سے ہر گھنٹے میں اللہ تعالیٰ ایسے چھ لاکھ آدمیوں کو جہنم سے بری فرماتے ہیں جن پر جہنم واجب ہو چکی ہوتی ہے، اس لئے جمعہ کے اوقات ولمحات میں کیا ہی اچھا ہو کہ حسب موقع توجہ اور دھیان سے اپنی، اپنے والدین کی، عزیز و اقارب اور تمام مسلمانوں کی مغفرت اور جہنم سے خلاصی کیلئے دعا مانگی جائے۔

۳) جمعہ کے دن ایک گھڑی ایسی آتی ہے جس میں دعا قبول ہوتی ہے، اس وقت میں دعا میں مشغول ہونا سعادت کی بات ہے، وہ گھڑی کس وقت ہوتی ہے؟ اس کے بارے میں دو قول زیادہ اہم ہیں:

(۱) جب خطیب پہلا خطبہ دے کر منبر پر بیٹھے، اس وقت دعا مانگنا۔ لیکن اس وقت ہاتھ اٹھا کر یا زبان سے آہستہ یا زور سے دعا مانگنا ممنوع ہے، ہاں دل میں دعا کر سکتے ہیں۔

(۲) سورج غروب ہونے سے ذرا پہلے دعا کرنا۔ یعنی جمعہ کے دن سورج غروب ہونے سے تقریباً ۵ منٹ پہلے دعا کی قبولیت کا خاص وقت ہوتا ہے۔

۴) جمعہ کی پہلی اذان کے بعد دنیاوی کاروبار جائز نہیں، لہٰذا اس وقت کاروبار کرنے سے بچنا چاہئے، بلکہ پہلی اذان سے پہلے کاروبار وغیرہ چھوڑ کر جمعہ کی تیاری کرنی چاہئے اور جمعہ کی جس قدر سنتیں اور آداب ہیں،

ان کو بجالانا چاہئے جو درج ذیل ہیں:

- سر کے بال سنت کے مطابق بنوانا۔
- ناخن کترنا، بغلوں اور زیر ناف بال صاف کرنا۔
- مونچھیں کترنا، مسواک کرنا۔
- سنت کے مطابق اچھی طرح غسل کرنا۔
- تیل لگانا، کنگھا کرنا۔
- موجودہ کپڑوں میں سب سے اچھے کپڑے پہننا۔ نیز سفید کپڑے پہننا، خوشبو لگانا۔
- مسجد میں نماز جمعہ کے لئے نظریں نیچی کر کے چلنا تاکہ نامناسب جگہ پر نظر نہ پڑے اور سکون و وقار سے جانا اور پیدل جانا، لیکن سواری پر جانا بھی جائز ہے، بہت سویرے جانا، یعنی جلدی جانا۔
- کسی کو تکلیف دیے بغیر ممکن ہو تو صف اول میں بیٹھنا، دنیاوی باتوں سے بچنا اور اطمینان و سکون سے نماز جمعہ ادا کرنا۔

(اول تا آخر ہندیہ مراقی الفلاح و بہشتی زیور)

۵) جمعہ کے دن کثرت سے درود شریف پڑھنا۔ احادیث میں اس کی بہت فضیلت و ترغیب آئی ہے، اگر درود ابراہیمی پڑھیں تو بہتر ہے، ورنہ یہ درود شریف بھی اچھا ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ

وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

کوئی اور درود شریف پڑھنا چاہیں تو اس کا بھی اختیار ہے جیسے "صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ" وغیرہ۔

کثرت درود شریف کی مقدار کے بارے میں حضرات علماء کرام کے تین قول ہیں:

(۱) جمعرات کے دن مغرب کے وقت سے جمعہ کے دن سورج غروب ہونے تک کم از کم تین سو مرتبہ درود شریف پڑھنا یہ ادنیٰ درجہ ہے۔

(۲) ایک ہزار مرتبہ پڑھنا یہ درمیانہ درجہ ہے۔

(۳) تین ہزار مرتبہ پڑھنا یہ اعلیٰ درجہ ہے۔

۶) جمعہ کے دن نوافل جیسے اوابین، قیام اللیل، تہجد، اشراق، چاشت اور سنن زوال وغیرہ ادا کرنا۔

۷) عصر کی نماز جس جگہ پڑھی ہے، وہیں بیٹھے بیٹھے اسّی مرتبہ یہ درود پڑھنا:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا

اس کی فضیلت یہ ہے کہ اس کے پڑھنے والے کے اسّی سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور اسّی سال کی عبادت کا ثواب اس کیلئے لکھا جاتا ہے۔

۸) جمعہ کے دن کسی بھی وقت سورۂ کہف پڑھنا۔ازروئے حدیث اس کی دو فضیلتیں ہیں:

(۱) اس کا پڑھنے والا فتنہ دجال سے محفوظ رہے گا۔

(۲) اس سورۃ کے پڑھنے والے کو قیامت کے دن زمین سے آسمان تک نور سے نوازا جائے گا۔

۹) سب سے اہم اور سب سے زیادہ ضروری چیز یہ ہے کہ جمعہ کے دن ہر قسم کے گناہوں سے بچنا، خاص کر ٹی وی، وی سی آر، کیبل اور ڈش پر فحش فلمیں اور ڈرامے دیکھنے، گانے سننے اور گانے گانے، ناچنے اور ناچ دیکھنے سے، ڈاڑھی منڈانے، شلوار یا تہبند یا پینٹ کو ٹخنوں سے نیچے رکھنے، جھوٹ بولنے، غیبت کرنے، گالیاں دینے، نماز قضاء کرنے سے بچیں اور خواتین بے پردگی سے بچیں، یوں تو روزانہ ہی ان گناہوں سے بچنا ضروری ہے مگر جمعہ کے مبارک دن اور مبارک رات میں ان سے اور زیادہ بچنا چاہئے، اللہ پاک توفیق عطا فرمائیں، آمین۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ

مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

میدان عرفات میں دعا قبول ہونا

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اہل عرفات کے اجتماع کو دیکھ کر فرشتوں سے فخریہ یہ فرماتے ہیں کہ اے فرشتو! دیکھو یہ میرے بندے غبار آلود، پراگندہ حال اور ہر دشوار تنگ راستوں سے چل کر اکٹھے ہوئے ہیں، تم گواہ رہو کہ جو کچھ انہوں نے مجھ سے مانگا اور دعا کی، میں نے سب قبول کرلی اور جس بات کے لئے انہوں نے سفارش کی، وہ بھی قبول کرلی اور ان میں جو نیک ہیں، ان کی وجہ سے بروں کو بھی بخش دیا اور سوائے حقوق کے جو کچھ انہوں نے سوال کیا، وہ سب دیدیا۔ (موصلی)

میدان عرفات میں کامل مغفرت

ایک حدیث میں اس طرح بھی آیا ہے کہ حق تعالیٰ شانہ اہل عرفات کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ میرے بندے بکھرے ہوئے بال میرے پاس آئے ہیں، میری رحمت کے امیدوار ہیں، اس کے بعد حق تعالیٰ بندوں سے خطاب فرماتے ہیں کہ اے بندو! اگر تمہارے گناہ ریت کے ذروں کے برابر ہوں اور آسمان کے ستاروں کے برابر ہوں اور سمندر کے قطروں کے برابر ہوں اور تمام دنیا کے درختوں کے برابر ہوں تب بھی بخش دیے جاؤ گے، جاؤ

بخشے بخشائے اپنے اپنے گھر چلے جاؤ۔ (کنز العمال)

دوزخ سے آزادی

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ کوئی دن ایسا نہیں جس میں اللہ تعالیٰ عرفہ کے دن سے زیادہ بندوں کو جہنم سے آزاد کرتے ہوں (مطلب یہ ہے کہ جتنی کثیر تعداد میں عرفہ کے دن جہنم سے خلاصی ہوتی ہے، اتنی کثیر تعداد میں کسی اور دن نہیں ہوتی) حق تعالیٰ شانہ دنیا کے قریب ہوتے ہیں (جیسا ان کی شان کے لائق ہے) پھر ملائکہ سے فخر کے طور پر فرماتے ہیں کہ یہ بندے (عرفات میں آئے ہیں) یہ کیا چاہتے ہیں؟

(رواہ مسلم، کذا فی المشکوٰۃ)

ف: اللہ تعالیٰ کا قریب ہونا، ان کی رحمت کا قریب ہونا ہے۔

ایک حدیث میں ہے کہ جب عرفہ کا دن ہوتا ہے تو حق تعالیٰ جل شانہ آسمان دنیا پر تشریف لے آتے ہیں (جیسا کہ ان کی شان کے لائق ہے) پھر فرشتوں سے فخر کے طور پر فرماتے ہیں کہ میرے بندوں کو دیکھو: میرے پاس ایسی حالت میں آئے ہیں کہ سر کے بال بکھرے ہوئے ہیں، بدن اور کپڑوں پر سفر کی وجہ سے غبار لگا ہوا ہے، لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ کا شور ہے، دور دور سے چل کر آئے ہیں، میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان کے گناہ معاف کر دیے ہیں، فرشتے عرض کرتے ہیں کہ یا اللہ! فلاں شخص تو گناہوں کی طرف

منسوب کیا جاتا ہے اور فلاں مرد و عورت تو (بس کیا کہا جائے) حق جل شانہ کا ارشاد ہوتا ہے کہ میں نے ان سب کی مغفرت کردی ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اس دن سے زیادہ کسی اور دن لوگ جہنم کی آگ سے آزاد نہیں ہوتے۔ (مشکوٰۃ)

ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ حق تعالیٰ جل شانہ بطور فخر ملائکہ سے فرماتے ہیں: دیکھو! میں نے ان بندوں کی طرف اپنے رسول کو بھیجا، یہ اس پر ایمان لائے، میں نے ان پر کتاب نازل کی، یہ اس پر ایمان لائے، تم گواہ رہو! میں نے ان کے تمام گناہ معاف کردیے ہیں۔ (کنز العمال)

اسی لئے علماء کہتے ہیں کہ یہاں صغیرہ گناہوں کے ساتھ کبیرہ گناہ بھی معاف ہو جاتے ہیں، وہ مالک الملک ہیں، احکم الحاکمین ہیں، ان کی نافرمانی کرنے کا نام گناہ ہے، وہ کسی ایک آدمی یا مجمع کو اپنی مہربانی سے بالکل ہی معاف کردیں تو کسی کا کیا جارہا ہے؟ ان کے فضل و کرم کا کوئی ٹھکانہ ہے؟

ایک حدیث میں ہے: جاؤ تمہارے گناہ بھی معاف کردیے اور جن کی تم نے سفارش کی ان کے گناہ بھی معاف کردیے، ان کا لطف و کرم ہمارے سب گناہوں سے زیادہ ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ "رَحْمَتِیْ سَبَقَتْ عَلٰی غَضَبِیْ" (یعنی میری رحمت میرے غضب پر بڑھی ہوئی ہے) (بخاری)

حاجی کی سفارش

ایک حدیث شریف میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا آئی ہے:

اے اللہ! حاجی کی مغفرت فرما اور جس کے لئے حاجی دعائے مغفرت کرے اس کی بھی مغفرت فرما۔

ایک حدیث شریف میں ہے کہ یہ الفاظ بالا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بار ادا فرمائے۔

میدان عرفات میں باعثِ مغفرت عمل

ایک حدیث میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان بھی عرفہ کی شام اس میدان میں آتا ہے اور قبلہ رو ہو کر سو مرتبہ کلمہ توحید:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

کہتا ہے پھر سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھتا ہے، پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھتا ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَّ عَلَيْنَا مَعَهُمْ

تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتے ہیں: اے فرشتو! میرے اس بندے کی کیا جزاء ہے جس نے میری تسبیح و تہلیل بیان کی، میری عظمت و کبریائی کا اقرار کیا، میری حمد و ثناء بیان کی اور میرے نبی پر درود بھیجا! اے فرشتو! تم گواہ رہنا کہ میں نے اس کو بخش دیا ہے اور اس نے جس کی سفارش کی، قبول کر لی ہے اور اگر یہ بندہ تمام عرفات والوں کے لئے بھی سفارش کرے تو سب کو بخشدوں گا۔ (بیہقی)

عرفات میں انبیاء علیہم السلام کی دعا

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اور مجھ سے پہلے تمام پیغمبروں کی دعا عرفات کے میدان میں اکثر یہی رہی ہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ (صحاح)

ایک روایت میں یہ دعا آئی ہے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَ يَسِّرْلِيْ اَمْرِيْ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا يَلِجُ فِي اللَّيْلِ وَمَايَلِجُ فِي النَّهَارِ وَ شَرِّ مَا تَهُبُّ بِهِ الرِّيْحُ وَ شَرِّ بَوَائِقِ الدَّهْرِ۔ (ابن ابی شیبہ)

ف: اس دعا کا اور آنے والی دیگر عربی دعاؤں کا اردو ترجمہ آگے دعا عرفات میں آرہا ہے۔

عرفات میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں

ایک روایت میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عرفات کے میدان میں اکثر خدا تعالیٰ کی حمد اور دعا اس طرح فرماتے تھے:

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِىْ تَقُوْلُ وَخَيْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَكَ صَلَاتِىْ وَنُسُكِىْ وَ مَحْيَاىَ وَمَمَاتِىْ وَاِلَيْكَ مَاٰبِىْ وَلَكَ تُرَاثِىْ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ وَسْوَسَةِ الصَّدْرِ وَ شَتَاتِ الْاَمْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَجِيْئُ بِهِ الرِّيْحُ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَاتَجِيْئُ بِهِ الرِّيْحُ ۔ (ترمذی)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا بھی منقول ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَرٰى مَكَانِىْ وَ تَسْمَعُ كَلَامِىْ وَ تَعْلَمُ سِرِّىْ وَ عَلَانِيَتِىْ وَلَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْئٌ مِّنْ اَمْرِىْ وَاَنَا الْبَائِسُ الْفَقِيْرُ الْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِهٖ اَسْئَلُكَ مَسْئَلَةَ الْمِسْكِيْنِ وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ

اِبْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِيلِ وَادْعُوكَ دُعَاءَ الْخَائِفِ الضَّرِيرِ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهُ وَ فَاضَتْ لَكَ عَيْنَاهُ وَنَحَلَ لَكَ جَسَدُهُ وَرَغِمَ لَكَ اَنْفُهُ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِي بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِيًّا وَّكُنْ بِي رَءُوفًا رَّحِيمًا يَاخَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ وَيَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ۔ (طبرانی)

ایک حدیث شریف میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عرفات میں لوگوں کو یہ دعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

مانگنے کا حکم کیا کرتے تھے۔ (اخرج الحنذی عن ابن جریح)

ایک حدیث شریف میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفات کے میدان میں یہ دعا بھی کی:

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ اِنَّمَا الْخَيْرُ خَيْرُ الْاٰخِرَةِ

ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

اِنَّمَا الْعَيْشُ عَيْشُ الْاٰخِرَةِ

حدیث شریف میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکینوں کی طرح ہاتھ پھیلائے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ تین بار کہا، تلبیہ تین بار پڑھا، پھر اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ تین بار پڑھا، پھر تین بار یہ دعا مانگی:

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِىْ بِالْهُدٰى وَزَيِّنِّىْ بِالتَّقْوٰى وَاغْفِرْلِىْ فِى الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى

اس کے بعد ہاتھ گرادیے اور جتنی دیر میں سورہ فاتحہ پڑھی جائے، اتنی دیر گرائے رکھے پھر اٹھا کر اوپر والے کلمات دہرائے اور اسطرح تین بار کیا۔

حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بار یہ فرمایا:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِىْ بِالْهُدٰى وَ زَيِّنِّىْ بِالتَّقْوٰى وَ اغْفِرْلِىْ فِى الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى

پھر ہاتھوں کو گرایا اور بقدر سورۂ فاتحہ کے گرائے رکھا پھر اٹھا کر یہی کہا، اس طرح تین بار کیا۔ (ابن ابی شیبہ موقوفاً من قول ابن عمرؓ)

میدان عرفات کے مسنون اعمال

- نماز فجر منیٰ میں ادا کریں، تکبیر تشریق کہیں، لبیک کہیں اور تیاری کر کے زوال ہونے پر عرفات پہنچ جائیں۔
- غسل کریں، ورنہ وضو کریں اور کھانے وغیرہ سے فارغ ہو جائیں اور کچھ دیر آرام کریں۔
- زوال ہوتے ہی ظہر کی نماز ظہر کے وقت میں اور عصر کی نماز عصر کے وقت میں، اذان و تکبیر کے ساتھ باجماعت ادا کریں۔

❁ ظہر کی نماز سے فارغ ہوتے ہی وقوف کی نیت کریں اور وقوف شروع کریں، جس کا طریقہ آگے آرہا ہے۔

❁ یاد رکھیں یہ بہت ہی خاص جگہ اور خاص وقت ہے، اس سے بہتر وقت زندگی میں نہ ملے گا، اس لئے اِدھر اُدھر کی باتوں اور کاموں میں ایک لمحہ بھی ضائع نہ ہونے دیں، گرمی ہو یا سردی، سب برداشت کر جائیں اور شام تک تلبیہ کہنے، دعا و توبہ و استغفار کرنے میں گزاریں، خوب رو رو کر اور گڑ گڑا کر دعا کرنے میں مشغول رہیں، تلبیہ ہر بار درمیانی آواز سے کہیں، اذکار اور دعائیں بھی آہستہ آواز سے کریں۔

❁ وقوف کھڑے ہو کر کریں اور بیٹھ کر بھی جائز ہے۔

❁ وقوف قبلہ رُخ ہو کر کرنا مستحب ہے اور دعا میں ہاتھ اٹھانا اور ان کو پھیلانا بھی مستحب ہے۔

دعاءِ عرفات

دونوں ہاتھ اللہ جل شانہ کے سامنے فقیروں، مسکینوں اور سائلوں کی طرح کھڑے ہو کر قبلہ رُخ ہو کر اٹھا لیجئے اور کچھ دیر کھڑے رہئے، اور درج ذیل کلمات کہیے:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ. اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ

اَلْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ بِالْهُدٰى وَ زَيِّنِّيْ بِالتَّقْوٰى وَاغْفِرْلِيْ فِي الْاٰخِرَةِ وَ الْاُوْلٰى

اتنا کہہ کر دونوں ہاتھ گرا لیجئے اور جتنی دیر میں سورہ فاتحہ پڑھتے ہیں، اتنی دیر گرائے رکھئے، پھر دونوں ہاتھ مسکینوں کی طرح پھیلایئے اور درج ذیل کلمات ادا کیجئے:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ. اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ بِالْهُدٰى وَ زَيِّنِّيْ بِالتَّقْوٰى وَاغْفِرْلِيْ فِي الْاٰخِرَةِ وَ الْاُوْلٰى

یہ کہہ کر ہاتھ گرا لیجئے، اور بقدر سورہ فاتحہ کے گرائے رکھئے، اور پھر اٹھا لیجئے، اور تیسری بار پھر یہی کلمات کہئے جو اوپر دو بار لکھے جا چکے ہیں۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا ہے، پھر جو تھک جائے وہ بیٹھ جائے، اور یہ دعا مانگے، اگر کوئی دوسرا بھی شریک دعا ہونا چاہے تو ان دعاؤں پر آمین کہتا جائے:

يَارَبِّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا تَقُوْلُ وَ خَيْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى

اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَّ عَلَيْنَا مَعَهُمْ

اے اللہ! اے میرے پروردگار! اے میرے آقا! مجھے دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور دوزخ کے عذاب سے بچا۔ اے اللہ! سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے دنیا و آخرت کی جتنی بھلائیاں اور خیر مانگی ہے، وہ سب مجھے عطا فرما اور دنیا و آخرت کے جتنے شر، فتنے اور برائیوں سے پناہ مانگی ہے، مجھے بھی ان سب سے پناہ عطا فرما۔ اے اللہ! میری کامل مغفرت فرما اور دنیا و آخرت میں عافیت کاملہ، راحت کاملہ، صحت کاملہ اور حیات طیبہ نصیب فرما، اے اللہ! مجھے اس مقدس سرزمین پر بار بار حاضری نصیب فرما اور اس حاضری کو آخری حاضری نہ بنا اور میرا خاتمہ کامل ایمان پر فرما، اے اللہ! مجھے اپنے ذکر کرنے اور نعمتوں پر شکر کرنے اور اپنی عبادت خوب بنا سنوار کر کرنے کی ہمیشہ توفیق عطا فرما، اے اللہ! مجھے اپنی خوشنودی اور رضا مندی نصیب فرما، آج تک اس میدان عرفات میں آپ کے بندوں نے جو دعائیں مانگی ہیں اور وہ آپ نے قبول بھی کر لی ہیں، اور آج آپ کے بندے جو دعائیں کر رہے ہیں اور آپ قبول فرما رہے ہیں اور قیامت تک جو دعائیں مانگی جائیں گی، وہ سب میری طرف سے بھی قبول فرما اور مجھے بھی ان دعاؤں میں شامل فرما اور یہ سب دعائیں میرے والدین، اہل و عیال اور جملہ متعلقین کے حق میں بھی قبول فرما

اور رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں قبول فرما۔

مزید یہ دعائیں بھی کریں

اے اللہ! میری نماز، میرا حج، میرا مرنا، میرا جینا، سب خاص تیرے ہی لئے ہے اور تیرے سوا میرا اور کون ہے؟ میرا آسرا اور ٹھکانہ تو ہی ہے، میرا اور تمام جہانوں کا تو ہی خالق و مالک ہے، سب کچھ تیری ملک ہے، میں تیرا عاجز بندہ ہوں، میں مسکین ہوں، میں سوالی ہوں، اے میرے مولا! ہم کو قبر کے عذاب سے بچانا۔

الٰہ العالمین! ہمارے سینوں میں قسم کے برے برے وسوسے اور خیالات آکر ستاتے ہیں، ان سے ہم کو پناہ دیدے، الٰہ العالمین! میرے تو سب حال بگڑے ہوئے ہیں، نہ دین کا ہوں، نہ دنیا کا ہوں، اور اللہ میاں! یہ میں نے خود ہی بگاڑے ہیں، تیرے ہاتھ میں تو خیر ہی خیر ہے، اے خیر کے مالک! میری خستہ حالی اور پراگندگی اور پریشانی دور کردے اور ہمارے بگڑے کام سدھار دے، بس اپنی پناہ میں لے لے، ہمارے اور ہماری اولاد کے سب کام بنادے۔

الٰہ العالمین! اس چلنے والی ہوا کے اندر جو تو نے خیر رکھی ہے اور جس خیر و خوبی کو لے کر یہ ہوا دنیا میں چلتی ہے، وہ سب خیر ہم کو عطا کردے اور جو شر اور برائی آپ نے اس ہوا کے اندر رکھی ہے اور جس شر کو لے کر یہ گزرتی

ہے، ان تمام شرور سے ہم کو بچائے رکھنا۔

اے اللہ! ہمارے سینوں کو نیک اعمال اور اپنے ذکر کے لئے کھول دے، ہم نے تو اپنی بداعمالیوں سے سینے میں قفل لگا ڈالے، اب کھولنے والا تیرے سوا کون ہے؟ اب تو اپنا بنا لے اور اپنا بنا کر دنیا سے اٹھانا۔

اے اللہ! جو جو دشواریاں اور مشکلیں ہم کو درپیش ہیں، ان کو آسان کر دینا، الٰہی! کاموں کے منتشر اور پراگندہ ہونے سے ہم کو بچا لینا اور زمانے کے اندر جتنی ہلاکتیں ہیں، ان سے ہم کو محفوظ رکھنا **اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَۃِ** اے اللہ! عیش تو آخرت کا عیش ہے، وہ نصیب کرنا۔

اللہ العالمین! آپ تو اپنے بندوں کے اس بیٹھنے کو جانتے ہیں کہ ہم باب حرم پر عرفات کے میدان میں بیٹھے ہیں اور آپ ہی نے لاکر بٹھایا ہے، آپ ہماری ایک ایک بات سن رہے ہیں، ہماری ہر حرکت وسکون کا آپ کو علم ہے، ہمارے ڈھکے اور چھپے سب حال معلوم ہیں، ہم جیسے بھی ہیں، اے پروردگار! تیرے حضور حاضر ہیں، فقیر اور فریادی ہیں، تیری پکڑ اور تیرے عذاب سے ڈر رہے ہیں، اپنے تمام گناہوں کا اقرار کرتے ہیں، اے اللہ! تجھ سے ایک مسکین وعاجز کی طرح سوال کرتے ہیں، اس خطا والے کی طرح عاجزی اور بے کسی کے ساتھ آپ کی جناب میں صدا لگا رہے ہیں جیسے کوئی بیقرار ہو، اسے کچھ سجھائی نہ دیتا ہو اور تجھے پکار رہا ہو، اے میرے اللہ! اے میرے رب! اے میرے پالنہار! ہماری گردنیں تیرے آگے جھکی ہوئی ہیں

اور شرمندگی سے چہرہ خاک میں ملا ہوا ہے، ندامت کی وجہ سے آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے ہیں، ہماری ناک تیرے آگے ذلیل ہے، ہم کو اس عرفات کے میدان میں محروم نہ کرنا، جس طرح اوروں کو آپ دیں گے، ہمارا بھی دامن مراد بھر کر بھیجنا، آپ کے یہاں کیا کمی ہے، دیدے میرے مولا، دے اور اپنی شان کے لائق دے، شیطان کو ذلیل وخوار کر دے، ہم پر مہربانی اور نظر رحمت کر دے۔

الٰہی! آپ رحیم ہیں، آپ رؤف ہیں، جس سے سوال کیا جائے، ان میں سب سے بہتر سوال پورا کرنے والے ہیں، اور دینے والوں میں سب سے بہتر دینے والے ہیں، اے میرے معبود! اپنی خاص الخاص ہدایت سے ہمیں نوازنا اور ہم کو تقویٰ کے لباس سے مزین فرما اور ہم کو دنیا و آخرت دونوں میں بخش دے، اے اللہ! ہمارے حج کو قبول کر لے اور ہماری اس دوڑ دھوپ اور چلنے پھرنے کو منظور فرمالے اور ہمارے ماں باپ کے گناہوں کو معاف کر دے۔

اے آسمان و زمین کے مالک و خالق! تو نے خود قرآن کریم میں فرمایا ہے اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ تم مجھ سے مانگو، میں تمہاری دعا قبول کروں گا، آپ وعدہ خلافی نہیں کرتے، اے پروردگار! یہ جگہ دوزخ سے بری کرنے کے لئے آپ نے مقرر کی ہے، ہم کو، ہمارے والدین کو، ہماری اولاد کو، ہمارے اقرباء کو دوزخ سے آزاد کر دے، ہم آپ کو آپ کے عفو و کرم کا

واسطہ دیتے ہیں، محض اپنی مہربانی سے بغیر استحقاق کے ہمیں جنت الفردوس عطا فرمادے۔

اے مولائے کریم! بغیر ہمارے مانگے ہوئے آپ نے دولت اسلام ہم کو عطا کی ہے، لہٰذا روح قبض ہونے سے پہلے یہ دولتِ اسلام ہم سے نہ چھیننا، اگرچہ ہم ناشکرے ہیں، مگر آپ تو کریم ہیں، کریم دے کر واپس نہیں لیا کرتا، ہمارا خاتمہ ایمان پر کرنا، آخر وقت تک اس ایمان کا سنبھالنا بھی آپ ہی کا کام ہے، الٰہی! جب دنیا سے اٹھیں تو نور ایمان کے ساتھ اٹھیں، ہمارے کان میں نور بھر دے، ہمارے دلوں میں نور بھر دے، ہم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے کے نیچے آپ کی امت میں اٹھانا اور ہمارا حساب آسان لینا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک سے حوض کوثر کا پانی پلانا، ہمارے دائیں ہاتھ میں نامہ اعمال دینا اور جس روز کوئی سایہ نہ ہوگا سوائے تیرے عرش کے سائے کے، اس روز اپنے عرش کے سائے میں جگہ دینا۔

الٰہ العالمین! جو فرائض آپ نے ہم پر مقرر کردیے ہیں، ہم کمزور ہیں، ان کی ادائیگی کی قوت اور توفیق دینا، اپنی رضا کی طلب میں ہماری مدد فرمایا، اور عرفات کے اس میدان میں اپنے بندوں کو جو خیر آپ تقسیم کریں گے، اس خیر میں ہمارا حصہ بھی رکھنا، ہم بھی آپ کے بھکاری، محتاج اور سوالی ہیں، الٰہی! آج جو رحمت آپ پھیلائیں گے، ہم بھی تو اس میں حصہ دار ہیں، محروم نہ کرنا، اور آپ جو روزی اپنے بندوں کو تقسیم کرتے ہیں، ہمیں بھی

عطا کرنا اور حلال روزی خوب بڑھا دینا کہ کسی مخلوق کی احتیاج ہی نہ رہے، اپنے سوا سب مخلوق سے بے نیاز کردے، الٰہی! آپ تو ہر مصیبت زدہ کی مصیبت دور کرنے والے ہیں، ہماری ہر مصیبت، دکھ، تکلیف دور کردے، الٰہی! کوئی فتنہ نازل کریں تو ہمیں اس فتنہ سے دور رکھنا، اس سے بچا کر موت دینا۔

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ.

یہ تین بار پڑھیں، پھر درود شریف پڑھیں اور پھر دعا کریں۔

الٰہ العالمین! ہم جس جس بات سے ڈر رہے ہیں، مصیبتیں ہوں یا تیرا عذاب ہو، اس سے ہم کو امن دیدے اور ہمارے عیبوں کی پردہ پوشی فرما اور ہماری ہر خطا کو معاف فرما اور اپنے بندوں بندیوں کو ہر قسم کی ذمہ داریوں سے سبکدوش کردے، بچوں اور بچیوں کیلئے نیک اور طبیعت کے موافق رشتوں کا انتظام کردے۔ اے اللہ! ہم بے وسیلہ ہیں، ایک صرف تیرا ہی آسرا ہے، تو ہی ہمارا مددگار ہے، ہمیں بخش دے، ہمارے ماں باپ کو بخشدے، ہمارے اعزہ واقرباء کو بخش دے، تمام خاندان والوں کو، شہر والوں کو، جاننے والوں کو، ہم سے دعا کرانے والوں کو اور جس جس کا ہم پر حق ہے کہ ہم ان کے لئے دعا کریں ان کو، اور تمام مؤمنین و مومنات، زندوں، مُردوں سب کو بخش دے، آج تیری رحمت عام ہے، ہمیں اور ان کو اپنی

رحمت میں چھپا دے۔ الٰہی! آپ نے حج کے لئے بلایا، ہمیں توفیق دی، ہم ان جگہوں پر حاضر ہوئے جہاں کتنے ہی انبیاء علیہم السلام آئے اور گئے، صحابہ کرام اور تیرے کتنے ولی یہاں آئے، اب کتنے تیرے ولی ان جگہوں پر ہیں، آپ نے ہم کو بلایا، ہم نے لبیک کہا اور تیرے باب حرم پر آ بیٹھے، آخر ہر آنے والے کے لئے انعام ہوا کرتا ہے، کریم بلا کر دیا ہی کرتا ہے، ہمیں بھی عطا کر دے کہ ہماری دعا قبول ہو جائے، ہماری مرادیں پوری ہوں۔ قرآن کریم میں جو عرفات کی دعا لکھی ہے، وہی آپ سے مانگتے ہیں:

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ . آمین یا ربّ العالمین .

الٰہی! آپ تو بے مانگے دینے والے ہیں اور جس کی امید بھی نہ ہو وہ بھی دیتے ہیں، ہم آپ کے بندے اپنے گناہوں کے ساتھ اپنی خطاؤں کا اقرار کرتے ہیں، الٰہی! ہم گنہگار ہیں، ہم نے گناہوں کا بوجھ گردن پر لاد لیا، تیری نافرمانیاں کیں، جانتے ہوئے بھی گناہ کر ڈالے، اب نادم ہو کر اس عرفات کے میدان میں تیرے نیک بندوں اور بندیوں کے ساتھ حاضر ہوئے ہیں، سنا ہے کریم نیکوں کے ساتھ بروں کو بھی بخش دیتا ہے، الٰہی! اگر بخشش صرف نیکوں ہی کے لئے ہو تو پھر ہم کہاں جائیں گے، ہمارا بخشنے والا سوائے تیرے اور کون ہے جس سے جا کر معافی مانگیں، ان عرفات کے نیک

لوگوں کے ساتھ ہم کو بھی بخش دے اور جتنے گناہ آپ کے علم میں ہیں، ہمارے سب گناہ معاف کردے، کوئی گناہ ایسا نہ ہو جسے آج آپ اس موقع پر نہ بخشیں اور کوئی غم ایسا نہ رہ جائے جسے آج آپ دور نہ کردیں اور کوئی قرضہ ایسا باقی نہ رہے جسے آج آپ ادا نہ کردیں اور دنیا یا آخرت کی ہر حاجت جس میں آپ کی رضا ہو، آج پوری کردیں۔

الٰہی! ہم مسکین و ناتواں اور کمزور بندے ہیں، تیرے عذاب سے لرزاں و ترساں ہیں، الٰہی! قبر کا عذاب سن کر دل ڈرتا ہے، دوزخ کے عذاب سے دل کانپ اٹھتا ہے، الٰہی! تیری رحمت کے امیدوار ہیں، امید لگا کر آئے ہیں، ہم اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ جو آپ نے حکم دیا ہم نے توڑ دیا، لاپرواہی کی اور جس بات سے منع کیا وہی کرلیا، نافرمان ہیں، ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کرلیا، مگر بابا آدم اور اماں حوا کی توبہ اسی عرفات میں آپ نے قبول کی ہے، الٰہی! ہم بھی تو انہی کی اولاد ہیں، جس طرح انہوں نے توبہ کی اور تو نے قبول کی، انہی الفاظ میں ہم بھی توبہ کرتے ہیں، قبول کرلے رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ، اے کریم! اے رحیم! ہم کو ناامید نہ کرنا، ہم کو، ہمارے والدین کو، ہمارے بیٹوں بیٹیوں کو، ہمارے بھائی بہنوں کو، ہمارے گھر والوں کو اور اسلام جہاں سے ہمارے خاندان میں چلا ہے، وہاں تک والد اور والدہ کی طرف تمام دادے، دادیوں کو، نانے، نانیوں کو، انکے تمام خویش و اقارب کو، ہمارے استاذوں

کو، ہم سے دعا چاہنے والوں کو، تمام عرفات والوں کو اور تمام مؤمنین و مؤمنات کو بخش دے، سب کی مغفرت کردے الٰہی، آمین.

(لبیک پڑھیں تین بار، پھر درود شریف پڑھیں) اور ایک تسبیح کلمہ توحید کی پڑھیں، پھر دعا میں لگ جائیں۔

الٰہی! آپ کے سوالی آپ کے در پر آئے ہیں، الٰہی! اپنے عذاب سے بچالے اور ہم کو پناہ دیدے، الٰہی! ہم آپ کے کمزور و ناتواں بندے باب حرم پر آئے ہیں، الٰہی! ہم بہت مسکین اور کمزور ہیں، کمزوروں پر تو سب کو رحم آجاتا ہے، ہمیں اپنا دردناک عذاب نہ چکھانا، ہمارا کوئی سہارا نہیں ہے، ہم مسکین بندے رو رو کر ہاتھ جوڑ کر عرض کرتے ہیں کہ اپنا محتاج رکھنا کسی اور کا محتاج نہ بنانا، الٰہی! سب مخلوق سے بے نیاز کردے۔

الٰہی! آپ نے قرآن کریم میں کہا ہے وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ کہ گھر پر سائل آئے تو اس کو مت جھڑکو، تو اے خداوند جہاں! ہم بھی سائل ہیں، کیا آپ ہم کو جھڑک دیں گے، الٰہی! دل کی مرادیں پوری کردے، اے اللہ! آپ نے تو کہا ہے فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ کوئی تمہارے ساتھ برا کرے، اسے معاف کردیا کرو، اے کریم! ہم نے بھی برا کیا ہے، ہم کو بھی معاف کردے۔

الٰہی! ہم تیرے گنہگار بندے تیرے در پر آئے ہیں، اپنی رحمت سے ہمیں بخش دے، ہمیں آپ کا فضل و کرم چاہئے، اپنی نعمتیں ختم نہ کرنا بلکہ اور

زیادہ دینا کہ ہم بہت محتاج ہیں، آپ کا بابِ رحمت وسیع ہے، آپ کے سوا اور کوئی ہم کو غنی نہیں کرسکتا، آپ کے کرم سے کون خالی گیا ہے، ہمیں بھی عطا کردے کہ تیرے سوا کوئی عطا کرنے والا نہیں ہے۔

اے ننھے بچوں کو روزی دینے والے! ٹوٹی ہڈیاں جوڑنے والے! بے چینیوں کی بے چینی میں کام آنے والے پروردگار! ہم پریشان حال دنیا کے بکھیڑوں سے گھبرائے ہوئے عرفات میں آئے ہیں، ہم کو اب اپنے سے دور نہ کرنا، الٰہی! ہمارا ہاتھ پکڑنے والا تیرے سوا کوئی نہیں، اگر تو نے بھی دور کردیا تو پھر رحم کرنے والا کون ہے؟ اے رحیم! رحم فرما، اے کریم! کرم فرما، اے لطیف! مہربانی فرما، اے عزیز! عزت دے، ذلت سے بچا، الٰہی! ان بیت اللہ کے حج کرنے والوں کا واسطہ اور یثرب کے روضہ اطہر والے نبی علیہ السلام کا واسطہ، ہماری آنکھیں ٹھنڈی کرنا، سعادت اور نیک بختی دینا، کلمہ شہادت کے وقت زبان نہ روکنا، موت کے وقت کلمہ جاری کر دینا کہ کلمہ پڑھتے ہوئے ایمان پر روح نکلے، ہم محتاج و بے بس ہیں، ہم کو ہمارے جرموں پر نہ پکڑنا، غنی کو فقیر پر رحم آیا کرتا ہے، مسکین و کمزور ہیں مگر گناہوں میں بڑھ گئے ہیں کہ گناہوں کا غبار آسمان تک جا پہنچا ہے، اے رحمت والے! ان گناہوں پر ابر رحمت برسادے کہ ابر رحمت سے تمام غبار چھٹ جاتا ہے۔

اے ہمارے معبود! جس نے چھپ چھپ کو آپ کی نافرمانیاں کی

ہوں، وہ برملا کس منہ سے مناجات کرے، مگر آپ کا حلم ہے کہ ہم آپ سے کہہ سن لیتے ہیں اور آپ قبول فرما لیتے ہیں، اے حلیم! حلم فرما۔

اے دلوں کی اصلاح فرمانے والے! ہمارے دل اور ہمارے قلوب کی ظاہر کی بھی اور باطن کی بھی اصلاح فرمادے، اے ذات کریمی! جس کے کرم کے سامنے پہاڑوں کے برابر گناہ بھی بے مقدار ہیں، ہم کو معاف کر دے، آپ نے ایمان دیا ہے، یہ ایمان کا لباس پہنائے رکھنا، ہمارا ایمان و یقین اور زیادہ کردے، قیامت میں جب نامہ اعمال تقسیم ہوں گے تو ہمارا نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دینا، آپ سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں، ہمارے آقا و ہادی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر لاکھوں کروڑوں ان گنت درود وسلام، رحمتیں اور برکتیں نازل فرما، ان کی آل و اصحاب پر اور ان کے ساتھ الٰہی ہم پر بھی اور ان عرفات والوں پر بھی رحمتیں اور برکتیں نازل فرما۔

لبیک پڑھیں تین بار، پھر مندرجہ ذیل درود شریف پڑھیں سو بار اور پھر دعا میں لگ جائیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ
مَّجِيْدٌ وَّ عَلَيْنَا مَعَهُمْ.

یا الٰہی! جب آپ کو بخشنا ہے تب ہی تو استغفار کا حکم دیا ہے، لہٰذا ہم کو

بخش دے، الٰہی! آپ توبہ قبول کرنا چاہتے ہیں تب ہی تو توبہ کا حکم دیا ہے، ہماری توبہ ہے، ہماری توبہ قبول کرلے، اور اگر آپ کا فضل و کرم نہ ہوتا تو ہم کس طرح آپ سے دعا کرتے، یہ دعا کرنا بھی آپ کے فضل سے ہے۔

سوال کرنے سے پہلے دل میں ڈالنے والے اور عرض کرنے سے پہلے قبول کرنے والے، دلوں کے بھید جاننے والے! ہم آپ سے پوری پوری امید رکھنے والے ہیں اور ہم کو پورا پورا یقین ہے کہ آپ نے ہم کو بخش دیا ہے۔

الٰہی! ہم خطا وار اور آپ احسان کرنے والے ہیں اور احسان کرنے والے کا کام یہی ہے کہ نعمت پوری کردے اور خطا کار کے لائق یہی ہے کہ خطاؤں کا اقرار کرے، آپ کی نعمتوں اور احسانات کا اور اپنی خطاؤں کا ہم اقرار کرتے ہیں، بس اے غنی! ہم محتاج ہیں، ہم پر نظر رحمت فرما، ہم کو، ہمارے والدین کو، گھر کے افراد اور بچے بچیوں کو، اقرباء و احباء کو، سب کو بخش دے۔

اے اللہ العالمین! اگر تیری رحمت صرف نیک لوگوں کے لئے ہے تو گنہگاروں کی امیدیں کون پوری کرے گا؟ آپ نے خود فرمایا ہے:

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ.

ترجمہ: اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کر لیا ہے، وہ اللہ کی رحمت سے نا امید نہ ہوں، اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو معاف کر دے گا، بے شک وہ بڑا بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔

الٰہی! آپ نے ہم کو مسلمان پیدا کیا، لہٰذا ہم کو اپنے عذاب سے سلامتی عطا فرما، تو نے ہم کو مؤمن بنایا، لہٰذا ہم کو اپنے عذاب سے امن عطا فرما، الٰہی! آپ کے صحن کرم میں بیٹھے ہیں، آسرا لگا رکھا ہے، عفو و کرم اور تیرے فضل کا سوال کرنے والے ہیں، ہم کو عذاب نہ دینا، قبر کے عذاب سے، حشر کے عذاب سے اور دوزخ کے عذاب سے بچانا۔

الٰہی! آپ غنی ہیں، ہم کمزور و بے کس آپ کے بندے ہیں، اگر آپ سے نہ کہیں تو کس سے کہیں، آپ سے التجا نہ کریں تو کس سے کریں، آپ کے سوا اور کون دینے والا ہے، آپ ہی ہمارے لئے کافی ہیں، ہمارے لئے تو یہی شرف کافی ہے کہ آپ ہمارے رب ہیں اور آپ بالکل ویسے ہی ہیں جیسا کہ ہم چاہتے ہیں۔

الٰہی! ہمارے اور تمام مسلمانوں کے بیماروں کو شفا دے، ان کو صحت و سلامتی عطا کر، جو بے اولاد ہیں، ان کو نیک اولاد عطا کر، جن کی اولاد ہے، ان کو نیک صالح اور فرمانبردار کر دے، جو قرضدار ہیں، ان کا قرضہ ادا کر دے، جو بے روزگار ہیں، ان کو روزگار سے لگا دے، جو کسی مصیبت میں مبتلا ہیں، ان کی مصیبت دور کر دے، جو پریشان حال ہیں، ان کی پریشانیاں دور

کردے، جو ناتے رشتے میں پریشان ہیں، اچھا رشتہ ناتا ان کو عطا کردے، ہر مسلمان مرد و عورت کو دو جہاں کی خوبی اور عزت دے، ہر بلا و مصیبت سے بچا، ہر بُری بیماری سے بچا، مقدمہ بازی سے بچا، بُری موت سے بچا، بُری گھڑی آنے سے بچا، دشمنوں سے بچا، شیطان سے بچا، مکروفریب سے بچا، حاسدوں سے بچا، نااتفاقی سے بچا اور ہر قسم کی راحت و چین نصیب فرما۔ اے قدرت والے! تیری قدرت میں کیا نہیں ہے، تو سب کچھ کرسکتا ہے، ہماری دعا ہمارے حق میں قبول فرما اور جنہوں نے ہم کو دعا کے لئے کہا ہے، ان کے حق میں اور تمام ملنے جلنے والوں کے حق میں اور ہماری اولاد اور تمام مسلمانوں کے حق میں قبول فرما۔

الٰہی! حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پر رحم فرما، الٰہی! حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے بگڑے کام بنادے، الٰہی! حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی اصلاح کردے، بُرے کاموں سے بچالے نیکیوں پر لگادے، ہم تو سب کے لئے دعا کرتے ہیں، سب کے بھلے کے خواستگار ہیں، اس کے ساتھ ہمارا بھی بھلا کرنا یا اللہ العالمین۔

لبیک پڑھیں تین بار، درود شریف ایک بار، سورۂ اخلاص سو بار پڑھیں پھر دعا میں لگ جائیں۔

یا ارحم الراحمین! ہم آپ پر کیسے اعتماد و بھروسہ نہ کریں، ہمارے سارے کام آپ کے ہاتھ میں ہیں، الٰہی! ہمارے گناہ جتنے بھی ہیں مگر ان کی

ایک حد ضرور ہے، مگر آپ کے فضل و کرم کی تو کوئی حد و انتہاء نہیں ہے، الٰہی! جسے آپ عزت دیں تو اسے کون ذلیل کر سکتا ہے اور جس کی آپ اہانت کریں تو کون اسے عزت دے سکتا ہے، اے عزتوں کے مالک! ہم کو عزت عطا فرما اور اہانت و ذلت سے بچا، آپ پردہ پوشی کرنے والے ستار العیوب ہیں، دونوں جہاں میں پردہ ہی رکھنا، آپ کے کرم کے بھوکے ہیں، کرم ہی کرم کرنا۔

الٰہ العالمین! جس پیشانی نے آپ کو سجدہ کیا، کیا آپ اسے عذاب میں ڈالیں گے؟ الٰہی! جس زبان نے آپ کا نام لیا اور جس دل نے آپ کی تصدیق کی، کیا ان کے لئے عذاب و سزا ہے، الٰہی! آپ کی شان کریمی بہت بلند و بالا ہے کہ آپ ایسے کرنے والے کو عذاب دیں، جو گناہ ہوئے ہیں تو آپ کے جود و کرم کے لائق یہی ہے کہ آپ معاف کر دیں، آپ احسان کرنے والے اور بے انتہاء کرم کرنے والے ہیں۔

الٰہی! ہم خطا کار ہیں اور آپ بخشنے والے ہیں، ہم ناشکرے ہیں اور آپ احسان پر احسان کرنے والے ہیں، ہم کو برسوں شیطان نے بہکایا، آپ کے در سے دور رکھا، آج اس شیطان کو (ہمیں بخش کر) ذلیل و خوار کر دے کہ یہ خاک سر پر ڈالے، آج آپ فرشتوں سے فخریہ یہ کہہ رہے ہیں کہ اے فرشتو! دیکھو میرے بندے اور بندیاں غبار آلود کس طرح اس میدان میں اکھٹے ہو گئے ہیں، دور دراز مقامات سے اور تنگ راستوں پر چل کر آئے

ہیں، ان کی کیا جزاء ہے؟ اے فرشتو! تم گواہ رہو، ان کو میں نے بخش دیا ہے اور جن کے لئے یہ کہیں ان کو بھی بخش دیا ہے، الٰہی! ہم بھی تو تیرے ان یہاں بیٹھنے والے بندوں میں سے ہیں، ہم آپ سے کیسے ناامید ہو سکتے ہیں، ہم کو بخش دے اور تمام جہاں کے مسلمان مردوں اور عورتوں کو بخش دے اور ہمارا خاتمہ ایمان پر کرنا، جب تک ہماری نسل دنیا میں چلے، سب کو با ایمان اٹھانا اور ان کی روزی تنگ نہ کرنا اور یہاں کی حاضری سب کو نصیب کرنا۔

اے ارحم الراحمین! ہم آپ کو آپ کے اسم اعظم کا واسطہ دیتے ہیں اور اسم اعظم ہی کے واسطہ سے سوال کرتے ہیں کہ جس نام کو لینے کے بعد آپ دعا قبول فرمالیتے ہیں، آپ کو آپ کے تمام ناموں کا واسطہ ہماری آنکھوں میں نورِ ایمان بھر دے، ہمارے کانوں میں نورِ ایمان بھر دے، ہمارے بدن میں، ہمارے گوشت پوست میں نور رہو، ہمارے دائیں نور ہو، ہمارے بائیں نور رہو، آگے پیچھے نور ہی نور کر دے، ہمارے دل میں روشنی بھر دے۔

الٰہی! آپ نے ہم کو اسلام وایمان کی ہدایت دی ہے تو اب اسے نہ چھیننا اور خاتمہ ایمان پر کرنا اور ہر قسم کے شر وفتنوں سے بچا کر رکھنا۔

الٰہی! ہم آپ کے نبی کے امتی ہیں، ہم کو ان کی سنت پر زندہ رکھنا اور ان کی ملت پر اٹھانا، اسی پر وفات دینا اور ظاہری وباطنی ہر فتنے سے بچا کر رکھنا، الٰہی! کسی کا قرض دار اور محتاج نہ کرنا، الٰہی! کسی کا دست نگر نہ کرنا، الٰہی!

جادو ٹونے ٹوٹکے اور تعویذ گنڈوں کے شر سے بچانا، اپنی عبادت اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کی توفیق دینا، ہمارے ملک میں اپنا قانون جاری کردے اور سب کو نیک بنادے، ہر برائی سے چھڑادے، پاکستان کی داخلی وخارجی دشمنوں سے حفاظت فرما، ہمیں نیک دل رحم کرنے والے حاکم عطا فرما، اور تمام رعایا کو اپنے حکم کے مطابق ملک میں امن وامان قائم رکھنے کی توفیق عطا فرما، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے پر چلا، برے کاموں سے دور کردے، اپنے اور مسلمانوں کے دشمنوں کو ہلاک کردے، ان کی جماعت میں تفرقہ ڈال دے، ان کی تدبیریں الٹا انہی پر ڈال دے اور مسلمانوں میں آپس میں اتفاق کردے۔

الٰہی! دشواریاں ہماری آسان کردے، اپنے نیک بندوں میں سے کر دے، ہمیں جنت الفردوس کا وارث بنادے، ہم کو اور ہم سب کے ماں باپ کو، اعزہ واقرباء کو، خاندان والوں کو اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام امت کو بخش دے۔

الٰہی! اس عرفات کے میدان میں سب دعا کر رہے ہیں، جس جس کی دعا آپ کو پسند آرہی ہے، آپ اس سے راضی ہیں، ہم کو بھی ان کی دعاؤں میں شامل کرلے اور ہماری دعاؤں میں ان کو شامل کرلے، اور یہاں جتنی دعائیں نیک بندوں نے آج تک کی ہیں اور وہ قبول ہوگئی ہیں، ان سب میں ہم کو بھی شریک کرلے اور قیامت تک جتنی دعائیں ہوتی رہیں گی، ہم کو

برابر سب کی نیک دعاؤں میں شریک رکھنا اور ہمارا خاتمہ ایمان پر کرنا، یہ سب دعائیں ہمارے حق میں قبول ہوں اور جس جس نے دعا کیلئے کہا ہے یا چاہنے والے ہیں یا آئندہ جو ہم سے کہے، سب کے حق میں قبول کر لینا۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

الٰہ العالمین! حج کرنے والوں اور عمرہ کرنے والوں کو آپ نے اپنا وفد کہا ہے، ہر وفد کو انعام ملا کرتا ہے اور زیارت کرنے والے کا اکرام ہوا کرتا ہے، اور ہر سائل کو عطیہ دیا جاتا ہے، ہم بھی اسی وفد میں ہیں، آپ کے گھر کی زیارت کو آئے ہیں، ہم بھی سائل ہیں، ہم کو حرم کے دروازے پر بٹھایا، دروازے پر کھڑے التجا کر رہے ہیں، آپ کی مغفرت کے امیدوار ہیں، الٰہی! ہماری امید پوری کر دے، اس شیطان لعین کو بے مراد کر دے، ذلیل کر دے اور آئندہ اس کے مکر وفریب سے ہم کو بچا کر رکھنا، خاص کر موت کی آخری گھڑیوں میں اس مردود کو دور رکھنا، ہماری زبانوں پر اپنا کلمہ جاری کر دینا، الٰہی! ہم کو اور تمام مسلمانوں کو بخش دے تا کہ یہ مردود ذلیل ہو جائے۔

الٰہی! ہماری ضرورتیں اور جتنی حاجتیں دل میں ہیں، آپ سب جانتے ہیں، ان کو پورا کر دیجئے اور آئندہ ہم پکے نمازی، دین پر چلنے والے ہوں، حسن خاتمہ، دوزخ سے نجات اور جنت کی کامیابی عنایت فرما۔

الٰہی! دنیا والے جب ہمارا ساتھ چھوڑ دیں، آپ ہمارا ساتھ نہ چھوڑنا، جب دنیا ہم کو بھول جائے، آپ ہم کو نہ بھولنا اور اپنی رحمت سے یاد

رکھنا، الٰہی! اولاد کا غم نہ دینا، الٰہی! آپ کی ناراضگی برداشت نہیں ہے، ناراض نہ ہونا، آپ کے عذاب کی سہار نہیں ہے، بہت کمزور ہیں، آپ کی رحمت درکار ہے، الٰہی! مصیبت اور دکھ تکلیف اور غم کی سہار نہیں ہے، بہت کمزور ہیں، آپ سے رحمت کی فریاد ہے، آپ نے فرمایا ہے کہ میری رحمت میرے غضب پر بڑھی ہوئی ہے، رحمت کرنا۔

اے میرے اللہ! کتنے آدمی عرفات میں اور تمام دنیا میں الگ الگ زبانوں میں تجھے پکار رہے ہیں، دعا کر رہے ہیں، آپ کی شان کتنی بڑی ہے، بیک وقت آپ سب کی سن لیتے ہیں اور مراد پوری کر دیتے ہیں، اپنی معافی کی ٹھنڈک سے ہمیں نواز دے، آپ ارحم الراحمین ہیں، الٰہی! ہم جنت الفردوس مانگنے آئے ہیں، اپنے فضل و کرم سے عطا کر دے، ہم کو بھی، ہمارے ماں باپ کو بھی، اولاد کو بھی، بھائی بہنوں اور اقرباء کو بھی اور تمام مؤمن مردوں اور عورتوں کو عطا کر دے، یہ تمام دعائیں ہمارے جاننے والوں اور ہمارے سلسلے والوں اور مشائخ کے لئے بھی قبول کرنا۔

نیک حاجتیں پوری کرنا، مشکلات ہماری آسان کرنا، تمام عالم کے مسلمان مردوں اور عورتوں کے بیماروں کو شفا دینا، غم زدوں کا غم دور کرنا، بیقراروں کی بیقراری کو دور کرنا، حقداروں کا حق دلانا، ظالم سے مظلوم کا حق دلانا، قرضداروں کا قرض ادا کرنا، بے روزگاروں کو روزگار دینا، بے اولادوں کو نیک اولاد دینا، اولاد والوں کی اولاد کو فرمانبردار کرنا، جب تک

ہماری نسل چلے سب کو اسلام وایمان پر قائم رکھنا، ہم کو نیک دعاؤں کی توفیق دینا، گناہوں سے بچانا، توبہ کی توفیق دینا، ایمان پر دنیا سے اٹھانا، جو خیر آپ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی ہے ہم کو عطا کرنا، اور جن شرور سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے پناہ مانگی ہے، ان تمام شرور سے ہم کو بچانا، اے اللہ! معافی دے، دونوں جہاں کی عافیت دے، اور اسلام لانے تک جتنے ہمارے والدہ اور والد کی طرف سے گزرے ہیں، ان کے تمام خویش واقارب کی مغفرت کردینا اور ہماری سب کی یہی دعا ہے۔"

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ

وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

میدان عرفات میں استغفار

میدان عرفات میں دعا سے جس وقت فارغ ہوں اور رغبت ہو تو درج ذیل استغفار بھی کرلیں تو اچھا ہے۔

ارشاد الساری میں حضرت مُلّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ کوئی مظلوم قید خانہ میں چلا گیا، وہاں اس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی تو آپ نے اس قیدی کو مندرجہ ذیل استغفار تعلیم فرمائے جو عربی زبان میں ہیں، ان کا ترجمہ یہاں لکھ دیا گیا ہے، آپ نے روزانہ دس

استغفار پڑھنے کے لئے فرمایا، سات روز تک یہ کل ستر استغفار ہوتے ہیں، جمعہ سے شروع کرے اور جمعرات کو ختم کرے، قیدی نے جب ان ستر استغفار کو پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے اس کو نجات دیدی۔

علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے سند کے ساتھ نقل کیا ہے کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک پر دعا کی کہ کسی اللہ کے ولی کی جاگتے ہوئے زیارت ہو جائے، کئی سال کے بعد ایسا اتفاق ہوا کہ میں عرفات کے میدان میں جبل صخرات کے پاس کھڑا تھا، اچانک مجھے سات آدمی نظر آئے، وہ اس جگہ کھڑے تھے جہاں وادیٔ نعمان کے سامنے پیلو کا درخت ہے، میرے دل نے خود یہ کہا کہ یہ اولیاء اللہ ہیں، میں نے سلام عرض کیا، انہوں نے بہت احسن جواب دیا، ان میں ایک شیخ تھے، بہت نورانی چہرہ والے تھے، میں ان کے ساتھ بیٹھ گیا، نماز کا وقت آیا تو ایک شخص نے اذان دی، اقامت ہوئی اور اس شیخ نے نماز پڑھائی، میں نے بھی ان کے ساتھ نماز ادا کی، میرے خیال میں میں نے کبھی اس سے بہتر نماز ادا نہ کی ہوگی، شیخ نے نماز کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا کہا، مجھے یہ خیال ہوا کہ یہ غائب نہ ہو جائیں، فوراً شیخ نے کہا کہ ہدایت پر وہی ہے جسے اللہ ہدایت دے، پھر ایک شخص سے کہا کہ خدا تجھ پر رحم کرے، اس کو سکھا دے، اس شخص نے مجھ سے کہا کہ دوزخ سے نجات دینے والے استغفار میں تین راتوں میں پڑھتا ہوں، میں نے دریافت کیا کہ وہ راتیں

کون سی ہیں؟ اس شخص نے کہا کہ ذوالحجہ کی ساتویں، نویں اور دسویں رات کو ان کا پڑھنے والا سمجھ کر پڑھے تو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو گھبراہٹ والے دن سے نجات عطا فرمائے اور امن سے رکھے اور اللہ تعالیٰ اس کو ولایت سے نوازے، میں نے عرض کیا کہ وہ مجھے بھی بتا دیجئے، اس شخص نے کہا وہ یہ ہیں:

اصل عربی تو ارشاد الساری میں ہے، ان کا خلاصہ ومطلب درج ذیل ہے، معانی کے ساتھ ساتھ دل کو لگائے رکھئے اور پڑھئے:

(۱) اے اللہ! آپ نے مجھے عافیت بخشی، آپ کے فضل وکرم سے بہت نعمتیں آپ کی کھائیں اور برتیں، آپ نے کبھی بھوکا نہیں رکھا، برابر روزی پہنچائی، آپ کی ان نعمتوں کے کھانے سے قوت آئی، لیکن میں نے اس قوت کو بجائے آپ کی فرمانبرداری کے نافرمانی میں خرچ کیا، کتنے ہی میں نے گناہ کئے، آپ نے لوگوں سے پردہ میں رکھا، کبھی آپ کا خوف آیا تو آپ کے امن وعافیت سے دھوکہ کھا گیا اور سمجھا کہ مجھے آپ نہ پکڑیں گے اور آپ کی پکڑ کا خیال بھی آیا تو آپ کے حلم کی طرف دھیان گیا اور عفو وکرم کی امید میں گناہ کر بیٹھا، اے اللہ! میں ہر ایسے گناہ سے معافی چاہتا ہوں، مجھے بخش دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۲) اے پروردگار! میں آپ سے ہر اس گناہ کی معافی چاہتا ہوں جو

آپ کے غضب کا باعث ہو اور ہر اس گناہ سے بھی معافی چاہتا ہوں جس کو آپ نے منع کیا تھا اور میں کر گزرا اور اس گناہ سے بھی معافی مانگتا ہوں جس کی نحوست سے میں آپ کی عبادت واطاعت سے محروم ہوا۔

"فَصَلِّ وَ سَلِّمْ" اوپر لکھے ہوئے کی طرح پڑھے "يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ" تک۔

(۳) اے اللہ! میں اس گناہ کی بھی معافی چاہتا ہوں کہ میں نے آپ کی مخلوق میں سے کسی کو گناہ میں لگا دیا ہو، حیلہ وحوالہ کر کے اس کو گناہ کی بات میں پھنسا دیا ہو، یا اسے تو اس گناہ کی بات کا علم نہ تھا، میرے بتانے سے اس نے گناہ کو مانا اور کیا، یا میں کسی کے گناہ کا باعث ہوا ہوں، کل قیامت کے روز ان گناہوں کو لے کر کس طرح سامنے آؤں گا؟ الٰہی! مجھے اور میرے ہر ایسے گناہ کو معاف فرما دے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۴) اے اللہ! میں ہر ایسے گناہ سے پناہ چاہتا ہوں جو گمراہی اور کفر کی طرف لے جائے، راہ سے بے راہ کر دے، لوگوں میں بے وقار کر دے، دنیا و آخرت میں رسوائی ہو جائے اور دیگر ایسے گناہ جو میں کر گزرا، الٰہی! مجھے معاف فرما دے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى

اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَاغْفِرْہُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

(۵) اے اللہ! ایسے گناہ کہ جن کے ارتکاب سے میں نے اپنے جسم کو تھکا دیا اور مخلوق سے پردہ کرتا رہا، لیکن ہائے تجھ سے پردہ نہ ہو سکتا تھا، لیکن تجھ سے پردہ میں ہو جانے کا خیال بھی نہ آیا، اس کے باوجود کہ آپ مجھ کو رسوا کر سکتے تھے لیکن مجھے رسوائی سے بچا لیا اور حقیقت میں آپ کے سوا اور کون ایسا ہے کہ گناہ دیکھتا ہو اور پردہ پوشی کرتا ہو، اے اللہ! میرے ہر گناہ کو معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَاغْفِرْہُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

(۶) اے پروردگار! میں تو نافرمانی کرتا رہا، لیکن آپ نے اپنے حلم سے مجھے ڈھیل دیدی، مجھے گناہ کرتے ہوئے دیکھ کر بھی مجھے چھوڑے رکھا، اس بداعمالی کے ساتھ میں نے جو مانگا آپ نے دیا، آپ کا کہاں تک شکر ادا کروں، مجھ پر میرے دشمنوں نے خفیہ و علانیہ حملے کیے، مجھے ایذا پہنچانی چاہی لیکن آپ نے مجھے ان سے اور ان کے حملوں سے بچا لیا اور مجھے رسوا نہ ہونے دیا، آپ نے مجھ گنہگار و عاصی کی اس طرح مدد کی جیسے آپ اپنے اطاعت گزار بندوں کی مدد فرماتے ہیں، مجھے اس طرح رکھا جیسے اپنے پسندیدہ بندہ کو رکھا کرتے ہیں، لیکن اے پروردگار! اس کرم کے ہوتے ہوئے بھی میں معاصی ہی کا ارتکاب کرتا رہا اور باز نہ آیا، الٰہی! مجھے محض اپنے

کے باعث مسلمانوں پر آفت ومصیبت آگئی ہو، یا میرے گناہ کی وجہ سے دشمنانِ اسلام کو ہنسنے کا موقع ملا ہو یا دوسروں کی میری گناہ کی وجہ پردہ دری ہوئی ہو، یا میرے گناہوں کے باعث مخلوق پر بارش برسانے سے روک لی گئی ہو، میرے سب گناہ بخش دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۱۱) اے اللہ! آپ کی ہدایت آجانے کے بعد اور دین کی بات کا علم ہو جانے کے بعد بھی میں نے اپنے آپ کو غافل بنائے رکھا، آپ نے حکم دیا یا منع کیا، یا کسی عمل کی رغبت دلائی، یا اپنی رضا ومحبت کی طرف بلایا اور اپنے قریب کرنے کے لئے اعمالِ خیر کی دعوت دی، آپ نے سب کچھ انعام کیا لیکن میں نے کوئی پرواہ نہ کی، الٰہی! میری ہر ایسی خطا کو معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۱۲) اے اللہ! جس گناہ کو کر کے میں بھول گیا ہوں لیکن آپ کے یہاں وہ لکھا ہوا ہے، میں نے اس کو ہلکا سمجھا، لیکن نافرمانی پھر نافرمانی ہے، وہ آپ کے یہاں موجود پاؤں گا، الٰہی! میں نے بارہا علانیہ گناہ کیا لیکن آپ نے چھپالیا اور لوگوں نے دھیان نہ کیا اور ہر ایسا گناہ جس کو آپ نے اس لئے رکھ چھوڑا ہو کہ توبہ کرے گا تو معاف کریں گے، الٰہی! میں سچے دل سے

توبہ کرتا ہوں، مجھے معاف فرما دیجئے اور میری توبہ قبول فرمالیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۱۳) اے اللہ! میں نے ایسے گناہ بھی کیے کہ میں کرتا رہا اور ڈرتا رہا کہ اب پکڑا جاؤں گا، مگر آپ نے بچائے رکھا، میں نے گناہ کرنے میں پوری کوشش صرف کردی، رسوائی کا بھی خیال نہ کیا، لیکن آپ نے پردہ پوشی ہی فرمائی، الٰہی! وہ گناہ بھی میرے معاف کردے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۱۴) اے اللہ! میں ہر اس گناہ کی معافی چاہتا ہوں جس گناہ کی وعید اور سزا معلوم تھی، آپ نے اس کے عذاب سے ڈرایا، اس کی برائی بیان کی، مجھے علم تھا لیکن نفس وشیطان نے اسے ایسا سجایا کہ میں نے آپکی وعید ودھمکی سے بے اعتنائی برتی، اور وہ گناہ کر بیٹھا اے اللہ! مجھے معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۱۵) اے اللہ! میں ان تمام گناہوں سے معافی چاہتا ہوں جو آپکی رحمت سے دور کردیں اور عذاب میں مبتلا کرنے کا ذریعہ ہوں، عزت سے محروم کردیں اور برائی کے لائق کردیں اور آپکی نعمتوں کے زوال کا سبب

فضل و کرم سے بخش دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۷) اے پروردگار! میں نے کتنی بار توبہ کی، قسمیں کھائیں، واسطے دیئے کہ اب یہ گناہ نہ کروں گا، لیکن جب شیطان نے اس گناہ کی طرف دعوت دی، مجھے میرے نفس نے اس کو مزین کر کے سامنے کیا تو میں نے بے دھڑک اس گناہ کا ارتکاب کیا، افسوس مجھے لوگوں سے تو حیا آئی، لیکن آپ سے کبھی حیا نہ کی کہ آپ ہر وقت دیکھنے اور خبر رکھنے والے ہیں، یہ جانتے ہوئے بھی کہ آپ سے کہاں چھپ سکتا ہوں، نہ کوئی مکان، نہ اندھیرا، نہ کوئی حیلہ و تدبیر آپ سے اوجھل کر سکتا ہے، افسوس میری اس جرأت پر کہ جس کام کو آپ نے منع کیا تھا، میں نے جان کے بھی مخالفت کی، پھر بھی آپ نے پردہ فاش نہ کیا بلکہ اپنے بندوں میں اس طرح شامل رکھا کہ گویا میں بھی آپ کا فرمانبردار بندہ ہوں، اے اللہ! میں ان گناہوں سے شرمندہ ہوں کہ ان کو سوائے آپ کے اور کوئی نہیں جانتا، اگر آپ چاہتے تو گناہ کرنے کے بعد کوئی نشان چہرہ پر لگا دیتے، لیکن اے اللہ! تو نے نیکوں کا سا چہرہ بنائے رکھا، لوگوں کی نگاہ میں باعزت رہا، لوگ مجھے اپنے نزدیک اچھا ہی سمجھتے رہے ورنہ میں تو جیسا تھا آپ کے علم میں ہے، یہ محض آپ ہی کا فضل و کرم تھا، الٰہی! ایسے سب گناہ میرے بخش دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۸) اے اللہ! میں ہر اس گناہ کی معافی چاہتا ہوں جس کی لذت سے میں نے ساری رات کالی کر دی، اس کی فکر میں دماغ سوزی کرتا رہا، رات سیاہ کاری میں گزاری اور صبح نیک بن کر باہر آیا، حالانکہ میرے دل میں بجائے نیکی کے وہی گناہ کی گندگی بھری رہی، اے پروردگار! تیری ناراضگی کا کوئی خوف ہی نہ کیا، میرا حال کیا ہوگا، الٰہی! مجھے اپنی مہربانی سے معاف فرما دے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۹) اے اللہ! میں اس گناہ کی بھی معافی چاہتا ہوں جس کے سبب آپ کے کسی ولی پر ظلم کیا ہو، یا آپ کے کسی دشمن کی مدد کی ہو، یا آپ کی مخالفت میں چل کھڑا ہوا ہوں، یا آپ کے اوامر و نواہی کے خلاف تگ و دو میں لگا رہا ہوں، ایسے سب گناہ معاف فرما دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۱۰) اے اللہ! اس گناہ سے بھی معافی چاہتا ہوں کہ میں نے مسلمانوں میں بغض و عداوت اور منافرت پھیلا دی ہو، یا میرے گناہوں

ہیں، میں تو کر کے بھول بھی گیا ہوں مگر آپ کے علم میں سب ہیں، کل بروز قیامت آپ مجھ سے سوال کریں گے، سوائے اقرار کرنے کے اور کیا جواب دوں گا، اے اللہ! مؤاخذہ نہ فرمانا، آج ہی وہ سب گناہ معاف فرما دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۲۲) اے اللہ! بہت سے گناہ اس طرح کئے ہیں کہ میں جانتا تھا کہ آپ کے سامنے ہوں مگر خیال کیا کہ توبہ کرلوں گا، معافی چاہ لوں گا، الٰہ العالمین! گناہ کرلیا لیکن نفس وشیطان نے توبہ واستغفار سے باز رکھا، گناہ پر گناہ کرتا چلا جاتا رہا، الٰہی! میری اس جرأت پر نظر نہ فرمانا، اپنی شان کریمی کے صدقے مجھے معاف فرمانا، میں توبہ کرتا ہوں، معافی چاہتاں ہوں، اے اللہ! مجھے معاف کردے، آپکے سوا اور کون معاف کرنے والا ہے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۲۳) الٰہ العالمین! ایسا بھی ہوا کہ گناہ کر کے میں نے آپ سے حسن ظن رکھا کہ آپ عذاب نہ دیں گے، آپ معاف کردیں گے، اس وقت میرے نفس نے یہی پٹی پڑھائی کہ اللہ کا کرم ورحمت تو بہت وسیع ہے اور آپ پردہ ڈالتے رہے، بس میں سمجھا کہ جب وہ پردہ پوشی فرما رہے ہیں تو عذاب بھی نہ دیں گے، بس اسی خیال میں آکر بہت سے گناہ کرلئے، اے اللہ!

مجھے معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ وَاغْفِرْهُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

(۲۴) اے اللہ! ان گناہوں کی بھی معافی چاہتا ہوں جن کی وجہ سے دعا کے قبول ہونے سے محروم ہوگیا، روزی کی برکت اور خیر نہ رہی، ان گناہوں کو بھی معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ وَاغْفِرْهُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

(۲۵) اے اللہ! جن گناہوں کے سبب لاغری آتی ہے اور نقاہت چھا جاتی ہے، بروز قیامت حسرت وندامت ہوگی، ان گناہوں کو بھی معاف فرما دے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ وَاغْفِرْهُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

(۲۶) الٰہی! جو گناہ باعث تنگی رزق ہوں، یا باعث مانع خیر و برکت ہوں، یا باعث محرومی حلاوتِ عبادت ہوں، سب معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ وَاغْفِرْهُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

(۲۷) اے اللہ! جس گناہ کی میں نے تعریف کی ہو، یا کینہ کی طرح

ہوں۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۱۶) اے اللہ! میں ہر اس گناہ سے معافی چاہتا ہوں جس سے میں نے آپ کی کسی مخلوق کو عار دلائی ہو یا آپ کی مخلوق کو فعل قبیح میں مبتلا کر دیا ہو اور خود میں بھی اس میں لگ گیا ہوں اور جرأت کے ساتھ کر رہا ہوں۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۱۷) الٰہ العالمین! گناہ کر کے توبہ کی اور توبہ کرنے کے بعد پھر وہی کیا، اپنی توبہ کو جانتا رہا اور گناہ کرتا رہا، رات کو معافی مانگی اور دن کو پھر وہیں چلا گیا اور بار بار یہی حال رہا، الٰہی! میں اپنے گناہوں کا اقراری مجرم ہوں اور آپ کی نعمتوں کا بھی اقرار کرتا ہوں، مجھے معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۱۸) اے اللہ! میں نے آپ سے کوئی وعدہ کیا ہو یا نذر مان کر کوئی عبادت واجب کی ہو یا آپ کی کسی مخلوق سے وعدہ کر کے پھر گیا ہوں یا غرور میں آ کر کسی کو ذلیل و حقیر سمجھا ہو، اے اللہ! اس کی ادائیگی کی توفیق عطا فرما اور مجھے معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۱۹) الٰہی! آپ نے نعمت پر نعمت عطا کی، اس سے قوت آئی، لیکن آپ کی اس دی ہوئی قوت کو میں نے آپ ہی کی نافرمانی میں خرچ کیا، کتنا برا کیا، آپ نے تو کھلایا پلایا اور میں نے آپ ہی کی مخالفت کی، آپکو ناراض کر کے مخلوق کو راضی کیا، نادم ہوں، برا کیا، اے اللہ! مجھے معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۲۰) الٰہ العالمین! کتنی بار ایسا ہوا کہ میں نیکی کے ارادے سے چلا مگر راستے ہی میں گناہ کی طرف چلا گیا اور جہاں تیرا غضب نازل ہوتا وہاں نفس کو راضی کیا اور آپ کی ناراضگی کی پرواہ نہیں کی، میں آپ کے غضب و عذاب کو بھی جانتا تھا مگر شہوت نے ایسا حجاب ڈالدیا یا کسی دوست نے ایسا ورغلایا کہ گناہ ہی اچھا معلوم ہوا، الٰہی! یہ سب کرتوت کر کے آیا ہوں اور اس امید سے آیا ہوں کہ آپ ضرور سب گناہ معاف فرمادینگے، اب اس امیدوار کو ناامید نہ فرمانا، میرے سب گناہ معاف فرمادیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۲۱) اے اللہ! میرے گناہوں کو آپ مجھ سے زیادہ جاننے والے

آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۳۲) اے اللہ! میں آپ سے ہر اس گناہ کی معافی چاہتا ہوں جس کی وجہ سے میں آپ کے غضب کے قریب ہو گیا ہوں، یا کسی مخلوق کو گناہ کی طرف لے گیا ہوں یا ایسی خواہش دلائی ہو کہ وہ اطاعت وعبادت سے دور ہو گیا ہو۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى

آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۳۳) اے اللہ! میں نے عُجب کیا ہو، ریاکاری کی ہو، کوئی آخرت کا عمل شہرت کی نیت سے کیا ہو، کینہ، حسد، تکبر، اسراف، کذب، غیبت، خیانت، چوری، اپنے اوپر اترانا، دوسرے کو ذلیل کرنا یا اس کو حقیر سمجھنا یا حمیت وعصبیت میں آکر بے جا سخاوت کرنا، ظلم، لہو ولعب، چغلی یا اور کوئی گناہ کبیرہ کا ارتکاب کیا ہو جس کے سبب میں ہلاکت میں آگیا ہوں، الٰہی! مجھے معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى

آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۳۴) اے اللہ! غیر اللہ سے عقلی طور پر ڈر گیا ہوں یا تیرے کسی ولی سے دشمنی کی ہو، یا تیرے دشمنوں سے دوستی کی ہو اور تیرے دوستوں کو رسوا کیا ہو، یا تیرے غضب میں آجانے کا کام کیا ہو تو الٰہی! مجھے معاف فرمادے،

میرے تو بہ ہے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۳۵) الٰہ العالمین! وہ گناہ جو آپ کے علم میں موجود ہیں اور میں بھول گیا ہوں، ان سب گناہوں کی معافی چاہتا ہوں۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۳۶) اے اللہ! کوئی گناہ کیا اور اس سے توبہ کی، لیکن جرأت کر کے پھر اس توبہ کی پرواہ نہ کی، یکے بعد دیگرے کرتا چلا گیا، الٰہی! ان تمام معاصی سے پناہ دیدے اور مجھے بخش دے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۳۷) اے اللہ! جس گناہ کے کرنے سے عذاب کے قریب ہو گیا ہوں اور آپ کی رحمت سے محروم ہو گیا ہوں، یا تیری رحمت سے حجاب میں ہو گیا ہوں یا اس کی وجہ سے تیری کسی نعمت سے محروم ہو گیا ہوں، ان تمام گناہوں کی معافی چاہتا ہوں۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

دل میں چھپایا ہو، یا دل میں عزم مصمم کر لیا ہو کہ یہ گناہ کروں گا، یا زبان سے اظہار بھی کر دیا ہو، یا وہ گناہ جو میں نے اپنے قلم سے لکھا ہو، یا اعضاء سے اس کا ارتکاب کر لیا ہو، یا اپنے ساتھ دوسروں کو بھی اس گناہ کے کرنے پر آمادہ کیا ہو، ایسے سب گناہوں کو معاف فرما دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۲۸) الٰہ العالمین! میں نے گناہ رات کو بھی کیے اور دن کو بھی کیے، لیکن آپ نے اپنے حلم سے پردہ پوشی فرمائی کہ کسی مخلوق کو اس کا علم نہ ہونے دیا، میں نے آپ کی اس ستاری فرمانے کا کچھ خیال نہ کیا، میرے نفس نے اس گناہ کو پھر مزین کر کے پیش کیا اور گناہ کو گناہ سمجھتے ہوئے پھر کر گزرا، میں بار بار ایسا ہی کرتا رہا، الٰہ العالمین! آپ میرے اس حال کو خوب جانتے ہیں، آئندہ ایسا نہ کروں گا، آپ سے توفیق مانگتا ہوں، میں توبہ کرتا ہوں، معافی چاہتا ہوں، الٰہی! معاف فرما دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۲۹) الٰہ العالمین! بہت سے گناہ بڑے تھے لیکن میں نے ان کو چھوٹا سمجھا، اور محض اس خیال سے کہ کر لو، دیکھا جائے گا، میں کر گزرا، اب آئندہ ایسا نہ کروں گا، آپ بچنے کی توفیق دیدینا، اب میں معافی چاہتا ہوں، ایسے

سب گناہ بخش دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۳۰) الٰہی! میں نے آپ کی کسی مخلوق کو گمراہ کیا ہو، اس کو گناہ کی بات بتائی ہو، اکسایا ہو، اپنے آپ کو بچانے کی خاطر اس کو گناہ میں پھنسا دیا ہو یا میرے نفس نے گناہ کو ایسا سجا دیا ہو کہ مجھے دیکھ کر دوسرا اس گناہ میں مبتلا ہو گیا ہو اور جان بوجھ کر گناہ کرتا رہا ہو، الٰہ العالمین! سب گناہوں کو معاف کر دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۳۱) الٰہ العالمین! میں نے امانت میں خیانت کی ہو، خیانت مال کی ہو یا زبان کی ہو اور نفس نے اس کو مزین کر دیا اور میں اس میں مبتلا ہو گیا، یا شہوانی خیانت کر لی ہو، یا کسی کو گناہ کرنے میں امداد دی ہو، یا کسی بھی طریقہ سے اس کو گناہ کرنے پر قوت پہنچائی ہو یا اس کا ساتھ دیا ہو، کبھی کوئی نصیحت کرنے والا آیا تو میں نے اس کو برا بھلا کہا ہو یا کسی قسم کی اس کو ایذا دی ہو یا تکلیف پہنچائی ہو، یا کسی حیلہ کے ذریعہ اس کو ناحق ستایا ہو، اے اللہ! میں معافی چاہتا ہوں، مجھے معاف فرما دے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى

(۳۸) یا الٰہی! میں نے آپ کے مقید حکم کو مطلق کر دیا ہو یا مطلق حکم کو مقید کر دیا ہو، اور میں اس کی وجہ سے خیر سے محروم کر دیا گیا ہوں، اے اللہ! اس کو معاف فرما دے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِیْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۳۹) اے اللہ! جو گناہ آپ کے عافیت دینے کے باوجود عافیت میں دھوکہ کھا کر کر لیا ہو یا تیری نعمت کو غلط ناجائز استعمال کیا ہو، یا آپ کے رزق کی وسعت کی وجہ سے گناہوں میں مبتلا ہو گیا ہوں، یا عمل تیری رضا کے لئے کر رہا تھا لیکن نفس کی شہوت کے غلبہ سے وہ کام تیری رضا سے نکل گیا ہو، اس کی معافی دیدے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِیْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۴۰) اے اللہ! کوئی گناہ تھا لیکن میں نے رخصت سمجھ کر کر لیا ہو، جو حرام تھا لیکن اس کو حلال سمجھ کر کر لیا ہو، تو آج اسے بھی معاف فرما دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِیْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۴۱) اے اللہ! بہت سے گناہ آپ کی مخلوق سے چھپا کر کر لئے لیکن آپ سے کہاں چھپا سکتا تھا، الٰہی! میں اپنا عذر پیش کرتا ہوں اور آپ سے

معافی چاہتا ہوں، معافی چاہنے کے بعد بھی گناہ ہو جائے تو اس کی بھی معافی چاہتا ہوں، مجھے بخش دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِیْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۴۲) الٰہی! جس گناہ کی طرف میرے پیر چلے ہوں، میرے ہاتھ بڑھے ہوں، میری نگاہوں نے ایسا ویسا دیکھا ہو، زبان سے گناہ ہوئے ہوں، آپ کا رزق بے جا برباد کر دیا ہو، لیکن آپ نے باوجود اس کے اپنا رزق مجھ سے نہیں روکا اور عطا کیا، میں نے پھر اس عطا کو تیری نافرمانی میں لگایا، اس کے باوجود میں نے زیادہ رزق مانگا، آپ نے زیادہ دیا، میں نے گناہ علی الاعلان کیا، لیکن آپ نے رسوا نہ ہونے دیا، میں گناہ پر اصرار کرتا رہا اور آپ برابر حلم فرماتے رہے، پس اے اکرم الاکرمین! میرے سب گناہ معاف فرما دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِیْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۴۳) اے اللہ! جس گناہ کے صغیرہ ہونے سے عذاب آئے اور جس گناہ کے کبیرہ ہونے سے عذاب زیادہ ہو جائے اور ان کے وبال میں ابتلا ہو جائے اور ان پر اصرار کرنے سے نعمت زائل ہو جائے، ایسے سب گناہ میرے معاف کر دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۴۴) اے اللہ! جس گناہ کو صرف آپ نے دیکھا، آپ کے سوا کسی نے نہ دیکھا اور سوائے آپ کے عفو ونجات کا کوئی ذریعہ نہیں، انہیں بھی معاف کردیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۴۵) الٰہی! جس گناہ سے نعمت زائل ہوجائے، پردہ دری ہوجائے، مصیبت آجائے، بیماری لگ جائے، درد ہوجائے یا وہ کل کو عذاب لائے، ان گناہوں کو بھی معاف فرمادیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۴۶) اللہ العالمین! جس گناہ کی وجہ سے نیکی زائل ہوگئی، گناہ پر گناہ بڑھے، تکالیف اتریں اور تیرے غضب کا باعث بنے، ان سب گناہوں کو معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۴۷) اے اللہ! گناہ تو صرف آپ ہی معاف کرسکتے ہیں، آپ نے

بہت سے گناہ اپنے علم میں چھپا لئے ہیں، آپ ان کو معاف کر دیجئے۔ یا اهل التقوی و یا اهل المغفرة

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۴۸) اے اللہ! میں نے تیری مخلوق پر کسی قسم کا ظلم کیا ہو، یا تیرے دوستوں کے خلاف چلا ہوں، تیرے دشمنوں کی امداد کی ہو، اہل اطاعت کے مخالف اہل معصیت سے جا ملا ہوں، ان کا ساتھ دیا ہو، الٰہی! ان گناہوں کو بھی معاف فرما دے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۴۹) اے اللہ! جن گناہوں کے باعث میں ذلت وخواری میں آ گیا ہوں یا تیری رحمت ہی سے ناامید ہو گیا ہوں یا طاعت کی طرف آنے سے گریز کرتا رہا ہوں، اپنے گناہ کو بڑا سمجھ کر ناامیدی پیدا کر لی ہو، اسے بھی معاف فرما دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۵۰) اے اللہ! بعض گناہ ایسے بھی کئے ہیں کہ میں جانتا تھا کہ گناہ کی بات ہے اور آپ میرے حال کو جانتے ہیں، لیکن گناہ کو ہلکا خیال کیا اور

تیری پکڑ کا خیال نہ کیا، اپنی رو میں کر گزرا، الٰہی! ان کو بھی معاف فرما دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۵۱) الہ العالمین! دن کی روشنی میں تیرے بندوں سے چھپ کر گناہ کیا، اور رات کے اندھیرے میں تیرا حکم توڑا، یہ صرف میری نادانی ہی تھی، کیونکہ میں یہ جانتا ہوں کہ آپ کے نزدیک ہر پوشیدہ ظاہر ہے، آپ جو چاہیں کر سکتے ہیں، آپ کے یہاں سوائے آپ کی رحمت کے نہ مال کام آئے گا اور نہ اولاد کام آئے گی، اے اللہ! مجھے قلب سلیم عطا فرما اور مجھے معاف فرما۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۵۲) اے اللہ! ان گناہوں سے جن کی وجہ سے تیرے بندوں میں مبغوض ہو جاؤں اور تیرے دوست نفرت کرنے لگیں اور تیرے اہل اطاعت کو وحشت ہونے لگے، ایسے گناہوں کا ارتکاب کر لیا ہو تو آپ معاف فرما دیجئے اور ان حالات سے پناہ میں رکھئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۵۳) الٰہی! جو گناہ کفر تک پہنچائے، تنگی اور محتاجی لائے، تنگی و سختی کا

سبب ہو جائے، خیر سے دور کردے، پردہ دری کا سبب بن جائے، فراخی کو روک لے، اگر کرلئے ہوں تو معاف فرما ورنہ محفوظ رکھ یا الٰہ العالمین!

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۵۴) الٰہ العالمین! جو گناہ عمر کو خراب کریں، امید سے ناامید کردیں، نیک اعمال کو برباد کردیں، الٰہی! ایسے گناہوں سے بچا کر رکھنا، اگر کرلئے ہوں تو معاف فرمانا۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۵۵) اے اللہ! آپ نے قلب کو پاک کیا، میں نے گناہوں سے ناپاک کرلیا، آپ نے پردہ رکھا، میں نے خود اس کو چاک کردیا، اپنے بُرے اخلاق کو مزین کیا اور نیک بنا رہا، ایسے گناہ بھی معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۵۶) الٰہی! وہ گناہ جن کے ارتکاب سے آپ کے وعدوں سے محروم ہو جاؤں اور آپ کے غصہ و عذاب میں آجاؤں، الٰہی! مجھ پر رحمت رکھنا اور ایسے سب گناہ معاف فرمادیں۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى

آلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَاغْفِرْہُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

(۵۷) اے اللہ! ایسے گناہوں سے بھی معافی چاہتا ہوں جن کی وجہ سے آپ کے ذکر سے غافل رہا اور آپ کی وعیدوں اور ڈرانے والی آیات سے لاپرواہ ہوگیا اور سرکشی کرتا رہا، الٰہی! معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَاغْفِرْہُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

(۵۸) الٰہ العالمین! تکالیف میں مبتلا ہوکر کبھی میں نے شرک کرلیا ہو یا آپ کی شان میں گستاخی کرلی ہو، آپ کے بندوں سے آپ کی شکایت کی ہو، بجائے آپکے در پر آنے کے بندوں پر حاجت اتاری ہو، یا آپ کی مخلوق کے سامنے اس طرح مسکینی کا اظہار کیا ہو یا چاپلوسی کی ہو جیسے حاجت روائی اسی کے قبضے میں ہے، الٰہ العالمین! ایسے گناہوں کی بھی معافی عطا فرما۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَاغْفِرْہُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

(۵۹) الٰہی! ان معاصی کی مغفرت کا طلبگار ہوں کہ بوقت معصیت تیرے سوا کسی دوسرے کو پکارا ہو اور غیر اللہ سے امداد کی دعا کی ہو۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَاغْفِرْہُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

(۶۰) الٰہ العالمین! تیری عبادت میں جانی یا مالی گناہ کا اختلاط کرلیا

ہو یا مال کی طمع میں شرع کا خیال نہ کیا ہو یا کسی مخلوق کی اطاعت کی ہو اور تیری نافرمانی کی ہو، تیرے حکم کو ٹالا ہو، اور اس کے برخلاف مخلوق کے حکم کو سراہا ہو، محض دنیا کی خاطر ناجائز منت وسماجت کی ہو حالانکہ میں جانتا بھی ہوں کہ آپ کے سوا کوئی حاجت پورا کرنے والا نہیں، الٰہی! ان گناہوں کو بھی معاف فرمادے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۶۱) الٰہی! گناہ تو بڑا تھا مگر نفس نے معمولی سمجھا اور اس کے کرتے ہوئے نہ ڈرا نہ رکا، الٰہی! ان کی بھی معافی دیدے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۶۲) الٰہ العالمین! آخری سانس تک جتنے گناہ ہو چکے ہوں گے سب، بخش دیجئے، اول کے بھی، آخر کے بھی، بھولے سے کئے ہوئے اور جان بوجھ کے کئے ہوئے بھی، قلیل وکثیر بھی، صغیرہ وکبیرہ بھی، باریک اور موٹے بھی، پرانے اور نئے بھی، پوشیدہ وظاہر بھی، الٰہ العالمین! ان سب گناہوں کو بخش دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۶۳) اے اللہ! جتنے حقوق تیری مخلوق کے مجھ پر ہیں، میں ان کے عوض مرہون ہوں، الٰہی! میری طرف سے ان سب کے حقوق ادا کر دیجئے بلکہ ان کو ان کے حقوق سے اور زیادہ دید یجئے اور مجھے ان سے معاف کرا دیجئے، میرے ہر قسم کے تمام اہل حقوق کو بخش دیجئے اور ان کو دوزخ سے بچا کر جنت الفردوس عطا فرمایئے، اے اللہ! اگرچہ حقوق بہت ہیں، مگر آپ کے پردۂ عفو میں کچھ بھی نہیں، مجھے سبکدوش فرما کر عفو و عافیت و معافات کے ساتھ دنیا سے اٹھایئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۶۴) اے اللہ! کسی آپ کے بندے یا بندی کا مال ناحق لیا ہو، کسی کی آبرو خراب کر دی ہو، کسی کے جسم کے کسی حصہ پر مارا ہو اور اس پر ظلم کیا ہو، اس نے مطالبہ حق کیا لیکن میں نے عدم استطاعت کی وجہ سے نہ دیا ہو یا لاپرواہی برتی ہو، اس سے معاف بھی نہ کرا سکا ہوں، آپ کے سب اختیار میں ہے، میری معافی فرما دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۶۵) الٰہ العالمین! جتنے میرے گناہ آپکے علم میں ہیں، سب معاف فرما دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(٦٦) اے اللہ! آپ کا وعدہ ہے کہ اگر کوئی بندہ زمین و آسمان بھر جانے کے برابر گناہ لے کر آئے تو میں بھی اتنی مغفرت لے کر چلتا ہوں اور اسے معاف کر دیتا ہوں، الٰہی! مجھے بھی معاف فرما دیجئے۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(٦٧) الہ العالمین! جب بندہ تین مرتبہ "رَبِّ اغْفِرْلِیْ" کہتا ہے تو آپ فرماتے ہیں اے بندے! میں نے معاف کیا اور مجھے کوئی پرواہ نہیں، الہ العالمین! میں بھی تین مرتبہ استغفار کرتا ہوں رَبِّ اغْفِرْلِیْ رَبِّ اغْفِرْلِیْ رَبِّ اغْفِرْلِیْ مجھے بھی معاف فرما۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(٦٨) الہ العالمین! کل حساب کے وقت مجھ سے حساب نہ لینا، بلا حساب جن بندوں کو آپ جنت میں بھیجیں گے، مجھے بھی معاف فرما کر ان کے ساتھ کر دینا۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

(۶۹) الٰہ العالمین! اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ کہتا ہوں، میری دعا یہ ہے کہ ہر آن اور ہر حرکت و سکون پر ابد الآباد تک میرے نامہ اعمال میں لکھے جانے کا حکم دیدیں کہ ہر وقت میری معافی ہوتی رہے اور میرے نامہ اعمال میں اتنے استغفار کثرت سے ہو جائیں کہ اس دن مجھے خوشی حاصل ہو۔

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
آلِهٖ وَ صَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ وَاغْفِرْهُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

(۷۰) اے اللہ! رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم روزانہ ستر بار استغفار فرماتے تھے، میں نے بھی یہ وعدہ پورا کیا ہے، اے اللہ! حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل اور واسطہ سے میری مغفرت فرمادے، آپ ہر چیز پر قادر ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ
اَصْحَابِهٖ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ بَاقِیَةً بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰی
لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ صَلٰوةً تُرْضِیْكَ وَ تُرْضِیْهِ وَتَرْضٰی بِهَا
عَنَّا یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِكَ
سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَ سَلَامٌ عَلَی
الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ ان استغفار کو روزانہ صبح پڑھا کرتے تھے، یہ ان کا ترجمہ تقریبی ہے۔

عرفات میں مزید یہ دعا کریں

الٰہ العالمین! میں اس در پر آیا ہوں جہاں سردار دو جہاں صلی اللہ علیہ و سلم آئے، آپ کے صحابہ کرامؓ آئے، قطب و غوث و ابدال آتے ہیں، اولیاء کرام آتے ہیں، اے اللہ! آپ کے نیک بندے اس جگہ آتے ہیں، یہاں پر غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کنکریوں پہ سر رکھ کر رو رہے تھے اور یوں کہتے تھے یا الٰہ العالمین! اگر لائق بخشش ہوں تو ضرور بخش دیجئے، اگر بخشش کے لائق نہیں ہوں تو بروز قیامت مجھے نابینا اُٹھانا تاکہ نیکوں کے سامنے شرمسار نہ ہوں۔ اسی مقام پر بندۂ عاصی حاضر ہوا ہے، اپنے کیے ہوئے پر نادم و تائب ہے اور معافی کا خواستگار ہے، الٰہ العالمین! امن و سکون مل جائے، ہر قسم کی دائمی عافیت کا طلبگار ہے، دنیا و آخرت میں مجھے اور میری اولاد و احباب اور تمام مسلمانوں کو عافیت عطا فرما، اے اللہ! میرے عیبوں پر پردہ رکھنا اور جس بات سے میں ڈر رہا ہوں، اس سے نجات دینا، ہماری سامنے سے حفاظت فرما، ہماری پیچھے سے حفاظت فرما، ہماری دائیں اور بائیں سے حفاظت فرما، ہماری اوپر سے حفاظت فرما، الٰہی! ہم اپنے پیروں کے نیچے سے ہلاک نہ ہو جائیں (ہماری نیچے سے بھی حفاظت فرما) اے حیّ و قیوم! تیری رحمت سے فریاد چاہتا ہوں، دنیا کی اور دین کی جتنی بھلائیاں ہو سکتی ہیں، سب ہی مانگنے آیا ہوں، عطا فرما دیجئے، آپ ارحم الراحمین ہیں۔

الٰہی! میرے گناہ معاف فرما دے، میرے گھر میں فراخی اور میری روزی میں اور میرے گھر والوں کی روزی میں برکت عطا فرما، اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور ہم پر روزی کے دروازے سہل اور آسان کر دے۔

اے جبرئیل کے معبود! اے میکائیل و اسرافیل کے خدا! اے ابراہیم و اسماعیل و اسحٰق علیہم السلام کے معبود! ہم کو عافیت دے اور ہم پر کسی ایسی مخلوق کو مسلط نہ فرما جو ہم پر رحم نہ کرے اور ہم کو اس کی برداشت نہ ہو اور ہم کو ہمارے دین سے برگشتہ بنا دے۔

اللہ العالمین! آپ میری بات بالکل سن رہے ہیں اور جہاں بیٹھا ہوا دعا کر رہا ہوں آپ دیکھ رہے ہیں، آپ میرے ظاہر کو بھی جانتے ہیں اور میرے باطن کو بھی جانتے ہیں، میری ہر بات آپ کے سامنے عیاں اور ظاہر ہے، میری کوئی بات آپ سے پوشیدہ نہیں ہے اور میں محتاج ہوں، سختی میں آیا ہوں، آپ سے فریاد کر رہا ہوں، آپ پناہ دینے والے ہیں، اپنے گناہوں کی وجہ سے خوفزدہ ہوں، عذاب سے ڈر رہا ہوں، اپنے گناہوں کا اقراری ہوں، آپ سے ہاتھ جوڑ کر اس طرح مانگ رہا ہوں جس طرح مسکین اور سائل مانگا کرتا ہے، عاجزی کر رہا ہوں جس طرح ایک گنہگار ذلیل آپ کے سامنے عاجزی کیا کرتا ہے، اور اس طرح پکار رہا ہوں جیسے کوئی خوفزدہ نابینا اور بے یار و مددگار آپ سے مانگا کرتا ہے، سب کچھ آپ کے اختیار میں ہے،

ہماری گردنیں آپ کے سامنے جھکی ہوئی ہیں، رو رہا ہوں اور میری ناک خاک آلودہ ہے، میں نے اپنی آبرو گناہوں سے خراب کرلی ہے، مجھے امید ہے کہ آپ میری دعا ضرور سنیں گے، مجھے محروم نہ کریں گے، آپ ہم پر مہربان اور رؤف و رحیم ہو جایئے، اور جتنے سوالی ہیں، سب سے اچھا سوالی کر دیجئے، آپ سے اچھا اور کون دینے والا ہے۔

میں آپ کو اس نام کا واسطہ دیتا ہوں جس کو آپ نے زمین پر رکھا، اس نام کی برکت سے زمین ٹھہر گئی، اس نام کو آسمان پر رکھا تو اس کی برکت سے وہ بلند ہو گیا، اسی نام مو پہاڑوں پر رکھا تو وہ قائم ہو گئے، الٰہی! آپ کو اس نام کا واسطہ جس سے عرش ٹھہرا ہوا ہے، آپ کا وہ نام جو طاہر و مطہر ہے جس کو آپ نے اپنی کتابوں میں نازل کیا، جس نام کی برکت سے دن روشن ہو گیا، اور رات اندھیری ہو گئی، آپ کو اپنے جلال و عظمت کا واسطہ، آپ کو آپ کی کبریائی کا واسطہ، آپ قرآن کریم کو میرے رگ و پے میں سمو دیجئے، اس کو کھال، خون اور ہڈیوں میں بسا دے، آنکھ اور کان کو اسی میں لگا دے، تمام بدن کو اس پر عامل بنا دے، آپ کے سوا کس کو قوت و قدرت ہے، ہر قسم کی طاقت و قدرت صرف آپ کو حاصل ہے، الٰہی! جب دنیا سے چلوں تو آپ کی رحمت کی طرف چلوں، سب سے امید ختم کر چکا ہوں، آپ سے امید لگا کر آیا ہوں، جتنے ہمارے برے حالات ہیں، سب سے نجات دید یجئے، اور جو حالات سامنے ہیں جنکا انجام اچھا ہے، سب پورے کر دیجئے، جو

مصائب، دکھ تکالیف و تنگی مجھ پر اتر آئی ہیں یا اترنے والی ہیں، سب سے نجات بخشئے، آپ کو آپ کی ذات کریم کا واسطہ دیتا ہوں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطہ دیتا ہوں، میری دعا قبول فرمائیے۔ آمین

الٰہ العالمین! اتنا خوف دیدے کہ گناہوں سے باز آجاؤں، میرے اور میرے گناہوں کے درمیان یہ آپ کا خوف آڑ ہوجائے، الٰہی! اتنی اطاعت کی توفیق دیدے کہ جنت میں چلا جاؤں، اتنا یقین دیدے کہ دنیا کی مصیبتیں آسان ہوجائیں۔

الٰہی! مجھے میرے کانوں سے نفع دیجئے، میری آنکھ سے، میری طاقت سے تاحیات نفع دیتے رہنا، ہمارا کوئی اچھا وارث بنادے، جو ہم پر ظلم کرے تو اس کا ظلم اسی پر ڈال دے، جو دشمنی کرے تو ہماری اس پر مدد فرما، ہماری مصیبت دین کی مصیبت نہ بنا اور سب سے بڑا غم دنیا کا غم نہ بنا۔

الٰہی! آخرت چھوڑ کر ساری رغبت دنیا کو نہ بنا، الٰہ العالمین! ایسے لوگوں کو ہم پر حاکم نہ بنا جو ہم پر رحم نہ کریں، اے اللہ! ہم کو زیادہ کر کم نہ کر، ہماری عزت کو ذلت سے بچا، ہم کو عطا فرما اور محروم نہ کر، ہم کو دوسروں سے بڑھا کر رکھ، ہم سے راضی ہوجا اور ہم کو راضی فرما۔

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَ سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ . وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَى النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

روزانہ کے معمولات

اپنے نفس کی اصلاح و تربیت کے لئے آنے والے حضرات کو ان کے شیوخ روزانہ کی تسبیحات اور معمولات کرنے کو بتلاتے ہیں، جن کے بغیر عام طور سے اصلاح نہیں ہوتی۔

وہ تسبیحات اور ان کی نیتیں اور دیگر معمولات مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) پہلے استغفار کی تسبیح پڑھیں اور یہ نیت کریں:

یا اللہ! میں آپ کا ایک خطا کار سیاہ کار بندہ ہوں، آپ کے سوا کوئی معاف کرنے والا اور بخشنے والا نہیں ہے، لہٰذا میں آپ سے اپنے تمام گناہوں کی معافی مانگنے کے لئے استغفار کرتا ہوں۔

اس کے بعد پوری توجہ سے یہ استغفار پڑھیں:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ

(۲) اس کے بعد درود ابراہیمی کی تسبیح پڑھیں اور یہ نیت کریں:

''یا اللہ! میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ادنیٰ امتی ہوں، آپ کے مجھ پر بے شمار احسانات ہیں، آپ سے محبت کرنا مجھ پر واجب ہے، لہٰذا آپ کا حق محبت ادا کرنے اور آپ کی محبت اپنے دل میں پیدا کرنے کے لئے درود شریف پڑھتا ہوں''

اس کے بعد توجہ سے اس طرح درود شریف پڑھیں:

تسبیح کے ایک دانے پر اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سے اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ تک پڑھیں اور دوسرے دانے پر اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ سے اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ تک پڑھیں۔ اس طرح پڑھنا آسان ہے، یا یہ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

(۳) اس کے بعد درج ذیل کلمہ کی تسبیح پڑھیں اور نیت کریں:

یا اللہ آپ کے مجھ پر بڑے احسانات ہیں اور میں آپ کی بیشمار عطا کردہ نعمتوں میں غرق ہوں، ان کا شکر ادا کرنا اور آپ سے کامل محبت رکھنا مجھ پر لازم ہے، لہٰذا آپ کی محبت پیدا ہونے کے لئے یہ تسبیح پڑھتا ہوں۔

اس کے بعد توجہ سے یہ کلمات کہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

(٤) اس کے بعد تیسرے کلمے کی تسبیح مذکورہ بالا نیت سے پڑھیں اور درج ذیل طریقہ سے پڑھنا زیادہ آسان ہے:

(الف)	ایک تسبیح	سُبْحَانَ اللّٰهِ	کی پڑھیں۔
(ب)	ایک تسبیح	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	کی پڑھیں۔
(ج)	ایک تسبیح	لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ	کی پڑھیں۔
(د)	ایک تسبیح	اَللّٰهُ اَكْبَرُ	کی پڑھیں۔

(۵) ایک تسبیح لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ کی پڑھیں۔

مذکورہ تسبیحات سو سو مرتبہ روزانہ صبح وشام پڑھا کریں، ورنہ صبح یا شام پڑھیں، سو سو مرتبہ پڑھنا مشکل ہو تو ۳۳، ۳۳ مرتبہ پڑھ لیا کریں، لیکن مذکورہ بالا طریقہ سے توجہ کے ساتھ پڑھیں اور پابندی سے پڑھیں۔

(۵) ہر وقت چلتے پھرتے اور لیٹے بیٹھے کثرت سے لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھیں اور کبھی کبھی اس کے ساتھ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ (صلی اللہ علیہ وسلم) بھی ملا لیا کریں۔

(٦) روزانہ قرآن کریم کا ایک یا آدھا پارہ، یا ایک پاؤ پارہ کی تلاوت کریں۔

(٧) روزانہ مناجات مقبول کی ایک منزل یا آدھی منزل پڑھ لیا کریں۔

(٨) روزانہ اشراق و چاشت کی کم از کم دو دو رکعت اور اوابین کی چھ رکعات اور قیام اللیل کی چار رکعت پڑھیں اور تہجد کی کم از کم دو رکعت ورنہ چار یا آٹھ رکعات نفل پڑھیں اور تحیۃ المسجد اور تحیۃ الوضو کا اہتمام رکھیں۔

(٩) روزانہ صبح ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ لیا کریں اور رات کو سوتے وقت سورہ تبارك الذی اور چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لیا کریں اور نماز فجر کے بعد بھی۔

(۱۰) روزانہ اپنی اصلاح کی نیت سے کسی بھی وقت دس منٹ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے مواعظ یا ملفوظات میں سے جو بھی دستیاب ہوں، ان کا مطالعہ کیا کریں۔

(۱۱) عقائد، عبادات، معاملات، معاشرت اور اخلاق کے بارے میں بقدر ضرورت دین کا علم حاصل کریں اور اس کے مطابق عمل کریں۔

بارہ تسبیح

اصلاح وتزکیہ میں بارہ تسبیحات کو خاص دخل ہے، ہر شیخ اپنے مرید کو یہ بارہ تسبیح پڑھنے کو خاص طور سے بتلاتا ہے، یہ تسبیحات ہیں تو تیرہ مگر کہلاتی ہیں بارہ تسبیح۔

ان تسبیحات کے پڑھنے کا طریقہ اور نیت مندرجہ ذیل ہے:

اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور نیت کریں اور دعا کریں یا اللہ! میرے دل میں اپنی محبت پیدا فرما اور اپنے ماسوا کی محبت سے میرا دل پاک فرما، آمین۔

پھر درج ذیل تسبیحات تہجد کے وقت (یہ سب سے افضل وقت ہے، یا سورج نکلنے سے پہلے، ورنہ دن میں کسی بھی وقت روزانہ پڑھ لیا کریں)

۲۰۰ مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھیں۔

۴۰۰ مرتبہ اِلَّا اللّٰهُ پڑھیں۔

۶۰۰ مرتبہ اَللّٰہُ اَللّٰہُ پڑھیں۔

۱۰۰ مرتبہ اَللّٰہُ اَللّٰہُ پڑھیں۔

ہدایت

مذکورہ تسبیحات کے دوران یہ دھیان رکھیں کہ اللہ تعالیٰ کے ماسوا کو دل سے نکال رہا ہوں اور اللہ پاک کو دل میں بسا رہا ہوں۔

صلوٰۃ التسبیح کی فضیلت

نفل نمازوں میں صلوٰۃ التسبیح بہت عظیم الشان نماز ہے جس کی فضیلت اور بڑا ثواب ہے، چھوٹے بڑے ہر قسم کے گناہوں کو مٹانے والی ہے، بڑے سے بڑے گنہگار کے لئے بخشش کا ذریعہ ہے، اسی لئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور اپنے چچازاد بھائی حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بہت ہی شفقت اور بڑی تاکید سے اس کی تعلیم دی ہے جو اس نماز کی فضیلت واہمیت کے لئے کافی ہے، اسی لئے علماءؒ، صلحاءؒ، محدثینؒ، فقہاءؒ اور صوفیاء کرامؒ اس کا اہتمام کرتے رہے ہیں اور دوسروں کو اس کی تعلیم دیتے رہے ہیں۔ درج ذیل احادیث میں اس نماز کی فضیلت اور طریقہ مذکور ہے:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: اے عباس! اے میرے محترم چچا! کیا میں آپ کی خدمت میں ایک گراں قدر عطیہ اور ایک قیمتی تحفہ پیش کروں؟ کیا میں آپ کو ایک خاص بات بتاؤں؟ کیا میں آپ کے دس کام اور آپ کی دس خدمتیں کروں؟ (یعنی آپ کو ایک ایسا عمل بتاؤں جس سے آپ کو دس عظیم الشان فائدے حاصل ہوں، وہ ایسا عمل ہے کہ) جب آپ اس کو کریں گے تو اللہ تعالیٰ آپ کے سارے گناہ معاف فرمادیں گے، اگلے بھی اور پچھلے بھی، پرانے بھی اور نئے بھی، بھول چوک سے ہونے والے بھی اور دانستہ ہونے والے بھی، صغیرہ بھی اور کبیرہ بھی، ڈھکے چھپے بھی اور علانیہ ہونے والے بھی (وہ عمل صلوٰۃ التسبیح ہے)

صلوٰۃ التسبیح پڑھنے کا طریقہ

(اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ) آپ چار رکعت نماز پڑھیں اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ اور دوسری کوئی سورۃ پڑھیں، پھر جب آپ پہلی رکعت میں قرأت سے فارغ ہوجائیں تو قیام ہی کی حالت میں پندرہ دفعہ کہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَر

پھر اس کے بعد رکوع کریں اور رکوع میں بھی یہی کلمہ دس دفعہ

پڑھیں، پھر رکوع سے اٹھ کر قومہ میں بھی یہی کلمہ دس دفعہ کہیں، پھر سجدہ میں چلے جائیں اور اس میں بھی یہ کلمہ دس دفعہ کہیں، پھر سجدہ سے اٹھ کر جلسہ میں یہی کلمہ دس دفعہ کہیں، پھر دوسرے سجدے میں بھی یہی کلمہ دس دفعہ کہیں، پھر دوسرے سجدے کے بعد بھی (کھڑے ہونے سے پہلے) یہ کلمہ دس دفعہ کہیں، چاروں رکعتیں اسی طرح پڑھیں اور اس ترتیب سے ہر رکعت میں یہ کلمہ پچھتر دفعہ کہیں، اس طرح چار رکعت میں یہ کلمہ تین سو مرتبہ ہو جائے گا (یہ ہے صلوٰۃ التسبیح میرے چچا!) اگر آپ سے ہو سکے تو روزانہ یہ نماز پڑھا کریں اور اگر روزانہ نہ پڑھ سکیں تو ہر جمعہ کے دن پڑھ لیا کریں اور اگر آپ یہ بھی نہ کرسکیں تو سال میں ایک دفعہ پڑھ لیا کریں اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو کم از کم زندگی میں ایک دفعہ پڑھ ہی لیں۔

(معارف الحدیث بحوالہ سنن ابی داؤد و غیرھا)

ف: اس حدیث سے واضح ہوا کہ نفل نمازوں میں صلوٰۃ التسبیح کا ایک خاص مقام اور درجہ ہے جسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تحفہ، بخشش، عطیہ اور خوشخبری فرمایا، اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے بندے کے اگلے پچھلے، نئے پرانے، جان بوجھ کر کئے ہوئے اور بلا ارادہ کئے ہوئے، چھوٹے بڑے، چھپ کر کئے ہوئے اور علانیہ کئے ہوئے سارے ہی گناہ معاف فرما دیتے ہیں، چاہے وہ شخص دنیا کے تمام لوگوں سے زیادہ گنہگار ہو، اس لئے حسب سہولت اس نماز کو معمولات زندگی میں شامل کر لینا چاہئے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچازاد بھائی حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حبشہ بھیج دیا تھا، جب وہ وہاں سے واپس مدینہ منورہ پہنچے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں گلے سے لگالیا اور ان کی پیشانی کا بوسہ دیا اور فرمایا: میں تمہیں ایک (خاص) چیز دوں، ایک خوشخبری سناؤں، ایک بخشش دوں، ایک تحفہ دوں؟ انہوں نے عرض کیا کہ ضرور دیجئے، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چار رکعت نماز پڑھو (مراد صلوٰۃ التسبیح ہے جس کی تفصیل اوپر کی حدیث میں گزری)

صلوٰۃ التسبیح پڑھنے کا دوسرا طریقہ

حضرت عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے صلوٰۃ التسبیح کے بارے میں فرمایا:

چار رکعات کی نیت باندھ کر پہلے تکبیر تحریمہ کہیں، پھر "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ وَ تَبَارَكَ اسْمُكَ وَ تَعَالٰى جَدُّكَ وَ لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ" پڑھیں، پھر پندرہ دفعہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَر" پڑھیں، پھر اعوذ باللہ، بسم اللہ، سورۂ فاتحہ اور کوئی سورۃ پڑھیں، پھر دس دفعہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَر" پڑھ کر رکوع میں جائیں، رکوع میں ان تسبیحات کو دس مرتبہ پڑھیں، پھر قومہ میں دس مرتبہ پڑھیں، پھر سجدہ میں دس دفعہ پڑھیں، پھر جلسہ میں دس دفعہ

پڑھیں، پھر دوسرے سجدے میں دس دفعہ پڑھیں، اسی ترتیب سے چار رکعت پوری کریں، اس طرح ہر رکعت میں ۷۵ تسبیحات ہوگئیں اور چار رکعات میں تین سو تسبیحات ہوگئیں۔اس دوسرے طریقے میں ہر رکعت کے شروع میں یہ تسبیحات پندرہ دفعہ پڑھیں، پھر قرأت کریں، پھر رکوع سے پہلے دس دفعہ ان تسبیحات کو پڑھیں۔

صلوٰۃ التسبیح کے مزید فضائل

حضرت عبد العزیز بن داؤدؒ جو حضرت عبد اللہ بن مبارکؒ سے بھی اونچے درجے کے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ جو شخص جنت کا طالب ہو، اس کو صلوٰۃ التسبیح ضرور پڑھنی چاہئے۔

حضرت ابو عثمان زاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ غموں اور مصیبتوں کے وقت میں نے صلوٰۃ التسبیح سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں دیکھا، یعنی اس کے پڑھنے سے رنج وغم اور مصیبتیں دور ہو جاتی ہیں۔ (معارف السنن)

ف: رنج وغم اور تمام مصائب سے نجات ملنا ہر شخص کے دل کی آواز ہے اور اسی طرح ہر مؤمن جنت کا طالب ہے، لہٰذا صلوٰۃ التسبیح کا معمول بنانا چاہئے تاکہ یہ مقاصد حاصل ہوں، جو کرے گا وہ پائے گا، محض سوچنے سے کیا ہوگا؟

شامیہ میں ہے کہ صلوٰۃ التسبیح میں بہت زیادہ ثواب ہے اور اس میں

بعض محققین کے حوالہ سے ذکر کیا ہے کہ صلوٰۃ التسبیح کی عظیم فضیلت سنکر بھی اگر کوئی شخص اس کو چھوڑے رکھے تو وہ دین کی ناقدری کرنے والا ہی ہوگا۔

(ص ۱/ ۵۰۸)

چھوٹی صلوٰۃ التسبیح

صلوٰۃ التسبیح مشہور تو یہی ہے جس کی تفصیل اوپر لکھی گئی، بعض احادیث میں ایک اور صورت بھی منقول ہے جو دینی اور دنیاوی مقاصد پورے ہونے کے لئے مجرب ہے اور مشائخ نے ''چھوٹی صلوٰۃ التسبیح'' اس کا نام رکھا ہے، اس کی صورت مندرجہ ذیل حدیث میں آئی ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ام سُلَیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو چند کلمات سکھائے جن کو وہ نماز کے اندر پڑھ لیں تو جو دعا مانگیں گی وہ قبول ہوگی، وہ کلمات یہ ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهُ	دس مرتبہ	(پڑھیں)
اَلْحَمْدُ لِلّٰه	دس مرتبہ	(پڑھیں)
اَللّٰهُ اَكْبَرُ	دس مرتبہ	(پڑھیں)

(اس حدیث کو امام احمدؒ نے ''مسند'' میں، امام ترمذیؒ نے بَـــابُ مَـا جَاءَ فِیْ صَلٰوةِ التَّسْبِيْحِ میں اور امام نسائیؒ نے اپنی سنن میں، امام ابن

خزیمہؒ اور امام ابن حبانؒ نے اپنی اپنی صحیح میں اور امام حاکمؒ نے "مستدرک" میں روایت کیا ہے)

ف: اس مختصر صلوۃ التسبیح میں دس، دس مرتبہ جن کلمات کو پڑھنے کا ذکر ہے، نماز کے اندر ان کی کوئی خاص جگہ حدیث شریف کے اندر مقرر نہیں ہے اور علماء و مشائخ سے بھی منقول ہونا نظر سے نہیں گزرا، اس لئے نمازی کو اختیار ہے کہ نماز کے جس رکن میں چاہے، ان کو پڑھے یا التحیات کے آخر میں پڑھ لے۔

(خلاصہ از نجات المسلمین لسیدی و مولائی مفتی اعظم
پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ)

جو لوگ بڑی صلوٰۃ التسبیح پڑھنے کی طاقت نہ رکھتے ہوں یا اس کے پڑھنے کی فرصت نہ ہو، وہ آسانی سے چھوٹی صلوٰۃ التسبیح پڑھ سکتے ہیں بلکہ روزانہ پڑھ سکتے ہیں اور پھر اپنی مغفرت و بخشش اور دیگر اچھے مقاصد میں کامیابی کی دعا مانگ سکتے ہیں، لہٰذا اسی کو اپنے عمل میں لے لیں۔

ایک سال کے گناہ معاف

ایک حدیث کا خلاصہ یہ ہے کہ:

جو شخص عاشورہ کے دن روزہ رکھے گا، مجھے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ اللہ پاک اس کے گزشتہ ایک سال کے گناہ معاف فرمادیں گے۔

گھر اور روزی میں برکت کا ذریعہ

ایک ضعیف حدیث سے ثابت ہے کہ جو آدمی اپنے گھر والوں کو عام طور پر جس طرح کا کھانا کھلاتا ہے، دس محرم کے دن وہ اس سے بہتر کھانا پکا کر کھلائے تو سال بھر اس کے گھر میں اور روزی میں خیر و برکت ہوگی۔

بعض علماء نے لکھا ہے کہ ہم نے اس کا بارہا تجربہ کیا ہے، ہمیشہ اس کو درست پایا، یعنی عاشورہ میں انہوں نے اچھا کھانا اپنے گھر والوں کو کھلایا تو گھر میں سارا سال برکت اور فراوانی رہی۔

دو اہم ہدایات

بہرحال! دس محرم کو اچھا کھانا کھلانا بھی ایک فضیلت کی چیز ہے، یہ بھی حدیث سے ثابت ہے، البتہ اس میں دو باتیں سمجھنے کی ہیں:

(۱) پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ آدمی کے پاس خواہ پیسے ہوں یا نہ ہوں وہ اپنے گھر والوں کیلئے اچھے کھانے ضرور پکائے، یہ ایک فضیلت ہے، کوئی آدمی اس پر عمل کرلے تو موجب فضیلت ہے، عمل نہ کرے تو کوئی گناہ نہیں۔

(۲) دوسری بات یہ ہے کہ اس دن کیلئے کوئی خاص کھانا مقرر نہیں، ہر آدمی اپنی طبیعت اور حیثیت کے موافق بہتر سے بہتر کوئی کھانا اپنے گھر

والوں کے لئے بنوا سکتا ہے، لہٰذا جب شریعت کی طرف سے کوئی کھانا مخصوص نہیں تو ہمیں بھی مخصوص کرنے کا کوئی اختیار نہیں۔

سات آدمیوں کے سوا پوری مخلوق کی بخشش

حدیث: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”کہ اللہ جل شانہ شعبان کی پندرہویں رات کو اپنی تمام مخلوق کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور پوری مخلوق کو بخش دیتے ہیں، لیکن مشرک اور کینہ رکھنے والا نہیں بخشا جاتا“

(طبرانی اور ابن حبان)

بیہقی کی روایت میں یہ بھی ہے کہ قطع رحمی کرنے والے، تہبند یا پاجامہ ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والے، والدین کی نافرمانی کرنے والے، شراب کی عادت رکھنے والے اور کسی کو ناحق قتل کرنے والے کی (بھی) مغفرت نہیں ہوتی۔ (الترغیب والترہیب)

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شب برأت میں حق تعالیٰ جل شانہ اپنی مخلوق کی طرف خاص نظر کرم فرماتے ہیں اور اپنی ساری مخلوق کی بخشش فرما دیتے ہیں، مگر سات آدمی ایسے بدنصیب ہیں کہ اس بابرکت رات میں بھی ان پر حق تعالیٰ کی نظر عنایت نہیں ہوتی اور وہ مغفرت سے محروم رہتے ہیں اور وہ یہ ہیں:

۱) اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے والا۔

۲) کینہ رکھنے والا۔

۳) قطع رحمی کرنے والا۔

۴) تہبند یا پاجامہ وغیرہ ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والا۔

۵) والدین کی نافرمانی کرنے والا۔

۶) شراب پینے کی عادت رکھنے ولا۔

۷) کسی کو ناحق قتل کرنے والا۔

حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ نے ''مَاثَبَتَ بِالسُّنَّةِ'' میں مندرجہ ذیل لوگوں کا بھی ذکر فرمایا ہے کہ شب برأت میں ان کی بھی بخشش نہیں ہوتی۔

۱) محصول یا رشوت لینے والا۔

۲) جادو کرنے والا۔

۳) غیب کی خبریں بتلانے اور فال نکالنے والا۔

۴) ہاتھ کے خطوط دیکھ کر غیب کی باتیں بتانے والا۔

۵) گانے اور طبلہ سارنگی بجانے والا۔ (مَاثَبَتَ بِالسُّنَّةِ)

البتہ اگر یہ تمام افراد اپنے ان گناہوں پر نادم و شرمندہ ہوں، صدق دل سے توبہ کریں اور آئندہ ان گناہوں سے باز رہنے کا مصمم ارادہ کرلیں اور جن بندوں پر زیادتی ہوئی ہے ان سے معافی تلافی کرلیں تو ان کے بھی یہ

گناہ معاف ہو جائینگے اور پھر یہ افراد بھی اس رات میں عبادت و طاعت اختیار کر کے حق تعالیٰ کی رحمتوں کے مستحق ہو سکتے ہیں۔

ان کے الطاف تو ہیں عام شہیدی سب پر
تجھ سے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا

بے شمار لوگوں کی مغفرت

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ رات کو (سوتے میں آنکھ کھلی) تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو گھر میں نہ پایا، آپ کو تلاش کرنے کیلئے نکلی تو آپ بقیع یعنی مدینہ منورہ کے قبرستان میں ملے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہؓ! کیا تجھے اس بات کا خطرہ گزرا کہ اللہ اور اس کا رسول تجھ پر ظلم کریں گے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تیری باری کی رات ہوتے ہوئے کسی دوسری بیوی کے پاس تشریف لے گئے ہونگے، میں نے عرض کیا کہ ہاں مجھے تو یہی خیال گزرا کہ آپ اپنی کسی اہلیہ کے پاس تشریف لے گئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (میں کسی کے پاس نہیں گیا، یہاں بقیع آیا ہوں، یہ دعا کرنے کی رات ہے، کیونکہ) یقیناً اللہ جل شانہ ماہ شعبان کی پندرہویں تاریخ کی رات کو قریب والے آسمان کی طرف خصوصی توجہ فرماتے ہیں اور قبیلہ بنو کلب کی بکریوں کے بالوں سے زیادہ تعداد میں لوگوں کی مغفرت فرماتے ہیں۔

(ترمذی وابن ماجہ بحوالہ مشکوۃ المصابیح ۱۱۵)

ف: عرب میں بکریاں پالنے کا عام رواج تھا، ہر قبیلہ میں بہت سی بکریاں ہوتی تھیں، لیکن قبیلہ بنو کلب میں سب سے زیادہ بکریاں تھیں، ان تمام بکریوں کے جسم پر جتنی تعداد میں بال تھے، ان سے کہیں زیادہ تعداد میں حق تعالیٰ لوگوں کی مغفرت فرماتے ہیں۔

ذرا غور کیجئے کہ ایک بکری کے جسم پر کتنے بال ہوتے ہیں جنہیں شمار کرنا آسان نہیں پھر ان کثیر تعداد بکریوں کے جسم پر کتنے بے حساب بال ہونگے، ان سے بھی بڑھ چڑھ کر حق تعالیٰ کا اپنے بندوں کو معاف کرنا کیسی زبردست رحمت اور بخشش ہے اور واقعی انکی مغفرت کا کوئی ٹھکانہ نہیں ہے۔

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم شب برأت میں مدینہ منورہ کے قبرستان تشریف لے گئے تھے، اس لئے اگر کوئی شخص اس رات میں قبرستان چلا جائے اور مرحومین کو ایصال ثواب اور ان کیلئے دعائے مغفرت کر آئے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے، لیکن اس شب میں قبرستان جانے کو ضروری سمجھنا اور سفر کر کے دور دراز کے قبرستان جانا (جیسے بعض لوگ ٹھٹھہ کے قبرستان سفر کر کے جاتے ہیں) اور اجتماعی طور پر جانا، وہاں میلہ لگانا اور طرح طرح کی خرافات کرنا یہ سب ناجائز اور خلاف شرع باتیں ہیں، ان کا کوئی ثبوت نہیں، ان سے پرہیز کرنا چاہئے، جتنا ثابت ہے اور جس طرح ثابت ہے، بس اسی حد تک عمل کرنا چاہئے۔

مغفرت اور رزق طلب کرنے کی رات

حدیث: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب شعبان کی پندرہویں رات ہو تو اس رات میں نماز میں کھڑے ہو اور رات گزارنے کے بعد صبح کو نفلی روزہ رکھو، اس لئے کہ اللہ جل شانہ اس رات میں آفتاب غروب ہو جانے کے وقت ہی سے قریب والے آسمان کی طرف خصوصی توجہ فرماتے ہیں اور فرماتے ہیں:

کیا کوئی مغفرت طلب کرنے والا ہے؟ جس کی میں مغفرت کروں۔ کیا کوئی رزق طلب کرنے والا ہے؟ جس کو میں رزق دوں، کیا کوئی مصیبت زدہ ہے؟ جسے میں عافیت دوں وغیرہ وغیرہ۔ اور صبح صادق طلوع ہونے تک ایسے ہی فرماتے رہتے ہیں۔ (ابن ماجہ)

اللہ پاک سے رحم طلب کرنے کی رات

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک رات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تہجد کے لئے کھڑے ہوئے، نماز شروع کی اور سجدے میں پہنچے تو اتنا طویل سجدہ کیا کہ مجھے یہ خطرہ ہو گیا کہ شاید خدانخواستہ آپکی روح قبض ہو گئی ہے، یہاں تک کہ میں پریشان ہو کر اٹھی اور پاس جا کر آپ کے انگوٹھے کو حرکت دی تو آپ نے کچھ حرکت فرمائی جس سے مجھے

اطمینان ہو گیا اور اپنی جگہ واپس لوٹ آئی، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو (تھوڑے سے کلام کے بعد) فرمایا "تم جانتی ہو کہ یہ کونسی رات ہے؟ میں نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ہی خوب جانتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ نصف شعبان کی رات ہے، خداوند عالم اس رات خاص طور سے اہل عالم کی طرف توجہ فرماتے ہیں اور مغفرت مانگنے والوں کی مغفرت اور رحم کی دعا کرنے والوں پر رحم فرماتے ہیں، مگر آپس میں کینہ رکھنے والوں کو (اس وقت بھی) اپنے ہی حال پر چھوڑ دیتے ہیں"

شب برأت میں کرنے کے کام

چونکہ یہ رات بڑی برکت اور رحمت والی ہے، اس لئے حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، تابعین رحمہم اللہ اور سلف صالحین رحمہم اللہ اس رات میں جاگتے، اعمال مذکورہ پر عمل فرماتے اور اس رات کی بڑی قدر فرماتے اور اس رات کی پہلے سے تیاریاں فرماتے تھے (مواہب و مدخل بتصرف) ہمیں بھی اس رات کی قدر کرنی چاہئے اور اس طرح رات گزارنی چاہئے۔

۱) اس مبارک رات میں عبادت کرنے اور ذکر و تلاوت کرنے کے لئے غسل کر لینا مستحب ہے۔

۲) عشاء اور فجر کی نماز باجماعت ادا کرنا۔

۳) جتنی سہولت اور آسانی سے ممکن ہو، اس رات کو نوافل اور ذکر و تلاوت میں گزارنا۔

٤) کوئی شخص منکرات سے بچتے ہوئے قبرستان جانا چاہے تو جاسکتا ہے۔

٥) صحت وعافیت، رحمت و بخشش اور جملہ مقاصد حسنہ کے لئے خوب دعا کرنا۔

٦) شعبان کی پندرہویں تاریخ کو روزہ رکھنا۔

٧) جن گناہوں کی نحوست اس مبارک رات کی برکت سے محروم کردیتی ہے، ان سے مکمل پرہیز اور صدق دل سے توبہ کرنا۔ ان کی تفصیل پہلی حدیث میں گزری اور دیگر گناہوں سے بھی توبہ کرنا۔

قابل توجہ بات

واضح ہو کہ اس رات میں نوافل پڑھنے کا کوئی خاص طریقہ ثابت نہیں ہے، عام نوافل جس طرح پڑھے جاتے ہیں، اسی طرح اس شب میں پڑھنے چاہئیں، نوافل پڑھنے کے جو خاص خاص طریقہ عوام میں رائج ہیں اور ان کے عجیب وغریب فضائل اور فوائد بیان کئے جاتے ہیں، وہ عموماً من گھڑت اور اپنے ایجاد کردہ ہیں، ان سے بچنا چاہئے۔

ہر کوتاہی سے استغفار

استغفار جس طرح گناہوں سے ہوتا ہے، اسی طرح غفلتوں، کوتاہیوں،

کمزوریوں اور خامیوں سے بھی ہوتا ہے، مثلاً عبادات کے انجام دینے میں طرح طرح کی کوتاہیاں ہوگئیں، سستی اور لاپرواہی سے ان کو انجام دیا، سنت کے مطابق ادا نہ کیا، اختیاری توجہ سے ادائیگی نہ کی یا دکھاوا اور ریا کاری ہوگئی تو ان سب سے بھی استغفار کیا جاتا ہے، اسی طرح گناہوں سے بچنے میں جو محنت اور کوشش درکار تھی وہ نہ کی یا جو اَن گنت نعمتیں حق تعالیٰ نے بے حساب عطا فرما رکھی ہیں، انکا صحیح استعمال نہ کیا یا انکا پورا شکر ادا نہ کیا، جہاں صبر کرنے کا موقع تھا بے صبری ہوگئی یا صبر میں کمی کوتاہی ہوگئی، یا کم از کم یہ بات تو یقینی ہے کہ کوئی شخص خواہ کیسی ہی عمدہ نیکی کرلے اور کتنی ہی اچھی عبادت کرلے لیکن ہرگز وہ اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق نہیں ہوسکتی اور ہرگز اس سے اللہ تعالیٰ کا حق ادا نہیں ہوسکتا تو اس سے بھی استغفار کی ضرورت ہے۔ بہر حال! ماضی کی کوتاہیاں ہوں یا حال کی، عبادات کے اندر ہوں یا دوسرے نیک کاموں میں یا گناہوں سے بچنے میں، ہر حال میں ان سب سے استغفار کرنے کی ضرورت ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر فرض نماز کے بعد استغفار کرنا

فرض نماز کا سلام پھیرنے کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تین مرتبہ کہتے تھے:

"اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ یعنی اے اللہ! میں آپ

سے بخشش اور معافی چاہتا ہوں" (مسلم شریف)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ستر مرتبہ سے زیادہ استغفار کرنا

ایک روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"خدا کی قسم میں دن میں ستر مرتبہ سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے توبہ استغفار کرتا ہوں" (بخاری)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سو سو مرتبہ توبہ استغفار کرنا

ایک روایت میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اے لوگو! اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرو، میں خود دن میں سو سو دفعہ اس کے سامنے توبہ کرتا ہوں" (مسلم)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ:

"ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک ایک نشست میں آپ کے سو سو دفعہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ان الفاظ سے توبہ و استغفار شمار کر لیا کرتے تھے کہ:

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ

یعنی اے میرے رب مجھے معاف کردیجے اور میری توبہ قبول فرمایئے، مجھ پر عنایت فرمایئے، بیشک آپ بہت ہی عنایت فرمانے اور بہت

ہی بخشنے والے ہیں'' (ترمذی)

توبہ واستغفار کے کلمات

توبہ واستغفار ہر زبان میں کر سکتے ہیں، ہر زبان میں توبہ ہو جاتی ہے اور استغفار ہو جاتا ہے، عربی زبان میں اس کے لئے مختلف الفاظ ہیں، احادیث طیبہ سے بھی توبہ واستغفار کے متعدد کلمات ثابت ہیں، سب سے چھوٹا کلمہ ''اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ'' ہے (مسلم) (یعنی اے اللہ! میں آپ سے بخشش چاہتا ہوں) اور ''اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ'' ہے (مسلم) (یعنی اے اللہ مجھے بخش دیجئے) اور ''رَبِّ اغْفِرْلِیْ'' ہے (ترمذی) (یعنی اے میرے رب مجھے معاف کر دیجئے)

درمیانی درجہ کے کلمات اور ان کے فضائل

(۱) اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترمذی)

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے اور ساری مخلوق کو قائم رکھنے والا ہے اور میں اس کے حضور توبہ کرتا ہوں۔

مذکورہ کلمات کے ذریعہ توبہ واستغفار کرنے کی احادیث میں بڑی

فضیلت آئی ہے، چنانچہ:

(۱) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس بندہ نے ان الفاظ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ واستغفار کیا تو وہ بندہ ضرور بخشا جائے گا، اگرچہ اس نے میدان جنگ سے بھاگنے کا گناہ کیا ہو۔ (ترمذی)

(۲) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے بستر پر (آرام کرنے کے لئے) آئے اور ان کلمات کے ساتھ توبہ استغفار کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرمادیں گے اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں یا آسمان کے ستاروں کے برابر ہوں یا مقام عالج کی ریت کے ذروں کے برابر ہوں اور اگرچہ دنیا کے لیل ونہار کے برابر ہوں۔

(ترمذی)

(۳) سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ ان کلمات کے ذریعہ توبہ واستغفار کرتا ہے تو وہ گناہوں سے ایسا نکل جاتا ہے (یعنی پاک ہوجاتا ہے) جیسے سانپ اپنی کینچلی سے نکل جاتا ہے۔ (طبرانی)

(۲) رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَ تُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

(ترمذی)

ترجمہ: اے میرے رب مجھے بخش دیجئے اور میری دعا قبول فرما کر اور مجھ پر عنایت فرمایئے، بیشک آپ بہت ہی کرم فرما اور بہت ہی رحم کرنے والے ہیں۔

(۳) اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ۔ (ابن السنی)

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں جو عظیم ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے اور ساری مخلوق کو قائم رکھنے والا ہے اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔ (ابن السنی)

ان الفاظ کے ذریعہ توبہ و استغفار کرنے کی احادیث میں خاص فضیلت آئی ہے۔

وہ یہ ہے:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے فجر کے بعد اور عصر کی نماز کے بعد تین تین بار ان کلمات کے ذریعہ توبہ و استغفار کیا تو اس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ (ابن السنی)

سیّد الاستغفار اور اس کی فضیلت

سب سے اعلیٰ استغفار یہ ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں یوں عرض کرے:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ وَ اَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا

صَنَعْتُ، اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ.

ترجمہ: اے اللہ آپ ہی میرے رب (اور مالک) ہیں، آپکے سوا کوئی معبود نہیں، آپ ہی نے مجھے پیدا فرمایا اور میں آپ کا بندہ ہوں، جہاں تک مجھ سے ہو سکے گا میں آپ سے کئے ہوئے (ایمانی) عہد و میثاق کے وعدہ پر قائم رہوں گا، میں اپنے عمل کے شر سے آپکی پناہ چاہتا ہوں اور اقرار کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے نعمتوں سے سرفراز فرمایا اور اعتراف کرتا ہوں کہ میں نے آپکی نافرمانیاں کیں اور گناہ کئے (اے میرے اللہ!) آپ مجھے معاف کردیجئے اور میرے گناہ بخش دیجئے، کیونکہ آپکے سوا کوئی بخشنے والا نہیں ہے۔

ف: حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:
جو شخص صبح کے وقت صدق و اخلاص کے ساتھ سیّد الاستغفار کے مذکورہ کلمات کہے اور رات شروع ہونے سے پہلے اسی دن اس کا انتقال ہو جائے تو بلاشبہ وہ جنتی ہے اور جو شخص شام کے وقت پڑھ لے اور صبح ہونے سے پہلے اسی رات اس کا انتقال ہو جائے تو بلاشبہ وہ جنت میں جائے گا۔ (بخاری)

اس لئے صبح و شام ایک ایک مرتبہ سیّد الاستغفار پڑھنے کا معمول بنالینا چاہئے۔

توبہ کرنے کا نفع

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گناہ سے توبہ کرنے والا گنہگار بندہ اس بندہ کی طرح ہے جس نے گناہ کیا ہی نہ ہو۔ (سنن ابن ماجه، شعب الایمان للبیهقی)

ف: معلوم ہوا کہ توبہ کرنے سے گناہ بالکل معاف ہو جاتے ہیں۔

کثرتِ استغفار کا نفع

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ (گناہ کر کے) استغفار کرے (یعنی سچے دل سے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگے) وہ اگر دن میں ستر دفعہ بھی پھر وہی گناہ کرے اور استغفار کرے تو (اللہ تعالیٰ کے نزدیک) وہ گناہ پر اصرار کرنے والوں میں نہیں۔ (جامع الترمذی، سنن ابی داؤد)

ف: معلوم ہوا کہ گناہ بار بار ہو جانے پر بار بار توبہ کرنا بلاشبہ مفید ہے۔

پریشانی سے نجات

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو بندہ استغفار کو لازم پکڑ لے (یعنی اللہ تعالیٰ سے برابر اپنے گناہوں کی معافی مانگتا رہے) تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے ہر مشکل اور تنگی سے نکلنے اور رہائی پانے کا راستہ بنا دے گا اور اسکی ہر فکر اور

پریشانی کو دور کر کے کشادگی اور اطمینان عطا فرمائے گا، اور اس کو ان طریقوں سے رزق دے گا جن کا اس کو خیال وگمان بھی نہ ہوگا۔ (مسند احمد، سنن ابی داؤد)

ف: استغفار کا معمول بنانا ہر مشکل، تنگی اور فکر و پریشانی سے نجات کا ذریعہ ہے اور بآسانی روزی ملنے کا باعث ہے۔

عذاب الٰہی سے بچنے کا ذریعہ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میرے امت کے لئے دو اَمانیں مجھ پر نازل فرمائی ہیں (سورۂ انفال میں ارشاد فرمایا گیا) وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ (الآیۃ) (یعنی اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا کہ آپ ان کے درمیان موجود ہو اور ان پر عذاب نازل کردے اور اللہ تعالیٰ انہیں عذاب میں مبتلا نہیں کریگا جب کہ وہ استغفار کرتے ہوں گے اور معافی و مغفرت مانگتے ہوں گے۔

(آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) پھر جب میں (دنیا سے) گزر جاؤں گا تو قیامت تک کے لئے تمہارے درمیان استغفار کو (بطور اَمان) چھوڑ جاؤں گا۔ (جامع ترمذی)

ف: معلوم ہوا کہ استغفار کا معمول عذاب الٰہی سے بچنے کا ذریعہ ہے۔

حق تعالیٰ کا خوش ہونا

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے تھے: خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ اپنے مؤمن بندے کے توبہ کرنے سے اُس مسافر آدمی سے بھی زیادہ خوش ہوتے ہیں جو (اثنائے سفر میں) کسی ایسی غیر آباد اور سنسان زمین پر اتر گیا ہو جو سامانِ حیات سے خالی اور اسباب ہلاکت سے بھرپور ہو اور اس کے ساتھ ایک سواری کی اونٹنی ہو، اسی پر اس کے کھانے پینے کا سامان ہو، پھر وہ (آرام لینے کے لئے) سر رکھ کر لیٹ جائے، جب اس کی آنکھ کھلے تو دیکھے کہ اس کی اونٹنی (پورے سامان سمیت) غائب ہے، پھر وہ اس کی تلاش میں سرگرداں ہو، یہاں تک کہ گرمی اور پیاس وغیرہ کی شدت سے جب اس کی جان پر بن آئے تو وہ سوچنے لگے کہ (میرے لئے اب یہی بہتر ہے کہ) میں اسی جگہ جا کر پڑ جاؤں (جہاں سویا تھا) یہاں تک کہ موت آجائے، پھر وہ (اسی ارادے سے وہاں آکر) اپنے بازو پر سر رکھ کر مرنے کے لئے لیٹ جائے، پھر جب اس کی آنکھ کھلے تو وہ دیکھے کہ اس کی اونٹنی اس کے پاس موجود ہے اور اس پر کھانے پینے کا پورا سامان (جوں کا توں محفوظ) ہے، تو جتنا یہ مسافر اپنی اونٹنی کے ملنے سے خوش ہوگا، خدا کی قسم! مؤمن بندے کے توبہ کرنے سے خدا اس سے بھی زیادہ خوش ہوتے ہیں۔

(صحیح بخاری، صحیح مسلم)

ف: واضح ہوا کہ اللہ تعالیٰ بندہ کی توبہ سے بہت زیادہ خوش ہوتے ہیں، لہٰذا اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کیلئے توبہ واستغفار کی کثرت کرنی چاہیے۔

مرحومین کے لئے بہترین تحفہ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قبر میں مدفون مردہ کی مثال بالکل اس شخص کی سی ہے جو دریا میں ڈوب رہا ہو اور مدد کے لئے چیخ و پکار کر رہا ہو، وہ بے چارہ انتظار کرتا ہے کہ ماں، باپ یا بھائی یا کسی دوست اور جاننے والے کی طرف سے دعائے رحمت و مغفرت کا تحفہ پہونچے، جب کسی کی طرف سے اس کو دعا کا تحفہ پہنچتا ہے تو وہ اس کو دنیا و مافیہا سے زیادہ عزیز اور محبوب ہوتا ہے اور دنیا میں رہنے بسنے والوں کی دعاؤں کی وجہ سے قبر کے مُردوں کو اتنا عظیم ثواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملتا ہے جس کی مثال پہاڑوں سے دی جاسکتی ہے اور مُردوں کے لئے زندوں کا خاص ہدیہ ان کے لئے دعائے مغفرت ہے۔ (شعب الایمان للبیہقی)

ف: استغفار کرنا زندوں کے لئے آسان ہے اور مرحومین کے لئے عظیم تحفہ ہے، لہٰذا زندوں کو چاہئے کہ اس عظیم تحفہ سے مرنے والوں کو محروم نہ کریں اور اپنے مرحومین کو اس تحفہ سے نوازتے رہیں۔

نیکیوں میں اضافہ

حضرت عبادہ بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ عام ایمان والوں اور ایمان والیوں کے لئے اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگے گا، اس کے لئے ہر مؤمن مرد اور ہر مؤمنہ عورت کے حساب سے ایک ایک نیکی لکھی جائے گی۔ (معجم کبیر للطبرانی)

ف: لہٰذا عام مسلمان مردوں اور عورتوں کیلئے استغفار کر کے خوب نیکیاں کمانی چاہئیں۔

بے انتہا بخشش

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے، اگر تم اس قدر گناہ کرو کہ تمہارے گناہوں سے آسمان اور زمین بھر جائیں اور پھر تم اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو تو اللہ تعالیٰ ضرور تمہاری مغفرت فرمادیں گے۔ (مسند احمد)

ف: واضح ہوا کہ بندوں کے گناہ محدود ہیں اور اللہ تعالیٰ کی مغفرت لامحدود ہے، لہٰذا اپنے گناہوں کی مغفرت سے مایوس نہیں ہونا چاہئے۔

جلدی توبہ کرنے کا فائدہ

حضرت ام علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی مسلمان بندہ کوئی گناہ کرتا ہے تو وہ فرشتہ جو اس گناہ کو لکھنے پر مقرر ہے، وہ تین گھڑی ٹھہر جاتا ہے (اور گناہ کو نہیں لکھتا) اگر بندہ نے ان ساعتوں میں سے کسی ساعت میں اس گناہ سے معافی مانگ لی تو اللہ تعالیٰ اس گناہ کی اس فرشتہ کو بھی اطلاع نہیں کرتے اور قیامت کے روز اس بندہ کو اس گناہ پر عذاب بھی نہ ہوگا۔ (مستدرک حاکم)

ف: لہٰذا توبہ کرنے میں دیر نہیں کرنی چاہئے۔

توبہ پر مغفرت کا وعدہ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ابلیس نے اللہ تعالیٰ سے کہا کہ: اے اللہ! آپ کی عزت وجلال کی قسم! میں آدم (علیہ السلام) کی اولاد کو گمراہ کرتا رہوں گا جب تک کہ ان کے جسموں میں جان ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: مجھے بھی میری عزت وجلال کی قسم! جب تک وہ مجھ سے مغفرت مانگتے رہیں گے میں بھی معاف کرتا رہوں گا۔ (مسند ابو یعلیٰ)

(۱ تا ۱۱ احادیث بالا از معارف الحدیث)

ف: معلوم ہوا کہ توبہ واستغفار مرتے دم تک کرتے رہنا چاہئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول توبہ واستغفار کے چالیس عربی کلمات

مع اردو ترجمہ

۱۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَ نَسْتَعِیْنُہٗ وَ نَسْتَغْفِرُہٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَ مِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَ مَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ.

تمام تعریفیں اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے ہیں، ہم اس کی تعریف کرتے ہیں اور اس سے مدد چاہتے ہیں اور اس سے مغفرت چاہتے ہیں اور ہم اللہ تبارک وتعالیٰ کی پناہ لیتے ہیں اپنے نفسوں کے شر سے اور اپنے اعمال کی خرابیوں سے، جس شخص کو اللہ تبارک وتعالیٰ ہدایت دے، اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کرے، اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

۲۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا

عَبْدُكَ وَ أَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، أَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَأَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ، فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ.

اے اللہ! آپ ہی میرے رب ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ ہی نے مجھے پیدا کیا اور میں آپ کا بندہ ہوں اور جہاں تک مجھ سے ہو سکے گا میں آپ سے کیے ہوئے عہد و پیمان اور (اطاعت و فرمانبرداری کے) وعدہ پر قائم رہوں گا، اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں اپنے عمل و کردار کے شر سے، میں اقرار کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے نعمتوں سے نوازا اور میں اعتراف کرتا ہوں کہ میں نے آپ کی نافرمانیاں کیں، لہٰذا (اے میرے مالک!) میری مغفرت کر دیجئے، اس لئے کہ آپ کے سوا گناہوں کو کوئی معاف کرنے والا نہیں۔

۳۔ اَللّٰهُمَّ اسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَ اَسْأَلُكَ رَحْمَتَكَ

اے اللہ! میں آپ سے گناہوں کی بخشش چاہتا ہوں اور آپ سے آپ کی رحمت مانگتا ہوں۔

٤۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تُبْتُ اِلَيْكَ مِنْهُ ثُمَّ عُدْتُّ فِيْهِ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَآ اَعْطَيْتُكَ مِنْ نَّفْسِيْ ثُمَّ لَمْ اُوْفِ لَكَ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِلنِّعَمِ الَّتِيْ تَقَوَّيْتُ بِهَا عَلٰى مَعْصِيَتِكَ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ خَيْرٍ اَرَدْتُّ بِهٖ وَجْهَكَ

فَخَالَطَنِیْ فِیْهِ مَا لَیْسَ لَكَ.

اے اللہ! میں آپ سے ان گناہوں کی مغفرت چاہتا ہوں جن کی میں نے آپ کے حضور میں توبہ کی لیکن پلٹ کر دوبارہ وہی گناہ کیے اور میں آپ سے معافی چاہتا ہوں اس عہد کے بارے میں جو میں نے اپنی ذات کی طرف سے آپ سے کیا پھر اس کو پورا نہ کیا، اور میں آپ سے معافی و بخشش چاہتا ہوں ان نعمتوں کے بارے میں جن سے قوت حاصل کر کے میں نے آپ کی نافرمانی کی اور مغفرت طلب کرتا ہوں اس خیر کے بارے میں جو میں نے آپ کی رضامندی کی نیت سے کرنی چاہی پھر آپ کے ماسوا دوسری اغراض کی اس میں آمیزش ہوگئی۔

۵۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِیْ وَ اسْتَهْدِیْكَ لِمَرَاشِدِ اَمْرِیْ وَ اسْتَجِیْرُكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ فَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّیْ.

اے اللہ! میں آپ سے اپنے گناہوں کی مغفرت چاہتا ہوں اور اپنے خیر کے کاموں میں آپکی ہدایت طلب کرتا ہوں اور اپنے نفس کی برائی سے آپکی پناہ مانگتا ہوں اور آپکے حضور توبہ کرتا ہوں، آپ میری توبہ قبول فرمالیجئے، بے شک آپ ہی میرے رب ہیں۔

٦۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ.

میں اس اللہ تبارک وتعالیٰ سے مغفرت چاہتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ ہے اور ساری مخلوق کو قائم رکھنے والا ہے اور اسی کے سامنے توبہ کرتا ہوں۔

۷۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ.

میں اللہ تعالیٰ کی حمد کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرتا ہوں، اے اللہ! میں آپ کی حمد کے ساتھ آپ کی پاکی بیان کرتا ہوں، گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں آپ سے اپنے گناہوں کی بخشش چاہتا ہوں اور آپ کے حضور توبہ کرتا ہوں۔

۸۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَآ اَسْرَفْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّىْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَ اَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ.

اے اللہ! میرے وہ سب گناہ بخش دیجئے جو کچھ میں نے پہلے کئے اور جو بعد میں کئے اور جو میں نے پوشیدہ طور پر کئے اور جو علانیہ طور پر کئے اور جو کچھ میں نے زیادتی کی اور جن کو آپ مجھ سے زیادہ جاننے والے ہیں، آپ ہی آگے بڑھانے والے ہیں اور آپ ہی پیچھے ہٹانے والے ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

۹۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا اَخْطَأْتُ وَ مَاتَعَمَّدْتُّ وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَا جَھِلْتُ وَ مَا عَلِمْتُ.

اے اللہ! میرے وہ سب گناہ بخش دیجئے جو میں نے بھول کر کئے اور جو کچھ میں نے قصداً کئے، اور جو کچھ میں نے پوشیدہ طور پر کئے، اور جو میں نے علانیہ کئے اور جس کا مجھے علم ہے، اور جس کا مجھے علم نہیں۔

۱۰۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَھْلِیْ وَ اِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ.

اے اللہ! میری خطا معاف کر دیجئے اور جو نادانی کا کام میں نے کیا ہو، اس کو معاف کر دیجئے اور جس معاملہ میں بھی میں نے آپ کے حکم اور آپ کی رضا کی حد سے تجاوز کیا ہو، اور جن کو آپ مجھ سے زیادہ جاننے والے ہیں (ان سب کو بخش دیجئے)

۱۱۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ جِدِّیْ وَھَزْلِیْ وَخَطَآئِیْ وَعَمَدِیْ وَ کُلُّ ذٰلِکَ عِنْدِیْ.

اے اللہ! میرے وہ گناہ بھی معاف کر دیجئے جو میں نے سوچ سمجھ کر کئے اور جو ہنسی مذاق میں مجھ سے ہو گئے (میرے مالک!) میری وہ خطائیں بھی معاف کر دیجئے جو بلا ارادہ مجھ سے ہو گئی ہوں اور وہ بھی معاف کر دیجئے جو جان بوجھ کر کیں اور یہ سب گناہ میں نے کئے ہیں۔

۱۲۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ کُلَّہٗ دِقَّہٗ وَجُلَّہٗ وَ اَوَّلَہٗ

وَ آخِرَهٗ وَ عَلَانِيَتَهٗ وَ سِرَّهٗ.

اے اللہ! میرے سارے گناہ بخش دیجئے چھوٹے بھی، بڑے بھی، اگلے بھی، پچھلے بھی، علانیہ کئے ہوئے گناہ بھی اور چھپ کر کئے ہوئے گناہ بھی (سب کے سب معاف کر دیجئے)

۱۳۔اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ خَطَايَايَ وَ ذُنُوْبِيْ كُلَّهَا.

اے اللہ آپ میری ساری خطائیں اور میرے سارے گناہ بخش دیجئے۔

۱۴۔اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

اے اللہ! میرے گناہوں کو بخش دیجئے اور میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دیجئے۔

۱۵۔اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ.

اے اللہ! میرے گناہوں کو بخش دیجئے اور میرے لئے اپنے فضل کے دروازے کھول دیجئے۔

۱۶۔اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَ ارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ.

اے اللہ! میری مغفرت کر دیجئے اور مجھ پر رحم فرمایئے اور میری توبہ

قبول فرمالیجئے، بیشک آپ بڑے توبہ کو قبول کرنے والے اور رحم فرمانے والے ہیں۔

۱۷۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَ وَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ.

اے اللہ! میرے گناہ بخش دیجئے اور میرے لئے میرے گھر میں وسعت دیجئے اور میری روزی میں برکت دیجئے۔

۱۸۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ خَطَآئِيْ وَ عَمَدِيْ وَ هَزْلِيْ وَ جِدِّيْ وَلَا تَحْرِمْنِيْ بَرَكَةَ مَا اَعْطَيْتَنِيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ فِيْمَآ اَحْرَمْتَنِيْ.

اے اللہ! مجھ سے جو گناہ بلا ارادہ ہوگئے اور جو سوچ سمجھ کر کئے اور جو ہنسی مذاق میں مجھ سے ہوگئے اور جو ارادہ کرکے ہوئے، سب کو معاف فرمادیجئے اور جو کچھ آپ نے عطا فرمایا ہے، اس کی برکت سے مجھے محروم نہ فرمایئے اور جس چیز سے آپ نے مجھے محروم فرمایا ہے، اس کے بارے میں مجھے فتنہ میں نہ ڈالئے۔

۱۹۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَ وَسِّعْ لِيْ خُلُقِيْ وَ طَيِّبْ لِيْ كَسْبِيْ وَ قَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ وَلَا تُذْهِبْ طَلَبِيْ اِلٰى شَيْءٍ صَرَفْتَهٗ.

اے اللہ! میرے گناہ بخش دیجئے اور میرے اخلاق وسیع کردیجئے اور

میری کمائی حلال کر دیجئے اور جو کچھ آپ نے مجھے عطا فرمایا ہے، اس پر مجھے قناعت دید یجئے اور میری طلب کسی ایسی چیز کی طرف نہ لے جایئے جس کو آپ نے مجھ سے ہٹالیا ہو۔

۲۰۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَ ارْحَمْنِیْ وَ عَافِنِیْ وَ اهْدِنِیْ وَ ارْزُقْنِیْ وَ اجْبُرْنِیْ وَ ارْفَعْنِیْ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ.

اے اللہ! میری مغفرت کر دیجئے اور مجھ پر رحم فرمایئے اور مجھے عافیت دیجئے اور مجھے ہدایت دیجئے، اور مجھے رزق دیجئے اور میری تلافی کر دیجئے اور مجھے بلند کر دیجئے، بیشک میں اس خیر کا جو آپ نے مجھے دی ہے، محتاج ہوں۔

۲۱۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَ اَدْخِلْنِی الْجَنَّةَ.

اے اللہ میری بخشش کر دیجئے اور مجھ پر رحم فرمایئے اور مجھے جنت میں داخل کر دیجئے۔

۲۲۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَ ظُلْمَنَا وَهَزْلَنَا وَجِدَّنَا وَخَطَأَنَا وَ عَمَدَنَا وَ کُلَّ ذٰلِكَ عِنْدَنَا.

اے اللہ! ہمارے گناہ اور ہمارا ظلم بخش دیجئے اور وہ گناہ بھی بخش دیجئے جو ہنسی میں ہوئے اور جو سچ مچ ارادہ کر کے ہوئے اور جو خطا سے صادر ہوئے اور جو ارادہ کر کے ہوئے (اے مالک! آپ جانتے ہیں کہ) یہ سب

کچھ ہماری طرف سے ہوا ہے۔

۲۳۔اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ ارْضَ عَنَّا وَ تَقَبَّلْ مِنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّۃَ وَ نَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَ اَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا کُلَّہٗ.

اے اللہ! ہماری مغفرت فرمادیجئے اور ہم پر رحم فرمایئے اور ہم سے راضی ہوجایئے اور ہم سے قبول فرمالیجئے اور ہمیں جنت میں داخل کردیجئے اور دوزخ سے نجات دیدیجئے اور ہماری تمام حالتوں میں اصلاح فرمادیجئے۔

۲۴۔رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ.

اے رب! میری مغفرت کردیجئے اور میری توبہ کو قبول فرمالیجئے، بیشک آپ بڑے توبہ کو قبول فرمانے والے اور بڑے رحم کرنے والے ہیں۔

۲۵۔رَبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اھْدِنِی السَّبِیْلَ الْاَقْوَمَ.

اے میرے رب! مغفرت فرما اور رحم فرما اور مجھے سیدھے راستے کی طرف ہدایت عطا فرما۔

۲۶۔رَبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَکْرَمُ

اے میرے رب! بخش دیجئے اور رحم فرمایئے، بیشک آپ بڑے عزت والے اور نہایت کریم ہیں۔

۲۷۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَ ارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ.

اے اللہ! میں نے اپنے نفس پر بہت ظلم کیا ہے اور گناہوں کو بخشنے والا آپ کے سوا کوئی اور نہیں ہے، لہٰذا اپنی جانب سے میری کامل مغفرت فرما دیجئے اور مجھ پر رحم فرمایئے، بیشک آپ بڑے مغفرت کرنے والے اور رحم کرنے والے ہیں۔

۲۸۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ يَا اللّٰهُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، اَنْ يَّغْفِرَلِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ.

اے اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں، اے جو یکتا ہے جو بے نیاز ہے، نہ اس نے کسی کو جنا ہے اور نہ وہ کسی سے جنا گیا اور کوئی بھی اس کا ہمسر نہیں کہ وہ میرے گناہوں کی مغفرت کردے، بیشک آپ بڑے معاف فرمانے والے اور رحم کرنے والے ہیں۔

۲۹۔ اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِهٖ.

اے اللہ! میں آپ کی پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ میں آپ کے ساتھ کسی کو شریک کروں اور ان گناہوں سے مغفرت چاہتا ہوں جو مجھے

معلوم ہیں اور ان گناہوں سے بھی جو مجھے معلوم نہیں۔

۳۰۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ ذُنُوْبِیْ.

اے اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں آپ کی اس رحمت کا جو ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے کہ آپ میرے گناہ بخش دیجئے۔

۳۱۔ اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ بِالْھُدٰی وَ نَقِّنِیْ بِالتَّقْوٰی وَاغْفِرْلِیْ فِی الْاٰخِرَةِ وَ الْاُوْلٰی.

اے اللہ! ہدایت کے ذریعہ میری رہنمائی کیجئے اور تقوی کے ذریعہ مجھے پاک کیجئے اور دنیا و آخرت میں میری مغفرت کر دیجئے۔

۳۲۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَنْتَ رَبِّیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَ اعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِیْعًا اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ.

اے اللہ! آپ بادشاہ ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ میرے رب ہیں اور میں آپ کا بندہ ہوں، میں نے اپنے اوپر ظلم کیا اور اعتراف کیا اپنے گناہ کا، آپ میرے سارے گناہ معاف کر دیجئے، بے شک آپ کے سوا گناہوں کو کوئی معاف کرنے والا نہیں۔

۳۳۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِیْ وَ اَنْتَ تَوَفَّاھَا لَكَ مَمَاتُھَا وَ مَحْیَاھَا اِنْ اَحْیَیْتَھَا فَاحْفَظْھَا بِمَا

تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ وَاِنْ اَمَتَّهَا فَاغْفِرْلَهَا وَارْحَمْهَا.

اے اللہ! آپ نے میری جان کو پیدا فرمایا ہے اور آپ ہی اس کو وفات دینگے، آپ ہی کے لئے ہے اس کا مرنا اور اس کا زندہ رہنا، اگر آپ اس کو زندہ رکھیں تو آپ اس کی اس طریقے سے حفاظت کیجئے جس طریقے سے آپ اپنے نیک اور صالح بندوں کی حفاظت فرماتے ہیں اور اگر آپ اس کو موت دیں تو آپ اس کی مغفرت فرمادیجئے اور اس پر رحم فرمائیے۔

۳۴۔اَللّٰهُمَّ اَنَا عَبْدُكَ وَ ابْنُ عَبْدِكَ وَ ابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ اَتَقَلَّبُ فِيْ قَبْضَتِكَ وَ اُصَدِّقُ بِلِقَآئِكَ وَاُوْمِنُ بِوَعْدِكَ اَمَرْتَنِيْ فَعَصَيْتُ وَنَهَيْتَنِيْ فَاَتَيْتُ هٰذَا مَكَانُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْلِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ.

اے اللہ! میں آپ کا غلام ہوں اور آپ کے غلام کا بیٹا ہوں اور آپ کی باندی کا بیٹا ہوں، آپ کے ہمہ تن قبضہ میں ہوں، آپ کے قبضہ میں چلتا پھرتا ہوں اور آپ سے ملنے کی تصدیق کرتا ہوں اور آپ کے وعدے پر یقین رکھتا ہوں، آپ نے مجھے حکم دیا لیکن میں نے نافرمانی کی اور آپ نے مجھے منع کیا لیکن میں نے اس کا ارتکاب کیا، یہ جگہ آپ کے ذریعہ دوزخ سے پناہ لینے کی ہے، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ کی ذات پاک ہے، میں

نے اپنی جان پر ظلم کیا، لہٰذا مجھے بخش دیجئے، بیشک گناہوں کو آپ کے سوا کوئی نہیں بخش سکتا۔

۳۵۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّبِیِّ مُحَمَّدِ ناغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَاَذْھِبْ عَنِّیْ غَیْظَ قَلْبِیْ وَ اَجِرْنِیْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَآ اَحْیَیْتَنَا.

اے اللہ! اے نبی اکرم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رب! میرے گناہ معاف کر دیجئے اور مجھ سے میرے دل کا غصہ دور کر دیجئے اور جب تک آپ ہمیں زندہ رکھیں، گمراہ کرنے والے فتنوں سے بچائے رکھنا۔

۳۶۔ رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَ ثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَ سَدِّدْلِسَانِیْ وَاھْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ صَدْرِیْ.

اے میرے رب! میری توبہ قبول فرمالیجئے اور میرے گناہ دھو دیجئے اور میری دعا قبول کیجئے اور میری حجت قائم رکھئے اور میری زبان درست رکھئے اور میرے دل کو ہدایت دیجئے اور میرے سینے کی کدورت نکال دیجئے۔

۳۷۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتُوْبُ اِلَیْكَ مِنَ الْمَعَاصِیْ لَآ اَرْجِعُ اِلَیْھَا اَبَدًا.

اے اللہ! میں آپ کی جناب میں تمام گناہوں سے توبہ کرتا ہوں، میں (عہد کرتا ہوں کہ) آئندہ گناہ نہیں کروں گا۔

۳۸۔اَللّٰھُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَ رَحْمَتُكَ اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ.

اے اللہ! آپ کی مغفرت میرے گناہوں سے بہت زیادہ وسیع ہے اور اپنے عمل کے مقابلے میں آپ کی رحمت کی مجھے زیادہ امید ہے۔

۳۹۔اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِالْمَآءِ وَ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّنِیْ مِنَ الْخَطَایَا کَمَا نَقَّیْتَ الثَّوْبَ مِنَ الدَّنَسِ.

اے اللہ! میرے گناہوں کو پانی سے، برف سے اور اولوں سے صاف کردیجئے اور مجھے گناہوں سے ایسا صاف کردیجئے جیسا کہ آپ کپڑے کو میل کچیل سے صاف فرمادیتے ہیں۔

۴۰۔اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَنَا وَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ وَ اَصْلِحْھُمْ وَ اَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِھِمْ وَ اَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ وَ اجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِھِمُ الْاِیْمَانَ وَالْحِکْمَةَ وَ ثَبِّتْھُمْ عَلٰی مِلَّةِ رَسُوْلِكَ وَ اَوْزِعْھُمْ اَنْ یَّشْکُرُوْا نِعْمَتَكَ الَّتِیْ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ وَ اَنْ یُّوْفُوْا بِعَھْدِكَ الَّذِیْ عَاھَدْتَّھُمْ عَلَیْهِ وَ انْصُرْھُمْ عَلٰی عَدُوِّكَ وَعَدُوِّھِمْ اِلٰهَ الْحَقِّ سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ اِلَّا اَنْتَ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ عَمَلِیْ اِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

لِمَنْ تَشَآءُ وَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ يَا غَفَّارُ اِغْفِرْلِىْ يَا تَوَّابُ تُبْ عَلَىَّ يَارَحْمٰنُ ارْحَمْنِىْ يَاعَفُوُّ اعْفُ عَنِّىْ يَارَءُوْفُ ارْءُفْ بِىْ يَارَبِّ اَوْزِعْنِىْ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتَ عَلَىَّ وَ وَفِّقْنِىْ حُسْنَ عِبَادَتِكَ يَارَبِّ اَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ يَارَبِّ افْتَحْ لِىْ بِخَيْرٍ وَّ اخْتِمْ لِىْ بِخَيْرٍ وَّ اٰتِنِىْ تَشَوُّقًا اِلٰى لِقَائِكَ مِنْ غَيْرِ ضَرَّآءٍ مُّضِرَّةٍ وَّ لَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ وَّ قِنِى السَّيِّئَاتِ وَ مَنْ تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ وَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ.

اے اللہ! ہمیں بخش دیجئے اور تمام مؤمنین اور مؤمنات اور مسلمین اور مسلمات کو بخش دیجئے اور انہیں درست کر دیجئے اور ان کی آپس میں صلح کرا دیجئے اور ان کے دلوں میں الفت ڈال دیجئے اور ان کے دلوں میں ایمان اور حکمت عطا کیجئے اور انہیں اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے دین پر ثابت قدم رکھئے، اور انہیں اس بات کی توفیق عطا کیجئے کہ وہ آپ کا شکر ادا کریں آپ کی اس نعمت پر جو آپ نے انہیں عطا کی، اور یہ کہ وہ آپ کا وہ عہد پورا کریں جو آپ نے ان سے لیا ہے، اور اے معبود برحق! ان کو اپنے اور ان کے دشمنوں پر غلبہ عطا فرمائیے، آپ پاک ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں مگر آپ ہیں، آپ میرے گناہ بخش دیجئے، اور میرے عمل کو درست کر دیجئے، بیشک آپ جس کے گناہ چاہتے ہیں بخش دیتے ہیں اور آپ غفور ورحیم

ہیں۔ اے غفار! مجھے بخش دیجئے، اے توّاب! میری توبہ قبول فرمایئے، اے رحمٰن! مجھ پر رحم کیجئے، اے عفو! مجھ سے درگزر فرما دیجئے، اے رؤف! مجھ پر مہربان ہو جایئے، اے پروردگار! مجھے توفیق عطا فرمایئے کہ میں آپ کی اس نعمت پر شکر ادا کروں جو آپ نے مجھے عطا کی ہے اور مجھے اپنی عبادت اچھی طرح کرنے کی توفیق عطا فرمایئے، اے رب! میں آپ سے تمام کی تمام بھلائیاں مانگتا ہوں، اے رب! خیر کے ساتھ میری ابتداء فرمایئے اور خیر کے ساتھ میرا خاتمہ فرمایئے اور تکلیف دینے والی مصیبت اور گمراہ کرنے والے فتنے کے بغیر مجھے اپنی ملاقات کا شوق عطا فرمایئے اور مجھے برائیوں سے بچایئے اور اس دن آپ جس کو برائیوں سے بچالیں تو بیشک آپ نے اس پر بڑا رحم کیا اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

احد پہاڑ سے زیادہ ثواب

ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ صحابہ کرامؓ سے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی شخص ایسا ہے جو روزانہ اُحد پہاڑ کے برابر عمل کر لیا کرے؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس کی کون طاقت رکھتا ہے (کہ اتنے بڑے پہاڑ کے برابر عمل کرے؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر شخص طاقت رکھتا ہے، صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ اس کی کیا صورت ہے؟ ارشاد فرمایا سُبْحَانَ اللّٰہ کا ثواب اُحد پہاڑ سے زیادہ ہے، لَآ اِلٰہَ اِلَّا

اللہ کا ثواب اُحد پہاڑ سے زیادہ ہے، اَلْحَمْدُلِلّٰہ کا ثواب احد پہاڑ سے زیادہ ہے، اَللّٰہُ اَکْبَر کا ثواب احد پہاڑ سے زیادہ ہے۔ (کذافی مجمع الزوائد)

تسبیحات پڑھنے پر بڑے بڑے ثواب

ایک دوسری حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سُبْحَانَ اللہ سو مرتبہ پڑھا کرو، اس کا ثواب ایسا ہے جیسے تم نے سو عربی غلام آزاد کیے اور اَلْحَمْدُلِلّٰہ سو مرتبہ پڑھا کرو، اس کا ثواب ایسا ہے جیسے تم نے سو گھوڑے مع سامان وغیرہ جہاد میں سواری کے لئے دیدیے ہیں اور اَللّٰہُ اَکْبَر سو مرتبہ پڑھا کرو، یہ ایسا ہے جیسے تم نے سو اونٹ قربانی میں ذبح کیے اور وہ قبول ہو گئے اور لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـه سو مرتبہ پڑھا کرو، اس کا ثواب تو تمام آسمان و زمین کے درمیان کو بھر دیتا ہے، اس سے بڑھ کر کسی کا کوئی عمل نہیں جو مقبول ہو۔ (رواہ احمد)

جائز سفر بھی عبادت بن جائے گا

جب سفر کا ارادہ ہو تو اس میں درج ذیل نیتیں کی جا سکتی ہیں، جن سے جائز اور مباح سفر بھی عبادت بن سکتا ہے اور حسب موقع ان میں سے ایک نیت بھی کافی ہے تاہم زیادہ نیتوں کا زیادہ ثواب ہے۔ (ماخذہ آداب سفر)

۱) عزیز و اقارب کی خیریت دریافت کرنے، ان سے ملنے، ان کا

دل خوش کرنے اور صلہ رحمی کرنے کی نیت سے سفر کرنا۔

۲) حلال روزی کمانے اور اس کے حقوق ادا کرنے کی نیت سے سفر کرنا مثلاً یہ نیت کرنا کہ حلال مال حاصل کر کے زکوٰۃ، صدقہ فطرہ اور قربانی کروں گا، حج وعمرہ کا سفر کروں گا، بیوی بچوں کا نان ونفقہ ادا کروں گا، فقیروں اور محتاجوں کی مدد کروں گا اور دینی ضرورتوں میں خرچ کروں گا۔

۳) صحت حاصل کرنے کی نیت سے سفر کرنا، کیونکہ حدیث پاک میں ہے "سَافِرُوْا تَصِحُّوْا" سفر کرو، صحت حاصل کرو۔

٤) اگر شرعی جہاد ہو رہا ہو تو جہاد میں شرکت کی نیت سے سفر کرنا ورنہ جہاد کی تیاری کی نیت سے سفر کرنا، کیونکہ عام طور پر جہاد میں سفر کی ضرورت پیش آتی ہے۔

٥) دین کی باتیں سیکھنے اور دوسروں تک پہنچانے کی نیت سے سفر کرنا۔

٦) مسلمانوں کی مدد کرنے کی غرض سے سفر کرنا۔

۷) بیماروں کی عیادت کرنے اور پریشان حال اور مصیبت زدہ لوگوں کو تسلی دینے کی نیت سے سفر کرنا۔

۸) تعزیت کرنے کی نیت سے سفر کرنا۔

۹) راستہ میں پڑی ہوئی تکلیف دہ چیزوں کو دور کرنے کی غرض سے سفر کرنا۔

۱۰) حج یا عمرہ کرنے کی نیت سے سفر کرنا، اگر کوئی دوسرا سفر ہو تو مثلاً

اس نیت سے سفر کرنا کہ حرمین شریفین کے سفر کی عادت ہو جائے۔

۱۱) بزرگوں سے ملاقات کرنے اور ان کی خدمت میں رہ کر اللہ تعالیٰ کا تعلق اور اس کی محبت حاصل کرنے کی نیت سے سفر کرنا۔

۱۲) جس شخص سے محض اللہ تعالیٰ کے واسطے محبت ہو اس سے ملنے کی نیت سے سفر کرنا۔

۱۳) سفر میں جس جگہ یا جہاں جہاں جانا ہو، وہاں کی مساجد میں نفلی اعتکاف کرنے، نمازیں ادا کرنے، تلاوت کلام پاک کرنے، ذکر اللہ کرنے، دعائیں مانگنے، تبلیغ کرنے اور بُری باتوں سے بچنے کی تلقین کرنے کی نیت سے سفر کرنا۔

۱۴) دینی امور میں علماء کرام اور نیک لوگوں سے مشورہ کرنے کی نیت سے سفر کرنا۔

۱۵) مسائل دریافت کرنے کی نیت سے سفر کرنا۔

۱۶) مسلمانوں کے حالات سے واقف ہونے اور حسب استطاعت ان کی مدد کرنے کی نیت سے خواہ بذریعہ دعا ہی سہی، سفر کرنا۔

۱۷) سفر میں جہاں جانا ہے، وہاں کے علماء کرام اور بزرگوں کے مزارات پر حاضر ہونے کی نیت سے سفر کرنا اور حاضر ہو کر شریعت کی حدود میں رہتے ہوئے اور خلاف شرع کاموں سے بچتے ہوئے، ان کے لئے ایصال ثواب کرنے، مغفرت کی دعا کرنے، اور ان کے وسیلہ سے اپنے لئے

دعا کرنے کی نیت سے سفر کرنا۔

۱۸) از روئے حدیث سفر میں مسافر کی دعا قبول ہوتی ہے، اس لئے دعا کرنے کی غرض سے سفر کرنا۔

۱۹) مناظر قدرت دیکھنے اور ان میں غور و فکر کر کے باری تعالیٰ کی قدرت کا مشاہدہ کرنے اور عبرتناک مقامات سے عبرت حاصل کرنے کی نیت سے سفر کرنا۔

۲۰) والدین یا ان میں سے کوئی ایک زندہ ہو تو ان سے ملنے اور ان کی خدمت کرنے کی نیت سے سفر کرنا۔

۲۱) ہر نیک کام انجام دینے اور ہر برائی سے بچنے کی نیت سے سفر کرنا وغیرہ۔

سفر کے لئے استخارہ

سفر شروع کرنے سے پہلے استخارہ کریں، یہ مستحب عمل ہے، کیونکہ استخارہ کے بارے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

مَا خَابَ مَنِ اسْتَخَارَ

ترجمہ: یعنی جو شخص استخارہ کر کے کام کرتا ہے، وہ کبھی ناکام نہیں ہوتا۔

جس کا طریقہ یہ ہے کہ اگر نماز کا مکروہ یا ممنوع وقت نہ ہو تو دو رکعت نفل پڑھ کر استخارہ کی دعا پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے سفر میں رہنمائی اور خیر کی

توفیق ملنے کی دعا کریں، استخارہ کی دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَ اَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ، فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَ لَا اَقْدِرُ وَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا السَّفَرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَ یَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا السَّفَرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَ اصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ۔

(آداب السفر بتصرف)

ترجمہ: یا اللہ! میں آپ کے علم کے ذریعہ سے خیر طلب کرتا ہوں اور آپ کی قدرت سے طاقت چاہتا ہوں اور آپ سے آپ کے فضل عظیم کا سوال کرتا ہوں، کیونکہ آپ قدرت رکھتے ہیں اور میں قدرت نہیں رکھتا، آپ علم رکھتے ہیں اور میں علم نہیں رکھتا، اور آپ غیب کی باتوں کو خوب جاننے والے ہیں۔ یا اللہ! اگر آپ جانتے ہیں کہ یہ سفر میرے لئے بہتر ہے، میرے دین کے اعتبار سے بھی اور میری دنیوی زندگی کی اعتبار سے بھی اور میرے انجام کار کے لحاظ سے بھی تو اسے میرے لئے مقدر فرمادیجئے اور اسے میرے لئے آسان کردیجئے، پھر اس میں مجھے برکت عطا فرمائیے۔ اور

اگر آپ جانتے ہیں کہ یہ سفر میرے لئے بُرا ہے، میرے دین کے اعتبار سے اور میری دنیوی زندگی کے اعتبار سے اور میرے انجام کار کے لحاظ سے تو اسے مجھ سے دور کردیجئے اور مجھے اس سے دور کردیجئے اور میرے لئے جہاں بھی بہتری ہو، اس کو مقدر فرمادیجئے پھر اس پر مجھے راضی بھی کردیجئے۔

استخارہ کی آسان دعا

لیکن اگر مذکورہ بالا طریقہ کے مطابق باقاعدہ استخارہ کرنے کا وقت نہ ہو یا جلدی فیصلہ کرنا ہو تو یہ دعا کثرت سے پڑھیں اور قلبی رجحان کے مطابق عمل کریں۔

اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ

ترجمہ: یا اللہ! میرے لئے آپ (صحیح راستہ) پسند کردیجئے اور میرے لئے آپ ہی انتخاب فرمادیجئے۔

سفر پر جانے سے پہلے دو رکعت

سفر پر روانہ ہونے سے پہلے اپنے گھر میں یا جہاں سے سفر کے لئے نکلنا ہو اور مکروہ یا ممنوع وقت نہ ہو تو دو رکعت نفل ادا کرنا مستحب ہے، پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھنا بہتر ہے، نفل کے بعد سفر کے آسان اور کامیاب

ہونے کی دعا کریں۔

دعا سے فارغ ہو کر ایک مرتبہ آیت الکرسی اور ایک مرتبہ سورۂ قریش پوری پڑھنے سے انشاء اللہ سفر میں حفاظت رہے گی۔

سفر پر جانے سے پہلے دو رکعت نفل ادا کرنے کے بارے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چند ارشادات یہ ہیں:

❁ سفر پر جانے والا گھر میں اپنے گھر والوں کے پاس دو رکعت نفل سے بڑھ کر کوئی چیز چھوڑ کر نہیں جاتا۔ (طبرانی)

❁ کوئی شخص اپنے گھر میں دو رکعتوں سے بہتر کوئی چیز نہیں چھوڑتا جن کو وہ سفر کا ارادہ کرتے وقت ادا کرتا ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ)

❁ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! میرا تجارت کی غرض سے بحرین جانے کا ارادہ ہے، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (سفر پر جانے سے پہلے) دو رکعت نماز پڑھ لو۔

(مجمع الزوائد)

❁ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب وہ سفر میں جانے کا ارادہ کرتے تو مسجد میں جا کر نماز پڑھتے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ)

سفر پر جانے سے پہلے چار رکعت

بعض احادیث میں سفر پر جانے سے پہلے چار رکعت نفل پڑھنے کا ذکر

ہے، ان کی فضیلت یہ ہے:

❁ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سفر میں جانے والا سب سے بہترین خلیفہ جس کو وہ اپنے گھر والوں کی حفاظت کے لئے چھوڑتا ہے، وہ چار رکعت نماز ہے جس کو وہ سفر کا لباس پہننے کے بعد ادا کرتا ہے، جس (کی ہر رکعت) میں سورہ فاتحہ اور (اس کے بعد) سورہ اخلاص پڑھی جاتی ہے اور چاہئے کہ یہ چار رکعت پڑھ کر یہ دعا کرے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَقَرَّبُ بِھِنَّ اِلَیْکَ فَاخْلُفْنِیْ بِھِنَّ فِیْ اَھْلِیْ وَ مَالِیْ۔

(آداب سفر)

ترجمہ: اے اللہ! میں ان رکعتوں کے ذریعہ آپ کا قرب حاصل کرتا ہوں، آپ ان کی وجہ سے میرے اہل وعیال اور مال میں میرے خلیفہ بن جایئے (اور ان کی حفاظت فرمادیجئے)

حدیث میں ہے کہ یہ چار رکعت اور دعاء اس کے سفر سے واپس آنے تک اس کے اہل وعیال، مال ومنال اور اس کے گھر کے اردگرد کی محافظ ہوں گی۔ (آداب السفر و الاحیاء)

سفر کے لئے اٹھنے کی دعاء

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت تھی کہ جب سفر کے لئے اٹھتے تو

یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰھُمَّ بِكَ انْتَھَزْتُ وَ اِلَیْكَ تَوَجَّھْتُ وَ بِكَ اعْتَصَمْتُ وَ عَلَیْكَ تَوَکَّلْتُ. اَللّٰھُمَّ اَنْتَ ثِقَتِیْ وَ اَنْتَ رَجَائِیْ. اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ مَا اَھَمَّنِیْ وَ مَا لَا اَھْتَمُّ بِهٖ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ. عَزَّ جَارُكَ وَ جَلَّ ثَنَاءُكَ وَ لَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ. اَللّٰھُمَّ زَوِّدْنِی التَّقْوٰی وَ وَجِّھْنِیْ لِلْخَیْرِ اَیْنَمَا تَوَجَّھْتُ.

(آداب السفر بحوالہ احیاء)

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ ہی کی مدد سے اٹھتا ہوں اور آپ ہی کی طرف توجہ کرتا ہوں اور آپ ہی سے قوت حاصل کرتا ہوں اور آپ ہی پر بھروسہ کرتا ہوں، یا اللہ! آپ ہی (پر) میرا اعتماد ہے اور آپ ہی میری امید ہیں، اے اللہ! جس کام کے لئے میں کوشش کرتا ہوں، اس میں آپ میرے لئے کافی ہو جایئے اور اس کام کے لئے بھی جس کا میں اہتمام نہیں کرتا اور اس کام کیلئے بھی جس کو آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں، آپ کی پناہ میں آنے والا قوی ہو جاتا ہے اور آپ کی تعریف بہت بڑی ہے اور آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، یا اللہ! مجھے تقویٰ کا توشہ عنایت فرما اور جس طرف میں متوجہ ہوں، میرا رُخ بھلائی اور خیر کی طرف کر دیجئے۔

سفر سے باحفاظت واپسی کا مجرب وظیفہ

سفر پر نکلنے سے پہلے گھر والوں کے ہاتھ میں ہاتھ دیکر گھر والے اور

سفر پر جانے والا دونوں ایک ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر ایک دوسرے پر دم کریں تو سفر میں حفاظت رہتی ہے اور ایک دوسرے سے دوبارہ ملاقات ہو جاتی ہے، یہ عمل میرے بعض بزرگوں کا ہے جو مجرب ہے۔

سفر کے لئے رخصت ہونے والے کی دعاء

جب گھر والوں سے رخصت ہونے لگیں تو یہ دعا دیں:

اَسْتَوْدِعُکُمُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا تَضِیْعُ وَدَائِعُہٗ.

ترجمہ: میں تمہیں اس اللہ کے پاس امانت رکھتا ہوں جسکے پاس رکھی ہوئی امانتیں ضائع نہیں ہوتیں۔ (ابن السنی)

سفر کیلئے گھر سے نکلنے کی دعاء

جب گھر سے باہر نکلیں تو یہ دعا پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ .

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کا نام لیکر نکل رہا ہوں، اللہ ہی پر میرا بھروسہ ہے، کسی بھلائی کے حاصل کرنے کی طاقت اور کسی برائی سے بچنے کی طاقت اللہ کے فضل سے ہو سکتی ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص اپنے گھر سے نکلے (اور مذکورہ بالا دعا

پڑھے تو عالم غیب میں) اس شخص سے کہا جاتا ہے (یعنی فرشتے کہتے ہیں) کہ اے اللہ کے بندے! تیرا یہ عرض کرنا تیرے لئے کافی ہے، تجھے ہدایت مل گئی، تیرے کاموں کی کفالت کی گئی (اب بآسانی تیرے کام ہوں گے) تیری (دشموں سے) حفاظت کا فیصلہ ہوگیا اور شیطان اس سے مایوس ہوکر دور ہوجاتا ہے۔ (ترمذی)

ف: سبحان اللہ کتنی آسان دعا ہے اور کتنی بڑی فضیلت ہے، اس لئے اس کو یاد کرلینا چاہئے۔ اور یہ دعا سفر میں نکلنے کے ساتھ خاص نہیں ہے، سفر کیلئے گھر سے باہر نکلیں یا کسی اور کام کے لئے نکلیں، یہ دعا پڑھ سکتے ہیں۔

جب کسی کو سفر کے لئے رخصت کریں

جب کوئی شخص سفر پر جائے یا ارادۂ سفر ظاہر کرے تو موقع ہو تو اس سے مصافحہ کریں، کیونکہ رخصت کرتے وقت مصافحہ کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا (معارف الحدیث) اور اس کو یہ دعا دیں:

زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى وَغَفَرَ ذَنْبَكَ وَيَسَّرَ لَكَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كُنْتَ. (ترمذی)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تقوی کو تمہارا زادِ سفر بنائے (کہ پورے سفر میں یہ دولت تمہیں نصیب رہے) اور تمہارے گناہوں کی مغفرت فرمائے اور جہاں بھی تم پہنچو، اللہ تعالیٰ خیر اور بھلائی تمہارے لئے آسان فرمائے۔

کسی کو سفر کیلئے رخصت کرنیکی ایک اور دعا

اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَ اَمَانَتَكَ وَ خَوَاتِيْمَ اَعْمَالِكَ. (ابو داؤد)

ترجمہ: میں تمہارا دین، تمہاری امانت اور تمہارے آخری اعمال کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں۔

نیز یہ کہیں:

اَللّٰهُمَّ اطْوِلَهُ الْبُعْدَ وَ هَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ. (ترمذی)

ترجمہ: اے اللہ! سفر کی درازی کو سمیٹ کر اس کے واسطے مختصر فرما اور اس کے واسطے سفر کو آسان فرما۔

آغاز سفر کی دعاء

جب سفر شروع کرنے کا ارادہ کرلیں تو یہ کہیں:

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصُوْلُ وَ بِكَ اَحُوْلُ وَ بِكَ اَسِيْرُ. (حصن حصین)

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ ہی کی مدد سے (دشمنوں پر) حملہ کرتا ہوں اور آپ ہی کی مدد سے ان کے دور کرنے کی تدبیر کرتا ہوں اور آپ ہی کی مدد سے چلتا ہوں۔

جب سواری پر سوار ہونے لگیں

جب کسی سواری پر سوار ہونے لگیں اور اس میں قدم رکھیں تو بسم اللہ

کہیں۔

پھر جب بیٹھ جائیں تو الحمد للہ کہیں۔

پھر یہ آیت پڑھیں:

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ، وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ .

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے لئے یہ سواری مسخر کردی، ورنہ ہم اس کو قابو کرنے والے نہ تھے اور ہم اپنے پروردگار کی طرف ہی لوٹنے والے ہیں۔

پھر تین مرتبہ **اَللّٰهُ اَکْبَرُ** کہیں۔

پھر تین مرتبہ **اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ** کہیں اور ایک بار **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** کہیں۔

پھر یہ دعا پڑھیں:

سُبْحَانَكَ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ. (حصن حصین)

ترجمہ: آپ کی ذات پاک ہے، بلاشبہ میں نے (گناہ کرکے) اپنے اوپر ظلم کیا ہے، لہٰذا آپ مجھے بخش دیجئے، کیونکہ آپکے سوا کوئی بھی گناہ نہیں بخشتا۔

جب گاڑی چلنے لگے

جب سفر پر روانہ ہونے لگیں اور سواری چلنے لگے تو یہ دعا مانگیں:

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا ھٰذَا الْبِرَّ وَ التَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی۔

اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا ھٰذَا وَاطْوِ لَنَا بُعْدَہٗ۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَ الْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ وَ الْمَالِ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَ کَاٰبَۃِ الْمَنْظَرِ وَ سُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْاَھْلِ وَ الْمَالِ۔ **(مسلم شریف)**

ترجمہ: اے اللہ! ہم آپ سے اپنے اس سفر میں نیکی اور پرہیز گاری کا سوال کرتے ہیں اور ان اعمال کا سوال کرتے ہیں جن سے آپ راضی ہوں۔

اے اللہ! ہم پر ہمارے اس سفر کو آسان فرما اور اس کی درازی کو ہمارے لئے مختصر فرما۔

اے اللہ! آپ ہی اس سفر میں ہمارے ساتھی ہیں اور آپ ہی ہمارے پیچھے ہمارے اہل و عیال اور مال و جائیداد کے نگران ہیں۔

اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں سفر کی مشقت سے اور غم میں ڈالنے والے منظر سے اور بری حالت میں گھر والوں اور مال و اولاد کے پاس واپس لوٹنے سے۔

بعض روایات میں سفر پر جاتے وقت دعا کے یہ کلمات بھی منقول ہیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَ کَاٰبَۃِ الْمُنْقَلَبِ

وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ وَدَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِي الْاَهْلِ وَ الْمَالِ. (حصن حصين)

ترجمہ: اے اللہ میں سفر کی مشقت سے آپ کی پناہ لیتا ہوں اور واپسی کی تکلیف سے اور خوشحالی کے بعد بدحالی سے اور مظلوم کی بددعا سے اور اہل وعیال اور مال وجائیداد میں برا منظر دیکھنے سے۔

سفر سے واپسی کے وقت کی دعائیں

جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے واپس آتے تب بھی یہ اوپر والی دعائیں فرماتے اور آخر میں ان کلمات کا اضافہ فرماتے تھے۔

اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ. (مسلم شریف)

ترجمہ: ہم واپس لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں۔

پانی کے جہاز یا کشتی کی دعاء

جب پانی کے جہاز یا لانچ یا کشتی پر سوار ہوں اور وہ چلنے لگے تو یہ کلمات کہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (ھود)

ترجمہ: اللہ ہی کے نام سے چلتی ہے اور ٹھہرتی ہے، بیشک میرا پروردگار

بہت مغفرت کرنے والا ہے (اور) بڑا مہربان ہے۔

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَ الْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ السَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِيْنِهٖ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ. (زمر)

ترجمہ: اور کافروں نے اللہ تعالیٰ کو (ایسا) نہیں پہچانا جیسا کہ اسے پہچاننا چاہیے حالانکہ قیامت کے دن ساری زمین اس کے قبضے میں ہوگی اور (ساتوں) آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں گے (اور) وہ (اللہ تعالیٰ) ان مشرکوں کے شرک سے پاک اور بالاتر ہے۔

ف: حضرت حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (مذکورہ آیت کو پڑھنا) میری امت کے افراد کے لئے غرق ہونے سے حفاظت اور امان ہے۔ (ابن السنی)

دوران سفر حفاظت کا مجرب عمل

بعض بزرگوں سے منقول ہے کہ دوران سفر گاڑی وغیرہ میں ایک مرتبہ آیت الکرسی اور ایک مرتبہ مذکورہ بالا آیت: وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ الخ پڑھ کر اپنے اوپر اور گاڑی پر دم کرلیں اور بارہ مرتبہ سورۂ اخلاص اس طرح پڑھیں کہ تین مرتبہ پڑھ کر اپنے دائیں جانب دم کریں، تین مرتبہ پڑھ کر اپنے سامنے کی جانب دم کریں، تین مرتبہ پڑھ کر اپنے بائیں جانب دم کریں اور

تین مرتبہ پڑھ کر اپنے پیچھے کی طرف دم کریں تو گاڑی انشاء اللہ تعالیٰ ہر حادثہ سے محفوظ رہے گی اور مسافر بھی ہر جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہیں گے، یہ عمل مجرب ہے۔

سفر کو مبارک اور کامیاب بنانے کا عمل

دوران سفر کہیں ایک مرتبہ یہ پانچ سورتیں پڑھنے سے سفر رفقاء سفر سے بہتر، مبارک اور اچھی حالت میں پورا ہوتا ہے۔

- قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ
- اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ
- قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ
- قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ
- قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

شروع میں ایک مرتبہ اعوذ باللہ پڑھیں، پھر ہر سورۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر شروع کریں اور سورۂ ناس کے ختم پر بھی بسم اللہ پڑھیں (اس طرح بسم اللہ چھ مرتبہ ہو جائے گی) حدیث پاک میں اسکی یہ فضیلت ہے کہ:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: اے جبیر! کیا تم چاہتے ہو کہ جب سفر پر جاؤ تو اپنے ساتھیوں سے زیادہ خوشحال ہو اور جب واپس لوٹو تو اپنے ساتھیوں سے زیادہ نفع لے کر

لوٹو؟ انہوں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان ہوں، میں ضرور یہ چاہتا ہوں، فرمایئے! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم یہ پانچ سورتیں سفر میں پڑھ لیا کرو، قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ، اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ ، قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ہر سورۃ سے پہلے بسم اللہ پڑھنا اور آخر میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر ختم کرنا۔

حضرت جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں سفر سے اپنے سب ساتھیوں سے کمزور حالت میں واپس آیا کرتا تھا، جب سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ عمل سکھایا ہے، برابر پڑھا کرتا ہوں، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اب سب سے اچھی حالت میں سفر سے واپس آتا ہوں۔

(حصن حصین)

سفر میں فرشتوں کی رفاقت

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے سفر میں دنیاوی باتوں سے دل ہٹا کر اللہ تعالیٰ کی طرف دھیان رکھے اور اس کی یاد میں لگا رہے تو اس کے ساتھ ایک فرشتہ رہتا ہے اور جو شخص (برے قسم کے) اشعار پڑھنے میں یا کسی اور (بیہودہ یا گناہ کے) کام میں مشغول رہتا ہے تو اس کے ساتھ شیطان رہتا ہے۔ (حصن حصین)

مسافر کی دعا قبول ہوتی ہے

حضور ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین دعائیں مقبول ہیں، جنکے مقبول ہونے میں کوئی شک نہیں:

- مظلوم کی دعا
- مسافر کی دعا
- باپ کی اولاد کے حق میں دعا (ابوداؤد)

ف: اس لئے سفر میں خوب دعائیں کرنی چاہئیں، اگر مناجات مقبول ہمراہ ہو تو اس کی دعائیں بڑی اہم اور جامع ہیں، ان کو مانگنا بھی اچھا ہے۔

دوران سفر اترتے چڑھتے تکبیر و تسبیح

سفر کے دوران جب کسی چڑھائی پر چڑھیں تو **اَللّٰہُ اَکْبَرُ** کہیں اور یہ کہیں:

اَللّٰھُمَّ لَکَ الشَّرَفُ عَلٰی کُلِّ شَرَفٍ وَّ لَکَ الْحَمْدُ عَلٰی کُلِّ حَالٍ .

ترجمہ: اے اللہ آپ ہی ہر بلندی سے سربلند ہیں اور ہر حال میں تمام تعریفیں آپ ہی کے لئے ہیں۔

اور جب نیچے اتریں تو **سُبْحَانَ اللّٰہِ** کہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی یہی عادت تھی (آداب السفر) آپ بھی یہ عادت بنالیں۔

دوران سفر جب جنگل سے گزریں

راستہ میں جب جنگل سے گزریں تو کہیں:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ. (عمدۃ الناسک)

دوران سفر جب سواری ٹھہرنے لگے

جب سواری کسی ایسی جگہ ٹھہرنے لگے جہاں مسافر کو اترنا ہے، خواہ تھوڑی دیر کے لئے اترے، اس وقت یہ دعا مانگنی چاہئے۔

رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبَارَکًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ

ترجمہ: اے میرے پروردگار! مجھے برکت والی جگہ اتاریئے اور آپ سب سے بہتر اتارنے والے ہیں۔

قرآن کریم میں ہے کہ یہ دعا حضرت نوح علیہ السلام نے اس وقت مانگی تھی جب ان کی کشتی خشکی پر لگنے والی تھی، آج کل خاص طور سے ہوائی جہاز کے نیچے اترتے وقت بھی یہ دعا مانگنی چاہیے۔ (پُرنور دعائیں)

سفر میں کسی جگہ اترنے کی دعاء

سفر کے دوران جب کسی جگہ کوئی چیز لینے کے لئے یا کچھ دیر آرام یا قیام کے لئے یا کسی اور ضرورت کے لئے اتریں تو مستحب ہے کہ دو رکعت نفل پڑھیں (آداب السفر) اور یہ دعا پڑھیں:

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ؕ

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کے پورے کلمات کی پناہ مانگتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا فرمائی۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اثناء سفر کسی منزل پر اترے اور اس وقت یہ دعا کرلے تو جب تک وہ اس منزل اور قیام گاہ سے روانہ نہ ہوگا، اس کو کوئی چیز نقصان نہ پہنچائے گی۔ (حصن حصین)

سفر میں جب سواری ٹھیک نہ چلے

جب سواری کو ٹھوکر لگے یا دھکا لگے یا پاؤں پھسل جائے یا حادثہ ہونے لگے یا ایکسیڈنٹ ہوجائے تو بسم اللہ کہنا چاہئے۔

اگر کوئی سواری ٹھیک نہ چل رہی ہو یا کسی وجہ سے اس کو چلانا مشکل ہو رہا ہو تو یہ آیت پڑھیں:

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ وَلَہٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ کَرْھًا وَّ اِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ۔

ترجمہ: تو کیا یہ اللہ تعالیٰ کے دین کے سوا کچھ اور چاہتے ہیں؟ حالانکہ اسی کیلئے رام ہیں آسمان وزمین میں رہنے والے، خواہ خوشی سے یا زبردستی سے اور اسی کی طرف وہ لوٹائے جائیں گے۔

اگر سواری کوئی جانور ہو تو یہ آیت اس کے کان میں پڑھی جائے۔

(پُرنور دعائیں)

سفر میں جب رات ہو جائے

اگر سفر کے دوران کسی غیر آباد ویرانے میں رات آجائے اور وہاں قیام کرنا پڑے تو اس سرزمین کو خطاب کر کے کہے:

يَا اَرْضُ رَبِّيْ وَ رَبُّكِ اللّٰهُ، اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّكِ وَ شَرِّ مَا خُلِقَ فِيْكِ وَ شَرِّ مَا يَدِبُّ عَلَيْكِ، وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ اَسَدٍ وَّ اَسْوَدَ وَمِنَ الْحَيَّةِ وَ الْعَقْرَبِ وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِى الْبَلَدِ وَ مِنْ وَّالِدٍ وَّ مَا وَلَدَ

(حصن حصين)

ترجمہ: اے زمین! میرا اور تیرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہیں، میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں تیرے شر سے اور جو کچھ تجھ میں پیدا کیا گیا ہے، اس کے شر سے اور جو جانور تجھ پر چلتے ہیں انکے شر سے، اور میں شیر سے، کالے ناگ سے اور ہر سانپ اور بچھو سے اور شہر میں رہنے والوں کے شر سے، ہر باپ اور اسکے بیٹے کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں۔ (پُرنور دعائیں)

سفر میں جب صبح ہو

سفر کے دوران جب صبح کا وقت ہو تو یہ کلمات کہیں:

سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَحُسْنِ بَلَائِهٖ عَلَيْنَا، رَبَّنَا

صَاحِبْنَا وَافْضِلْ عَلَيْنَا عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ. (حصن)

ترجمہ: سننے والے نے اللہ تعالیٰ کی تعریف اور ہم پر اس کے اچھے انعام (کی بات) سنی، اے ہمارے پروردگار! ہمارے ساتھی بن جایئے اور ہم پر فضل فرمایئے (یہ دعا کرتے ہوئے) ہم جہنم سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں۔

سفر میں نماز فجر کے بعد کی دعاء

حضرت ابو بُردہ اپنے والد ماجد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ سفر میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر سے فارغ ہو کر یہ دعا کرتے اور اتنی بلند آواز سے دعا کرتے کہ آپ کے صحابہ بھی سن لیتے تھے، دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ جَعَلْتَهٗ عِصْمَةَ اَمْرِیْ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ جَعَلْتَ فِیْهَا مَعَاشِیْ.

ثلاث مرات

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ آخِرَتِیَ الَّتِیْ اِلَیْهَا مَرْجِعِیْ

ثلاث مرات

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ . اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُ بِكَ

ثلاث مرات

لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ. (عمل الیوم و اللیة)

ترجمہ: اے اللہ! میری دینی حالت درست فرما دیجئے جس کو آپ نے میری سلامتی اور حفاظت کا ذریعہ بنایا ہے، اے اللہ! میری دنیا بھی درست فرما دیجئے، جس کو آپ نے میری زندگی گزارنے کے لئے بنایا ہے۔

یہ دعا تین بار فرماتے

اے اللہ! میری آخرت بھی درست فرما دیجئے جہاں مجھ کو لوٹ کر جانا ہے۔

یہ دعا تین بار فرماتے

اے اللہ! میں آپ کی ناراضگی سے آپ کی رضامندی کی پناہ لیتا ہوں، اے اللہ! میں آپ کی پناہ لیتا ہوں۔

یہ دعا تین بار فرماتے

اے اللہ! جو کچھ آپ عطا فرمائیں، اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جس چیز کو آپ روک دیں، اسے کوئی دینے والا نہیں اور کسی صاحب نصیب کو آپ کے (فیصلہ کے) خلاف اس کا نصیب فائدہ نہیں پہنچا سکتا۔

سفر میں جب دشمن کا خوف ہو

سفر کے دوران اگر کسی وقت چوروں یا ڈاکوؤں یا دشمنوں کا خوف ہو تو

پوری سورہ لِایلاف قریش پڑھیں، اس کا پڑھنا ہر بُری چیز سے حفاظت کا سبب ہے، بعض اکابرؒ کا ارشاد ہے کہ یہ عمل مجرب ہے۔ (حصن حصین)

بعض بزرگوں نے سورہ لِایلاف قریش، آیت الکرسی، قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس تین مرتبہ پڑھنا بتایا ہے۔

سفر میں جب سواری نہ ملے

جب سفر کا ارادہ ہو، لیکن سواری موجود نہ ہو یا دوران سفر کسی جگہ سواری دستیاب نہ ہو تو اس وقت سورہ لِایلاف قریش بار بار پڑھنے سے آسانی سے سواری مل جاتی ہے، یہ عمل مجرب ہے۔

سفر میں جب مدد کی ضرورت ہو

بعض روایات میں یوں ہے جب مدد کی ضرورت ہو (خواہ کسی قسم کی ہو) تو یوں پکاریں:

یَاعِبَادَ اللّٰہِ! اَعِیْنُوْنِیْ . یَاعِبَادَ اللّٰہِ! اَعِیْنُوْنِیْ . یَاعِبَادَ اللّٰہِ! اَعِیْنُوْنِیْ .

ترجمہ: اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو۔

اس کا تجربہ کیا گیا ہے کہ جب کبھی کسی حیرانی و پریشانی کے موقع پر کسی

نے اس طرح آواز لگائی تو اللہ تعالیٰ کا کوئی بندہ ضرور حاضر ہوا (اور اس نے مدد کی اور کام ہو گیا) (حصن حصین)

واضح رہے کہ از روئے حدیث مذکورہ ندا ان فرشتوں کو ہوتی ہے جو وہاں موجود ہوتے ہیں اور پکارنے والے کی مدد کرتے ہیں (حاشیہ حصن بزیادۃ)

سفر میں جب مطلوبہ بستی نظر آئے

جب وہ بستی نظر آئے جس میں جانا ہے تو یہ دعا کریں:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْاَرْضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْنَ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضْلَلْنَ وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ، فَاِنَّا نَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَ خَيْرَ اَهْلِهَا وَ نَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ اَهْلِهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا.

(حصن حصین)

ترجمہ: اے اللہ! جو ساتوں آسمانوں اور ان تمام چیزوں کا رب ہے جو آسمانوں کے نیچے ہیں، اور جو ساتوں زمینوں اور ان سب چیزوں کا رب ہے جو ان کے اوپر ہے، اور جو شیاطین کا اور ان سب کا رب ہے جن کو شیاطین نے گمراہ کیا ہے، اور جو ہواؤں کا اور ان چیزوں کا رب ہے جنہیں ہواؤں نے اُڑا دیا ہے، ہم آپ سے اس بستی کی اور اس میں رہنے والوں کی بھلائی کا سوال کرتے ہیں اور ہم اس بستی کی اور اس میں رہنے والوں کی اور

جو چیزیں اس کے اندر ہیں، ان کی برائی سے آپ کی پناہ مانگتے ہیں۔

جب مطلوبہ بستی میں داخل ہونے لگیں

جب اس بستی یا شہر میں داخل ہونے لگیں جس میں جانا ہے تو تین مرتبہ یہ دعا کریں:

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ

ترجمہ: اے اللہ! آپ اس میں ہمیں برکت عنایت فرمایئے۔

پھر یہ پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاهَا وَحَبِّبْنَا اِلٰى اَهْلِهَا وَحَبِّبْ صَالِحِیْ اَهْلِهَا اِلَيْنَا. (حصن حصین)

ترجمہ: اے اللہ! ہمیں اس بستی کے ثمرات (اور منافع) عطا فرما، اور اس بستی والوں کی نظر میں ہمیں محبوب بنادیجئے، اور اسکے نیک بندوں کو ہمارے لئے محبوب بنادیجئے۔

یہ دعا بھی بہتر ہے:

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ. (پرنور دعائیں)

ترجمہ: اے میرے پروردگار! میں ہر اس بھلائی کا محتاج ہوں جو آپ مجھ پر نازل فرمائیں۔

سفر سے واپسی میں ہر بلندی پر دعاء

واپسی میں جب کسی بلندی پر چڑھیں تو تین مرتبہ تکبیر کہیں اور یہ دعا

پڑھیں:

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ آئِبُوْنَ تَـائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ. (حصن حصین)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے ملک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، ہم واپس ہونے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، سجدہ کرنے والے ہیں، اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں، اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ سچ فرمایا اور اپنے بندہ (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم) کی مدد فرمائی اور (کافروں کے) لشکروں کو تنہا شکست دی۔

سفر سے واپسی میں جب اپنا شہر نظر آئے

جب کوئی شخص سفر سے واپس آئے اور اپنے وطن کی علامتیں نظر آنے لگیں تو یہ کلمات کہیں:

آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ. (حصن حصین)

ترجمہ: ہم سفر سے لوٹنے والے ہیں (گناہوں سے) توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے پروردگار کی حمد و ثنا کرنے والے

ہیں۔
بلکہ مناسب ہے کہ گھر میں داخل ہونے تک مسلسل یہ کلمات کہتے رہیں۔ (پرنور دعائیں)
یہ بھی پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لَنَا بِهَا قَرَارًا وَّ رِزْقًا حَسَنًا

ترجمہ: یا اللہ! اس کو ہمارے لئے قرار وٹھکانہ بنادیجئے اور ہمیں عمدہ رزق عطا فرمایئے۔

سفر سے واپسی پر دو رکعت نماز

جب اپنے شہر میں داخل ہوں تو مسجد میں جائیں اور ممنوع اور مکروہ وقت نہ ہو تو دو رکعت نفل نماز پڑھیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی سنت ہے۔ (آداب السفر)

سفر سے واپسی پر گھر میں داخل ہونے کا ادب

جب دور دراز کے سفر سے بہت دنوں کے بعد گھر میں آئیں تو سنت یہ ہے کہ اچانک رات کو گھر میں داخل نہ ہوں بلکہ پہلے اپنے آنے کی خبر کردیں، اور اگر اہل خانہ آپ کے آنے کے وقت سے پہلے سے باخبر ہوں اور ان کو تمہارے آنے کا انتظار ہو یا مختصر سفر تھا تو رات کے وقت بھی گھر میں

داخل ہونے میں کوئی حرج نہیں، اسی طرح اگر کوئی خاص ضرورت رات ہی میں گھر پہنچنے کی ہو تو بھی کوئی حرج نہیں۔ (آداب السفر)

گھر میں داخل ہونے کی دعاء

سفر سے واپسی پر جب اپنے گھر میں داخل ہونے لگیں تو یہ دعا پڑھیں:

تَوْبًا تَوْبًا، لِرَبِّنَا اَوْبًا لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا

ترجمہ: ہم بہت بہت توبہ کرتے ہیں، اپنے رب کی طرف رجوع کرتے ہیں جو ہمارے اوپر کوئی گناہ نہ چھوڑے۔

اس کے بعد وہ دعا پڑھ لینی چاہئے جو ہمیشہ گھر میں داخل ہوتے وقت مسنون ہے، اور جس کے الفاظ یہ ہیں:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَ خَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَ بِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا.

ترجمہ: اے اللہ میں آپ سے گھر میں داخل ہونے کی بھلائی مانگتا ہوں اور گھر سے باہر نکلنے کی بھلائی مانگتا ہوں، اللہ پاک کے نام سے ہم داخل ہوئے اور اللہ کے نام سے ہی ہم نکلے اور اللہ تعالیٰ پر جو ہمارا پروردگار ہے ہم نے بھروسہ کیا۔

نیز گھر میں داخل ہونے پر یہ دعا بھی مانگ لی جائے تو بہتر ہے، گو اس

موقع پر یہ دعا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں، لیکن یہ دعاء ماثورہ ہے اور اس وقت کے مناسب ہے، لہٰذا اگر اس کو بھی مانگ لیا جائے بلکہ اس کی عادت ڈال لی جائے تو اچھا ہے۔ (پرنوردعائیں بتصرف)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ.

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے معافی مانگتا ہوں اور عافیت مانگتا ہوں اپنے دین کی بھی، دنیا کی بھی، اپنے گھر والوں کی بھی اور مال کی بھی۔

(پرنوردعائیں)

سفر سے واپس آنے والوں سے معانقہ اور مصافحہ کرنا سنت ہے۔

(آداب السفر)

خلاصہ یہ ہے کہ سفر میں آنے جانے کے یہ مسنون اور مستحب اعمال ہیں، ان پر عمل کرنے سے سفر مبارک اور باعث ثواب بن جاتا ہے اور دین و دنیا کی بھلائی حاصل ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق عطا فرمائیں اور ہم سب کی مغفرت فرمائیں اور خاتمہ کامل ایمان پر فرمائیں، آمین۔

بیٹا پیدا ہونے کا عمل

اگر کسی کے یہاں بیٹیاں ہی بیٹیاں ہوں اور اس کے یہاں بیٹا نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے حضرت مولانا انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی بیاض میں ایک عمل لکھا ہے، وہ یہ کہ سورۂ یوسف کو کسی کاغذ پر باریک باریک اس

طرح لکھے کہ اس کے حروف نہ مٹیں اور پھر اس کو موم جامہ کر کے کوئی خاتون اپنے پیٹ پر باندھ لے، جب تک وہ تعویذ اس کے پیٹ پر بندھا رہے گا، انشاءاللہ لڑکا ہی پیدا ہوگا، بعض دوستوں نے اس کا تجربہ کر کے بتایا کہ ہم نے اس کو درست پایا۔

بیٹا پیدا ہونے کا دوسرا عمل

ایک اور عمل مجھے اپنے بزرگوں سے حاصل ہوا ہے، وہ یہ کہ جب کسی کی بیوی امید سے ہو اور اس کی یہ خواہش ہو کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے بیٹا عطا فرما دے تو وہ عورت اپنی شہادت کی انگلی کو اپنی ناف کے ارد گرد گھمائے اور اکتالیس مرتبہ "یا متین" پڑھے اور پڑھنے کے بعد یہ کہے کہ یا اللہ! میرے پیٹ میں جو بچہ ہے، میں نے اس کا نام آپ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر "محمد" رکھ دیا۔ س عمل کی یہ برکت ہے کہ اس سے لڑکا پیدا ہوتا ہے، کیونکہ محمد نام کا لڑکا ہی ہوسکتا ہے، لڑکی نہیں ہوسکتی۔ لیکن یہ سب تدبیریں ہیں، اگر اللہ تعالیٰ چاہیں تو کسی کو ان تدابیر کے اختیار کرنے کے باوجود لڑکی عطا فرمادیں اور کتنے لوگ ایسے ہیں کہ ان کو ان تدبیروں کے بغیر لڑکا عطا فرمادیتے ہیں۔ یہ تدابیر ایسی ہیں جیسی دوا کہ ایک ہی دوا ایک وقت میں کام کرتی ہے اور دوسرے وقت میں کام نہیں کرتی، دو مریض ہیں اور ان دونوں کو ایک ہی بیماری ہے، ایک دوا سے ایک کو صحت حاصل ہو رہی ہے اور

دوسرے کو اس سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو رہا ہے، لہٰذا جس طرح دواؤں کے اثرات ہیں، ان تدابیر کے اندر بھی اثرات ہیں، وہ اثرات دراصل اللہ تعالیٰ کے حکم کے محتاج ہیں، اب آدمی کا کام ہے کہ دوا بھی کرے، تدابیر بھی اختیار کرے اور اس کے ساتھ ساتھ دعا بھی کرے، پھر جو کچھ اللہ تعالیٰ عطا فرمائیں، اس پر راضی رہے۔ اسی کا نام عبدیت اور بندگی ہے۔

رشتے کے لئے مجرب عمل

اسی طرح آجکل ہمارے معاشرے میں بہت سے ماں باپ بچوں کے رشتوں کے سلسلے میں پریشانی کا شکار ہیں، اس کے بارے میں بھی بزرگوں سے ایک مجرب عمل منقول ہے، وہ یہ کہ جس لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہ ہوتا ہو، وہ روزانہ ایک مرتبہ سورۂ مریم پڑھ لیا کرے اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کر لیا کرے کہ یا اللہ! اپنے فضل سے مجھے نیک رشتہ عطا فرما۔ چالیس دن تک یہ عمل کر لے تو انشاء اللہ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے لئے رشتہ عطا فرما دیتے ہیں، اور اگر چالیس دن تک یہ عمل کرنے کے بعد بھی رشتہ نہ ہو تو پھر دوسرا چلہ شروع کر دے، اور اگر اس میں بھی کام نہ ہو تو تیسرا چلہ شروع کر دے، تین چار چلوں کے بعد انشاء اللہ ضرور رشتہ طے ہو جائے گا، تاہم جب تک مقصد پورا نہ ہو، یہ عمل جاری رکھے۔ بہت سے حضرات نے اس کا بھی تجربہ کر کے بتایا کہ انہوں نے اس عمل کو مجرب پایا ہے۔

سب سے بڑا اور اصل وظیفہ تو دعا ہے، بس جس کی نرینہ اولاد نہ ہوتی ہو، وہ گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے، اگر بچوں کے رشتے نہ آتے ہوں تو وہ تنہائی میں دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر گڑگڑا کر دعا کرے اور اس اہم کام کیلئے اس کا معمول بنالے، انشاء اللہ رشتے ضرور ہوجائینگے۔ تاہم یہ سب کام تقدیر کے مطابق ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے جو کام جس وقت کے لئے اور جہاں مقرر کردیا ہے، اس کے مطابق وہ کام ہوتا ہے، لہٰذا دعا کرتا رہے اور تقدیر پر ایمان کو تازہ کرتا رہے، اس سے آدمی کی پریشانی کم ہوتی چلی جاتی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ جائز تدبیر اختیار کرے، دعا کرے اور تقدیر کو یاد کرے اور اس پر راضی رہے، تاخیر میں یا رشتہ وغیرہ نہ ہونے میں یہ سمجھے کہ میرے لئے اس میں کوئی نہ کوئی حکمت اور مصلحت ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ہم کو سنت پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین

حافظہ قوی کرنے والا عمل

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ إِذَا نَسِيتَ (الکہف:۲۳)

اول و آخر ۳/۳ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روزانہ مغرب کی نماز کے بعد ۲۰۰ مرتبہ مذکورہ آیت بلاناغہ پڑھنے سے آہستہ آہستہ حافظہ نہایت قوی ہوجاتا ہے اور بھول کا مرض جاتا رہتا ہے۔

تکلیف دینے والی چیزوں سے بچنے کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم

یہ دعا صبح و شام ۳/۳ مرتبہ پڑھنے سے ہر قسم کی ایذاء دینے والی چیزوں سے پڑھنے والا محفوظ رہتا ہے، نہایت مجرب ہے۔

ہر بیماری کا علاج

روزانہ کسی وقت اعوذ باللہ پڑھ کر ۴۱ مرتبہ سورۂ فاتحہ بسم اللہ کے ساتھ ملا کر پڑھیں اور آخری مرتبہ سورۂ فاتحہ کے ختم پر بھی بسم اللہ پڑھیں اور پھر مریض پر دم کریں یا پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں، انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

آیات شفاء

اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھ کر ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں اور پھر درج ذیل آیات پڑھیں:

- وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ
- وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ
- وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ

❁ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

❁ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ

❁ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ

پھر درج ذیل دعا ایک بار پڑھیں:

❁ اَللّٰهُمَّ مُذْهِبَ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَائُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا

پھر درج ذیل دعا سات بار پڑھیں:

❁ اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيْكَ

نوٹ: مذکورہ بالا آیات اور دعائیں پڑھ کر مریض پر دم کریں انشاء اللہ کیسا ہی مرض ہو، زائل ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے پابندی سے اس پر عمل کریں۔

ہر ذہنی رکاوٹ دور ہونے اور حافظہ قوی کرنیکا مجرب عمل

❁ اول و آخر ۳/۳ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

❁ دوسو مرتبہ یا قوی اور یا علیم پڑھیں۔

❁ تین مرتبہ پوری سورۂ الم نشرح پڑھیں۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ❁ وَ وَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ❁

الَّذِیْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۞ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۞ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۞ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۞ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۞ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۞

۞ تین مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۞ وَیَسِّرْلِیْٓ اَمْرِیْ ۞ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۞ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۞

۞ تین مرتبہ سُبْحَانَكَ لَاعِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ پڑھیں۔

۞ تین مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ پڑھیں۔

اس کے بعد سینے پر دم کریں، ہو سکے تو پانی پر دم کر کے پی لیں، حفظ کرنے والے بچوں اور کند ذہن بچوں کے لئے بھی یہ دم بے حد مفید ہے، انشاء اللہ تعالیٰ

آیات سحر

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَاجِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۔ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ ۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۞ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۞

(یونس: ۸۱/۸۲)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۞ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ
وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۞ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۞ قَالُوْآ
اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ

(اعراف:۱۱۸ تا ۱۲۱)

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَ لَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى

(طٰه:٦٩)

ہدایت: سات کنوؤں کا پانی جمع کر کے آیات بالا کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کیا جائے اور مریض کو اس پانی سے گیارہ روز تک بلا ناغہ غسل دیا جائے، اگر سات کنوؤں کا پانی نہ ملے تو ایک کنویں کے پانی پر دم کر لیں، انشاء اللہ شفا ہوگی، مجرب ہے۔

روزی میں فراخی کا عمل

۱. حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ

مذکورہ بالا کلمہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۱۴۱ مرتبہ پڑھیں، اور یہ عمل روزانہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان پڑھیں، ورنہ سورج نکلنے سے پہلے پڑھیں، اس وقت بھی نہ پڑھ سکیں تو دن میں کسی بھی وقت پڑھ لیں، ناغہ نہ کریں۔

۲. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ الْعَظِيْمِ

مذکورہ کلمہ سو سو مرتبہ صبح و شام پڑھا کریں۔

۳. یَا وَھَّابُ یَا مُغْنِیُ

مذکورہ کلمے روزانہ عشاء کی نماز کے بعد گیارہ سو گیارہ مرتبہ پابندی سے پڑھیں، اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ان معمولات کی پابندی سے انشاء اللہ تعالیٰ معاشی تنگی دور ہوگی اور روزی میں غیر معمولی فراخی نصیب ہوگی، صبر و تحمل کے ساتھ پابندی سے پڑھتے رہیں اور روزی کے ظاہری اور جائز اسباب اختیار کرنے کی بھی بھرپور کوشش کرتے رہیں، انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

پریشانی دور ہونے کا عمل

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر درج ذیل کلمات پڑھیں:

ا۔ ۵۰۰ مرتبہ آیت کریمہ پڑھیں، آیت یہ ہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

(سورة الانبياء:۸۷)

۲۔ ۵۰۰ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ پڑھیں۔

۳۔ ۵۰۰ مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھیں۔

اس کے بعد گڑگڑا کر دعا کریں، نیز روزانہ کسی وقت دو رکعت نفل

حاجت کی پڑھ لیا کریں اور اس کے بعد دل سے دعا کیا کریں، اور پریشانی دور ہونے تک روزانہ مذکورہ عمل کرتے رہیں اور اوپر لکھا ہوا کلمہ نمبر۲ چلتے پھرتے زبان پر رکھیں اور دل ہی دل میں گڑگڑا کر دعا کرتے رہیں، ہر پریشانی دور ہونے کا یہ بہت مفید اور مجرب عمل ہے۔

روزی میں خیر و برکت کا مجرب عمل

۱۔ روزانہ صبح و شام سو سو مرتبہ یہ تسبیح پڑھیں۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

۲۔ روزانہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ورنہ فجر کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۳۴۱ مرتبہ یہ پڑھیں۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ

۳۔ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد قبلہ کی طرف منہ کر کے اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۷ مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ

پھر گڑگڑا کر خوب دعا کریں، کبھی مصروفیت زیادہ ہو تو کچھ کم پڑھ لیا کریں، ناغہ نہ کریں اور ہمیشہ کے لئے معمول بنا لیں۔

امتحان میں کامیابی کا عمل

۱) رات کو سوتے وقت اول و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درود شریف

پڑھیں، اور درمیان میں ۲۰۰ رمرتبہ یا علیم پڑھیں۔

۲) صبح پرچہ شروع کرنے سے پہلے گیارہ مرتبہ یہ دعا کریں:

رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَيْرِ (آمین)

شروع میں ایک بار بسم اللہ بھی ضرور پڑھیں اور اپنے اوپر دم کرلیں اور پرچہ لکھنا شروع کردیں۔

۳) پرچہ کے ختم پر ذیل کی دعا پڑھ کر پرچہ دیدیں:

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، اَنْتَ رَبِّيْ اَنْتَ حَسْبِيْ اَنْتَ رَبِّيْ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ.

انشاءاللہ تعالیٰ پرچہ اچھا ہوگا اور امتحان میں کامیابی ہوگی۔

ہر بیماری و پریشانی کے لیے

- اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَاءٍ

- اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الطَّاهِرِ الزَّكِيِّ صَلٰوةً تُحَلُّ بِهَا الْعُقَدُ وَتُفَكُّ بِهَا الْكُرَبُ

مذکورہ بالا درود شریف ہر بیماری و پریشانی میں بکثرت پڑھتے رہیں۔

تلاش گمشدہ کے لئے

اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ﴿يَا حَفِيْظُ﴾ ۱۹۰ رمرتبہ

پڑھیں اور اس کے بعد ۱۹۰ مرتبہ یہ آیت پڑھیں:

يَابُنَيَّ اِنَّهَا اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللّٰهُ

اور یہ دعا بکثرت پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ رَادَّ الضَّالَّةِ وَهَادِيَ الضَّلَالَةِ اَنْتَ تَهْدِيْ مِنَ الضَّلَالَةِ اُرْدُدْ عَلَيَّ ضَالَّتِيْ بِقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ

پھر دعا کریں۔ روزانہ کسی وقت یہ عمل کریں۔

قبولیت دعاء کے لئے

يَاحَلِيْمُ . يَا عَلِيْمُ . يَاعَلِيُّ . يَاحَاضِرُ . يَاحَيُّ . يَاقَيُّوْمُ . يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

جو شخص حق تعالیٰ کے مذکورہ اسماء گرامی لے کر دعا مانگے تو ان اسماء کی برکت سے اس کی دعا قبول ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

حج وعمرہ کے لئے دوبارہ حاضری

اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَادُّكَ اِلٰى مَعَادٍ

جو شخص خانہ کعبہ کی دیوار یا مسجد نبوی کی قبلہ والی دیوار پر انگلی کے ذریعہ مذکورہ آیت لکھ دے تو بفضلہٖ تعالیٰ اس کو دوبارہ حاضری نصیب ہو جاتی

ہے (مجرب ہے)

نیک رشتے کے لئے

بچے بچیوں کے نیک رشتے حاصل ہونے کے لئے روزانہ درج ذیل تمام معمولات یا ان میں سے کوئی سے دو یا ایک عمل پابندی سے کریں، انشاء اللہ تعالیٰ جلد نیک رشتہ ملے گا۔

۱۔ روزانہ کسی وقت ایک مرتبہ سورہ مریم پڑھ لیا کریں۔

۲۔ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۞

روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ایک جگہ مقرر کر کے ۱۷ر مرتبہ مذکورہ بالا آیت بسم اللہ کے ساتھ پڑھیں۔

۳۔ اول و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دن میں ۳۰۰ر سو مرتبہ ﴿يَا اللّٰهُ. يَا رَحْمٰنُ. يَا رَحِيْمُ﴾ پڑھیں۔

۴۔ کسی وقت ۳۱۳ر مرتبہ ﴿يَا لَطِيْفُ يَا بَاسِطُ﴾ پڑھیں۔ پھر خوب توجہ سے دعا کریں۔

نئے مکان میں جانے کا عمل

۱۔ نئے مکان میں منتقل ہونے سے پہلے اس مکان میں درج ذیل

سورتیں پڑھیں۔

سورة البقرة ایک مرتبہ پڑھیں۔

سورة الفتح ایک مرتبہ پڑھیں۔

سورہ محمّد ایک مرتبہ پڑھیں۔

آیة الکرسی سات مرتبہ پڑھیں۔

سورة الفلق سات مرتبہ پڑھیں۔

سورة الناس سات مرتبہ پڑھیں۔

اور پانی پر دم کر کے مکان میں ہلکا ہلکا پانی چھڑک دیں۔

۲۔ نئے مکان میں پیر یا بدھ کے دن منتقل ہوں اور جاتے ہی شکرانے کے دو نفل ادا کریں۔

آنکھوں کی جملہ تکالیف اور بینائی بڑھانے کیلئے

ہر نماز کے بعد ایک ایک مرتبہ چاروں قل پڑھیں، پھر گیارہ گیارہ مرتبہ ﴿یَانُوْرُ یَا بَصِیْرُ﴾ پڑھیں، پھر درج ذیل آیت گیارہ مرتبہ، ورنہ کم از کم تین مرتبہ پڑھیں اور شہادت کی دونوں انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیں، مجرب ہے۔ آیت یہ ہے:

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاۤءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ

سحر و آسیب کے لئے

۱۔ ۷/مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں۔

۲۔ ۷ مرتبہ سورۂ فلق پڑھیں۔

۳۔ ۷ مرتبہ سورۂ ناس پڑھیں۔

اور پانی پر دم کریں اور جس پر جن یا جادو کا اثر ہو، اس پر بھی دم کریں اور مریض پر یہ دم صبح و شام کریں، دم کیا ہوا پانی صبح، دوپہر اور شام پلائیں، ہلکا ہلکا مریض پر چھڑک بھی دیا کریں اور جس گھر میں اثر ہو وہاں بھی ہلکا ہلکا چھڑک دیا کریں، اکیس روز تک برابر یہ عمل کریں، ضرورت ہو تو مزید جاری رکھیں، انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

ادائے قرض کی دعاء

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

فجر کی نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں ستر مرتبہ مذکورہ کلمہ پڑھیں اور ادائے قرض کی دعا کریں۔ قرضے کی ادائیگی تک اسکا معمول رکھیں، انشاء اللہ تعالیٰ بآسانی قرضہ ادا ہو جائے گا۔

تَمَّتْ بالخیر

میمن اسلامک پبلشرز

